"تم خوبصورت ہو تو پھر اس بیہودگی کی کیا ضرورت؟"

اس کی آواز اتنی مدھم تھی کہ بمشکل خود سن پایا۔

وہ تاسف سے عدن کے چہرے کو دیکھ رہا تھا جہاں ایک نہیں ہزاروں رنگ تھے۔

"میں جو کروں گا تم یاد رکھوں گی عدن خان۔"

وہ جیسے خود کو یاد دہانی کروا رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حسنین نے باکس اٹھایا اور چیزیں اس میں رکھنے لگا۔ سب سے آخر میں اس نے عدن کی وہ تصویر رکھی جو آج کے شو کی تھی ایوارڈ وصول کرتے ہوئے۔

حسنین تلخی سے مسکرانے لگا اور باکس بند کر دیا۔

اسے سوچ سمجھ کر دھیرے چلنا تھا کچھوے کی چال کی مانند تبھی وہ اپنی منزل پر پہنچ پاتا۔

لائٹ آف کر کے وہ تکیے پر سر رکھ کر لیٹ گیا۔

دماغ میں عدن اور اس سے جڑی چیزیں گردش کر رہی تھیں۔ آج کل اس کی سوچوں کا محور یہی ایک شخصیت تھی کیونکہ اس کے علاوہ کسی کو سوچنے کے لیے اس کے پاس وقت نہیں تھا۔

اپنے خیالات کو جھٹک کر اس نے دائیں کروٹ لے کر آنکھیں بند کر لیں۔

~~~~~~~~

وہ باورچی خانے سے نکل کر راہداری میں چلنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

دماغ ہمیشہ کی مانند الجھا ہوا تھا۔

کمرے کا دروازہ لاک کر کے اس نے اپنا بیگ اٹھایا اور زمین پر الٹ دیا۔

وہ خود بھی زمین پر بیٹھ گئی۔

ایک لحظے کے لئے اس کے دماغ میں انیب کا جھماکا ہوا۔

"پاگل انسان۔"

منال ابھی تک اس کی گاڑی کا ہارن بھولی نہیں تھی۔

یہ تصویریں کس کی ہو سکتی ہیں؟ اور یہ خط؟ اور اس " کے مٹے ہوئے الفاظ؟"

وہ ان چیزوں کو دیکھتے ہوئے بول رہی تھی۔

ماما وہاں رہتی تھی لیکن کوئی اور بھی تھا ان کے ساتھ۔ " شاید خالہ یا ماموں؟"

وہ تانے بانے جوڑ رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"منال؟"

فیصل صاحب کی آواز پر وہ ہڑبڑا گئی۔

جلدی سے سارا سامان بیگ میں ڈالا اور اسے صوفے پر رکھ کر دروازے کے پاس آ گئی۔

"جی پاپا؟"

وہ سوالیہ نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

بیٹا ایک کیس کے سلسلے میں مجھے شہر سے باہر جانا " ہے۔

اب آپ کی ماما بھی نہیں ہیں تو آپ کو اکیلے کیسے چھوڑ "جاؤں؟

وہ سوالیہ نشان بنے کھڑے تھے۔

"پاپا آپ جائیں میں رہ لوں گی۔"

وہ پھیکا سا مسکرائی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"لیکن میرا دل نہیں مان رہا۔ سوچ رہا ہوں خالہ کو بلا لوں۔"

وہ اجازت طلب نظروں سے دیکھتے ہوئے بولے۔

"جیسے آپ کو بہتر لگے۔"

اس نے بحث کرنا مناسب نہیں سمجھا۔

"چلو ٹھیک ہے میں بات کرتا ہوں۔"

وہ ہلکے پھلکے ہو کر چل دئیے۔

منال سانس خارج کرتی بیڈ پر بیٹھ گئی۔

عجیب کیفیت میں مبتلا تھی وہ۔

اس کا دل اچاٹ ہو چکا تھا۔ کچھ دیر قبل والی تجسس اب مانند پڑ چکا تھا۔

وہ کروٹ لے کر بیڈ پر لیٹ گئی۔

آنکھیں نمکین پانیوں سے لبریز ہو چکی تھیں۔ وہ رونا نہیں چاہتی تھی لیکن ضبط کے باوجود اشک بہہ نکلے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

~~~~~~~~~~

عدن گارڈز کے وسط میں چلتی ہوئی آ رہی تھی۔

چہرے پر دلکش مسکراہٹ احاطہ کئے ہوئے تھی۔ آنکھوں سے غرور چھلک رہا تھا۔

مداح اس کی ایک تصویر کے لئے بے تاب تھے۔

آگے پیچھے دائیں بائیں ہر سمت سے آوازیں آرہی تھیں لیکن وہ صرف ایک مسکراہٹ اچھالتی چلی جا رہی تھی۔

اس کے ساتھ ایک میل ایکٹر بھی تھا جس کا حال عدن سے کچھ مختلف نہ تھا۔

یہ ایک پبلک پلیس تھی جہاں وہ دونوں ایک شوٹ کے لئے آئے تھے اور اب واپس جا رہے تھے۔

"کونگراچولیشن عدن خان۔"

حسن خوشدلی سے بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

"تھینک یو۔"

وہ ہلکا سا مسکرائی۔

"ویل میں جانتا تھا یہ فلم تمہیں ہی ملے گی۔"

وہ گاڑی میں بیٹھتا ہوا بولا۔

عدن نے سیاہ رنگ کے گاگلز لگا رکھے تھے جو اس کی دودھیا رنگت کو مزید نکھار رہے تھے۔

"پرفارمنس پر منحصر کرتا ہے۔ میں ڈیذرو کرتی ہوں یہ۔"

وہ تفاخر سے بولی۔

ہاں اس میں تو کوئی شک نہیں۔ تمہارے ساتھ کام کر کے "اچھا لگا۔"

عدن بھی اس کے ساتھ بیٹھ چکی تھی۔

"مجھے بھی۔"

وہ کہتے ہوئے فون پر انگلیاں چلانے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"شہری تم آج بھی بھیجو گے یا نہیں؟"

عدن خفا تھی۔

یس یس میری جان آج وہ آ رہا ہے۔ تم نہ بھی کہتی تو میں " "نے بھیج دینا تھا۔

وہ اپنی خفت مٹانے کو بولا۔

"مہربانی۔"

وہ جل کر بولی۔

دوسری جانب اسے شہری کے قہقہے سنائی دے رہے تھے۔

اس نے نفی میں سر ہلاتے ہوئے فون بند کر دیا۔

عدن شہری کے آفس میں بیٹھی تھی۔ اس وقت وہ سائکیٹرسٹ کا انتظار کر رہی تھی۔

عدن گلوب کو میز پر گھما رہی تھی جب دروازے کھلا اور ایک نوجوان اندر داخل ہوا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے گردن گھما کر آنے والی شخصیت کو دیکھا۔

پل بھر کے لئے اسے حیرانی ہوئی لیکن پھر شہری کا خیال آیا تو نارمل ہو گئی۔

"ہیلو میم!"

وہ اپنی شہد رنگ کی آنکھیں اس پر گاڑھتا ہوا بولا۔

عدن نے صرف مسکرانے پر اکتفا کیا۔

"مجھے شہری سر نے بھیجا ہے اور امید ہے انہوں نے آپ کو بتایا ہو گا کہ آپ بات ادھوری چھوڑ کر نہیں جا سکتی جب تک مکمل نہ ہو جائے۔"

وہ بریف کیس میز پر رکھ کر عدن کے سامنے والی کرسی پر بیٹھ گیا۔

"اوکے میں بیٹھی ہوں یہیں۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ٹانگ پے ٹانگ چڑھاتی ہوئی بولی۔

حسنین نے ایک بھرپور نظر اس پر ڈالی۔

سفید رنگ کی ٹی شرٹ کے ساتھ سیاہ رنگ کی جینز جو کہ جگہ جگہ سے پھٹی ہوئی تھی آج کل کے فیشن کے مطابق۔ بال کھول کر شانوں پر ڈال رکھے تھے۔ چہرہ نفاست سے کئے گئے میک اپ سے دمک رہا تھا۔ اس پر اس کا مغرورانہ انداز اس کی شخصیت کو چار چاند لگا دیتا۔

وہ مقابل کو مرعوب کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی تھی۔ حسنین نے جھرجھری لی۔

وقت کا تعین آپ کریں۔ لیکن خیال رہے ایک منٹ پہلے بھی " آپ سکپ نہیں کر سکتیں۔"

وہ تنبیہ کرتی نگاہوں سے دیکھتا ہوا بولا۔

"اوکے بیس منٹ ہیں سٹارٹ کرو اب۔"

وہ شاید جلد از جلد اپنی الجھن سی چھٹکارا چاہتی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جو بھی سوال ہوں گے جیسے بھی ہوں گے آپ کو جواب " دینا پڑے گا۔"

وہ اس کی سیاہ آنکھوں میں جھانکتا ہوا بولا۔

"اوکے۔"

وہ بیزاری سے بولی۔

"زندگی یا موت؟"

وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتا ہوا بولا۔

"زندگی۔"

اس کی آنکھیں کسی بھی تاثر سے پاک تھیں۔

"دنیا یا آخرت؟"

اگلا سوال داغا۔

"دنیا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے بنا کسی جھجھک کے کہا۔

" سوچو اگر کسی شوٹنگ کے دوران تمہاری گاڑی تباہ ہو جائے یا کسی گہری کھائی میں گر جائے پھر؟"

اس کی بات پر عدن کی آنکھوں میں الجھن دکھائی دی جس کی جگہ بعد میں خوف نے لے لی۔

" واٹ ربش! یہ کیا فضول بکواس ہے نکلو یہاں سے ابھی کہ ابھی....."

وہ حلق کے بل چلائی۔

" تم نے بیس منٹ دئیے تھے اور ابھی میرا وقت ختم نہیں ہوا اس لئے میں کہیں نہیں جا رہا۔ اور اگر تم نے جانے کی کوشش کی تو؟"

وہ رک کر اسے دیکھنے لگا۔

آنکھوں میں تنبیہ تھی۔

اس کی روشن پیشانی پر ننھی ننھی پسینے کی بوندیں نمایاں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھیں۔

"تمہارے لئے سب سے اہم کیا ہے؟"

وہ پھر سے اس کی آنکھوں میں جھانکنے لگا۔

"میرا کیریئر۔"

وہ سنبھل کر بولی۔

" اللہ کے لئے کیریئر کو چھوڑ سکتی ہو یا کیرئیر کے لئے اللہ کو؟"

وہ تیز تیز بول رہا تھا مانو وقت بہت کم ہو۔

"میں کیریئر کو چوز کروں گی۔"

وہ نڈر سی بولی۔

"زندگی کیا ہے؟"

وہ آبرو اچکا کر بولا۔

" ....خوشی کے لمحے یا پھر موج مستی"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ مزید بولنا چاہتی تھی لیکن اسنے اگلا سوال داغ دیا۔

"اور موت؟"

وہ یکدم گھبرا گئی۔

شاید وہ اسے پاگل کرنا چاہتا تھا۔

"....خواہشات کا خاتمہ"

وہ ناسمجھی سے بولی۔

"اس شوبز کی زندگی میں خوشی ہے؟"

حسنین تاسف سے بولا۔

"خوشی تو شاید کہیں بھی نہیں ہے۔"

وہ یکدم مایوس ہوئی۔

"مسلمان ہو؟"

اس کے چہرے پر بلا کی سنجیدگی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عدن نے لمحہ بھر کو اس کی شہد رنگ کی آنکھوں میں دیکھا پھر رخ موڑ گئی۔

"ہاں۔"

آہستہ سے جواب آیا۔

"کلمہ یاد ہے؟"

وہ جیسے مذاق بنا رہا تھا۔

"تم حد پار کر رہے ہو۔ میں نے اس لیے نہیں بلایا تمہیں۔"

عدن برہمی سے چلائی۔

"پھر کھونے سے ڈرتی ہو؟ جانتی ہو کھونا کیا ہے؟"

وہ اسے نظروں کے حصار میں لیتا ہوا بولا۔

بےساختہ عدن اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگی۔

"پانے کے بعد کھونا یا پھر؟"

وہ خود ہی الجھ گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیا تم نے پایا تھا اسے؟"

وہ ہلکا سا مسکرایا۔

بلاشبہ اس کی مسکراہٹ سحر انگیز تھی۔

"نہیں۔"

وہ نادم ہو گئی۔

"جب پایا ہی نہیں پھر کھونے کا ملال کیسا؟"

وہ کرخت لہجے میں بولا۔

"لیکن میں اس کے بغیر کیسے؟"

وہ بولتی ہوئی خاموش ہو گئی۔

" چیزوں کو ڈسکور کرو جن چیزوں کو تم نے کبھی دیکھا نہیں جنہیں جانا نہیں؟ میرے سوال فضول نہیں ہیں انہیں سوچنا فراغت میں۔ آن چیزوں کی طرف آؤ جن کو کبھی سوچنے کی زحمت نہیں کی"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کہتا ہوا کھڑا ہو گیا۔

اپنا بریف کیس اٹھایا اور عدن کو دیکھے بنا باہر نکل گیا۔

عدن نے بازو پر بندھی واچ پر نظر ڈالی۔

ابھی بیس منٹ پورے نہیں ہوئے تھے اور وہ چلا گیا۔ عدن کو نئی سوچ میں مبتلا کر کے۔

"کن چیزوں کو ڈسکور کرنے کی بات کر رہا تھا وہ؟"

وہ الجھ کر سوچنے لگی۔

وہ کیا کرنے کی کوشش کر رہا تھا؟ کبھی مرنے کی باتیں " تو کبھی اللہ کے متعلق؟"

وہ جتنا سوچتی اتنا الجھتی جاتی۔

"میرے پاس وقت نہیں ہے ان چیزوں کو سوچنے کا۔"

وہ اپنے خیالات کو جھٹکتی کھڑی ہو گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"....کل سیٹ پر بھی جانا ہے اور"

وہ اپنا شیڈول یاد کرتی ہوئی چلنے لگی۔

اگر اس نے عدن کا دھیان ہٹانے کے لیے ایسی باتیں کیں تھیں تو بلاشبہ وہ کامیاب ہو چکا تھا اس کا دھیان اب شاہد کی جانب نہیں تھا۔

~~~~~~~~~~

"فیضی آخر کب تمہارا یہ پاگل پن ختم ہو گا؟"

عزہ برداشت کی آخری حدوں کو چھوتی ہوئی بولی۔

"میری غیرموجودگی میں شہری کیوں آیا تھا یہاں؟"

وہ عزہ کی بازو پر گرفت مضبوط کرتا ہوا غرایا۔

"گولی مار دو پھر مجھے اگر وہ آیا تھا تو۔"

عزہ اشک بہاتی ہوئی بولی۔

دائیں رخسار پر فیضی کی انگلیوں کے نشان ثبت ہو چکے تھے۔ فیضی کے تھپڑ کے باعث اس کا رخسار سرخ ہو رہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

تھا۔

"سچ سچ بتا دو کیا چل رہا ہے تم دونوں کے بیچ؟"

وہ عزہ کا منہ دبوچتا ہوا بولا۔

"چھوڑو مج مجھے جاہل انسان۔"

وہ اپنا منہ آزاد کرواتی ہوئی بولی۔

فیضی اسے جھٹکے سے دور کر کے ٹہلنے لگا۔

عزہ بےبسی سے اپنے ہاتھوں کو گھورنے لگی۔

نجانے کیا لکھا ہے ان لکیروں میں۔ محبت کی اتنی بھیانک " "سزا ملے گی کبھی سوچا نہیں تھا۔

وہ اتنا آہستہ بول رہی تھی کہ فیضی سن نہ سکا۔

کسی دن تم مار کھاؤ گی مجھ سے سدھر جاؤ آخری بار کہہ " "رہا ہوں۔

اس کی آنکھوں میں تنبیہ تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں تم جیسے انسان کو نہیں سمجھا سکتی وہ اسکرپٹ " لینے آیا تھا کیونکہ تم نے کہا تھا کہ چیک کرنا۔"

عزہ کچھ دیر قبل کہی جانے والی بات پھر سے دہرانے لگی۔

"بکواس کرتی ہو تم۔"

فیضی بڑبڑاتا ہوا باہر نکل گیا۔

عزہ اوندھے منہ بیڈ پر گر گئی۔

"یہ آزمائش شاید میری جان لے کر ہی ختم ہو گی۔"

وہ بےبسی سے بولی۔

کسی بھی انسان یا چیز کا انتخاب کرنے سے پہلے اچھے سے سوچ لینا چاہیے کیونکہ ایک بار آپ آگے نکل جائیں تو واپس مڑنا ممکن نہیں۔ پھر کانٹے بھی دکھائی دیں تو چلنا پڑتا ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سوائے کراہنے اور آنسو بہانے کے کچھ بھی ہاتھ میں نہیں رہتا۔ عزہ بھی ایک ایسی ہی سزا کاٹ رہی تھی۔ محبت کی شادی کی تاکہ فیضی کے ساتھ ایک خوشگوار زندگی بسر کر سکے لیکن زندگی ایسا موڑ لے گی اسے اندازہ تک نہ تھا۔ آج نہ وہ واپس جا سکتی تھی نہ اس آزمائش سے بھاگ سکتی تھی۔ صرف برداشت کرسکتی تھی اور وہی کر رہی تھی۔

~~~~~~~~~~

عدن آئینے میں اپنا عکس دیکھ رہی تھی۔

میڈی اس کا میک اپ آرٹسٹ میک اپ کرنے میں مصروف تھا۔

"میڈی اور کتنا ٹائم لو گے؟"

وہ بیزاری سے بولی۔

"بس ہو گیا دو منٹ صبر کر لو۔"

وہ فائنل ٹچ دیتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

"ہاں اب ٹھیک ہے۔"

وہ آخری نظر ڈالتا ہوا بولا۔

عدن خود کو دیکھتی آٹھ گئی۔

سین ریڈی تھا۔ سب عدن کے منتظر تھے۔

"تو بلآخر تمہیں میری محبت کا یقین آ ہی گیا۔"

ہیرو عدن کو اپنے قریب کرتا ہوا بولا۔

"زیادہ خوش ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔"

عدن اس کی ناک کو چھیڑتی ہوئی نزاکت سے بولی۔

"جہاں اتنا وقت تمہارا انتظار کیا کچھ وقت اور سہی۔"

وہ ہلکا سا مسکرایا۔

"کٹ۔"

ڈائریکٹر کی آواز پر سین کٹ ہوا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عدن دو قدم پیچھے ہوئی۔

تم لائنز پھر سے بھول گئے ہو؟ میں تمہارا منتظر رہوں گا "
"جیسے کل رہتا تھا۔ یہ لائن تھی۔

وہ سکرپٹ ہاتھ میں لئے بولا۔

"اوہ۔"

وہ کہتا ہوا سکرپٹ دیکھنے لگا۔

میڈی عدن کے بال درست کرنے لگا۔

عدن اس وقت پنک کلر کے بلاؤز کے ساتھ سکرٹ پہنے ہوئے تھی جس میں سے اس کے پیٹ کا کچھ حصہ اور کمر کا کچھ حصہ دکھائی دے رہا تھا۔ آستین سرے سے موجود ہی نہیں تھے۔

میڈی کا ہاتھ اب عدن کا گلا درست کر رہا تھا۔ وہ بال کان کے پیچھے اڑستی اپنی لائنز یاد کر رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہری سین ختم ہونے کا منتظر تھا۔

اس کو دیکھتے ہی عدن کے لب مسکرانے لگے۔

"ہائے بیسٹی؟"

عدن اس کے گلے لگتی ہوئی بولی۔

"کیسی ہو؟"

اس کی آواز میں فکر نمایاں تھی۔

"....دیکھو بلکل فٹ ہوں میں لیکن کل"

وہ بول رہی تھی جب شہری نے اسے ٹوک دیا۔

" یار بہت اچھے ڈاکٹر سے میں نے ڈسکس کیا تھا تمہارے بارے میں۔ لیکن کل وہ آ نہیں سکے آئم سوری؟"

وہ ندامت سے بول رہا تھا۔

"پھر وہ کون تھا؟"

عدن کا سوال خود سے تھا۔

اس کی آنکھوں کے سامنے اس کی شہد رنگ کی آنکھیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گھوم گئیں۔

"شہری آخر یہ سب ہو کیا رہا ہے میرے ساتھ؟"

وہ گاڑی میں بیٹھتی ہوئی بولی۔

"یار مجھے خود سمجھ میں نہیں آ رہا؟"

وہ ڈرائیونگ سیٹ سنبھالتا ہوا بولا۔

وہ پیشانی مسلتی شیشے سے پار دیکھنے لگی۔

"شاہد کی کوئی خبر؟"

کافی دیر بعد عدن کی آواز نے خاموشی کو توڑا۔

ہاں نیو سانگ کے لیے انڈیا گیا ہے کچھ دن تک آ جائے "
"گا۔

شہری کی نظریں سامنے سڑک پر تھیں۔

عدن نے کوئی جواب نہیں دیا۔

ایک خلش تھی جسے وہ چاہ کر بھی پر نہیں کر پا رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"یار فیضی کا دماغ خراب ہے عزہ کی کال آئی تھی مجھے رو رہی تھی وہ۔"

شہری کو یکدم عزہ کی فکر ستانے لگی۔

"میں نے بہت بار عزہ کو بولا ہے کہ الگ ہو جائے کیا فائدہ ایسے رشتے کا۔"

وہ بولتی ہوئی خاموش ہو گئی۔

بعض اوقات چیزیں ہمارے حق میں ہوتی ہیں لیکن ہم انہیں سمجھ نہیں پاتے اور اپنے ساتھ نا انصافی قرار دیتے ہیں۔

"تو کیا شاہد سے میرا الگ ہونا ہی بہتر تھا؟"

وہ خود سے مخاطب تھی۔

"ہاں شاید ایسا ہی ہے۔"

وہ خود کلامی کر رہی تھی۔

"میں نے بھی اسے یہی کہا ہے کہ ڈائیورس لے اور ختم

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کرے یہ سب۔

وہ اپنی ہی رو میں بولتا چلا جا رہا تھا۔

"اب کرتے ہیں اس کا بھی کچھ۔"

وہ بےتاثر چہرے سے دیکھتی ہوئی بولی۔

~~~~~~~~~~

منال اپنی سیٹ کی پشت سے سر ٹکائے آنکھیں موندے ہوئے تھی۔

اس کے ساتھ والی نشست پر آ کر کون بیٹھا وہ انجان تھی۔ نہ ہی اس نے جاننے کی سعی کی۔ زندگی ایک عجیب راہ پر چل پڑی تھی جسے وہ خود بھی سمجھنے سے قاصر تھی۔

خرابی صحت کے باعث فیصل صاحب کی خالہ پاکستان نہیں آ سکتی تھی اور اب منال ان کے پاس جا رہی تھی۔ اس کی منزل آسٹریا تھی فلحال کے لیے۔

ساتھ بیٹھی شخصیت کے چہرے پر خوشی کی تاثرات تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

مانو سفر میں ہم سفر مل گیا ہو۔

"آہم آہم۔"

اس نے گلا کھنکار کر منال کو اپنی جانب متوجہ کرنا چاہا۔

"مس احسان فراموش۔"

یہ آواز منال کیسے نہ پہچان پاتی۔ جس انسان نے اسے حد سے زیادہ زچ کیا تھا اسے وہ کیسے بھول سکتی تھی؟

"تم؟"

وہ جھٹکا کھا کر سیدھی ہوئی۔

"مطلب مجھے پہچان لیا ہے۔"

وہ مسرور سا بولا۔ چہرے پر دلکش مسکراہٹ احاطہ کئے ہوئے تھی۔

"بلکل بھی نہیں۔"

وہ بےرخی سے کہتی رخ موڑ گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تھوڑا سا بھی نہیں؟"

وہ بولتا ہوا آگے ہوا۔

"اتنا سا بھی نہیں۔"

وہ انگلی سے اشارہ کرتی کھا جانے والی نظروں سے گھورتی ہوئی بولی۔

" بلکل تھوڑا سا تو یاد ہوں گا آخر میں تمہیں اس جن والی حویلی میں لے کر گیا پھر صحیح سلامت واپس لے کر آیا۔ "ایک ٹریٹ نہ ہی پیارا سا تھینک یو تو بنتا تھا۔

موقع ملتے ہی وہ گلا کر گیا۔

وہ آنکھیں چھوٹی کیے اسے گھور رہی تھی جس کی بک بک شروع ہو چکی تھی۔

" اگر تم زندہ جانا چاہتے ہو نہ تو اپنی یہ فضول قسم کی زبان بند رکھو۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

منال انگلی اس کے سینے پر رکھتی فاصلہ بڑھاتی ہوئی بولی۔

انیب نے نگاہیں جھکا کر منال کی انگلی کو دیکھا پھر مسکرانے لگا۔

"علاوہ ازیں اور کون سی قسم ہوتی ہے زبان کی؟ قسم سے میری ٹیچر نے مجھے نہیں پڑھایا یہ۔"

جتنی معصومیت سے اس نے پوچھا منال کا دل چاہ رہا تھا کسی دیوار میں اپنا سر دے مارے۔

"تم میرا تعاقب کیوں کر رہے ہو یہ بتاؤ؟"

وہ خود پر قابو پاتی ہوئی بولی۔

سرخ و سپید رنگت حجاب میں دمک رہی تھی۔

انیب کو اسے دیکھ کر ایک سکون سا محسوس ہوتا۔

وہ انہماک سے اسے سن رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

منال کی بات پر وہ برا مان گیا۔

"پاگل لڑکی تعاقب چھپ کر کرتے ہیں سرے عام نہیں۔"

وہ سر پر ہاتھ مار کر اس کی عقل پر ماتم کرتا ہوا بولا۔

"تم میری جان کے پیچھے کیوں پڑے ہو؟"

وہ دانت پیستی ہوئی بولی۔

وہ چہرہ اوپر اٹھائے سوچنے لگا۔

"ہر بات کی کوئی وجہ نہیں ہوتی اس کی بھی نہیں ہے۔"

وہ نہایت ہلکے پھلکے انداز میں اس کے ہمراہ محو گفتگو تھا۔

وہ سر جھٹک کر باہر دیکھنے لگی۔

"ویسے مجھے زبان کی قسمیں نہیں بتائیں تم نے۔"

اب کہ اس کا انداز کچھ کچھ خفا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اپنی بکواس بند رکھو۔"

اس کے چہرے پر بلا کی سختی تھی۔

وہ خواہ مخواہ اس کی زندگی میں دخل اندازی کر رہا تھا اور منال نارمل حالات سے گزر رہی ہوتی تو شاید اس کا رد عمل اتنا برا نہ ہوتا۔

سفر شروع ہو چکا تھا۔

جہاز اپنی پروان چڑھتا آگے بڑھ رہا تھا۔

یہ چند لمحے انیب کیسے خاموش رہا وہی جانتا تھا۔

"مووی دیکھیں؟ میری پاس ساری نئی موویز ہیں۔"

آخر اس کا صبر جواب دے ہی گیا۔

وہ منال کی جانب دانتوں کی نمائش کرتا ہوا بولا۔

"ایک کام کرو گے؟"

اس کے چہرے پر بلا کی سنجیدگی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ہاں لیکن پہلے بتاؤ؟"

وہ خوش ہو گیا۔

خدا کے لئے اس جہاز سے چھلانگ لگا دو میرے ساتھ " "ساتھ بہت سے لوگوں کی زندگی محفوظ ہو جائے گی۔

وہ جو پرجوش ہو کر اس کی بات سن رہا تھا اب اس کا جوش مانند پڑ گیا۔

"مطلب تم مجھے اتنا گیا گزرا سمجھتی ہو؟"

اسے سچ میں برا لگا۔

"نہیں بلکل بھی نہیں۔"

وہ نفی میں سر ہلاتی ہوئی بولی۔

انیب کے دل کو کچھ ڈھارس ملی۔

"اس سے بھی زیادہ۔"

اس کی بات مکمل ہونے پر انیب کے چہرے پر مایوسی نے ڈیرے جما لیے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انتہائی کوئی بے مروت بد لحاظ قسم کی لڑکی ہو تم۔ "
"اخلاقیات تو جیسے چھو کر نہیں گزری تم سے۔

اب وہ اپنی سیٹ سے ٹیک لگائے بھڑاس نکالنے لگا۔

"اگر مزید تعریف کرنا چاہو تو مجھے کوئی اعتراض نہیں۔"

اس نے جلتی پر تیل کا کام کیا۔

تم احسان فراموش لڑکی کو منہ بھی نہیں لگانا چاہیے۔ اتنا "
"کچھ کیا اور کچھ سمجھتی ہی نہیں۔

اس کا دل بری طرح دکھا تھا۔

منال ہیڈ فونز لگا کر اپنے فون کی اسکرین کو دیکھنے لگا۔

مزید وہ یہ ڈرامہ دیکھنے کے موڈ میں نہیں تھی۔

وہ نجانے کب تک بولتا رہا اس بات سے بے خبر کہ اس کی محنت رائیگاں جا رہی ہے کیونکہ منال ہیڈ فونز لگائے ہوئے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھی۔

~~~~~~~~~~

"حارب تم خاموش کیوں ہو؟ تم کچھ کرتے کیوں نہیں؟ جس طرح وہ عدن آگے بڑھ رہی ہے وہ وقت دور نہیں جب وہ ہالی وڈ میں پہنچ جائے گی۔"

ملیحہ اسے جھنجھوڑتی ہوئی بولی۔

"یار میں کیسے کچھ کر سکتا ہوں مطلب تم سمجھتی کیوں نہیں ہو؟"

وہ ہمیشہ لاجواب ہو جاتا۔

"میں نہیں سمجھتی یا تم نہیں سمجھتے؟"

وہ اشک بار آنکھوں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

"تمہیں بھی تو کام مل رہا ہے نہ؟ پھر کیا مسئلہ ہے؟"

وہ ہمیشہ اس بحث سے اکتا جاتا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

مجھے کام کی ضرورت نہیں مجھے شہرت چائیے۔ میں " چاہتی ہوں لوگ صرف میرے بارے میں باتیں کریں صرف "مجھے دیکھیں اور مجھے سوچیں۔

وہ غیر مرئی نقطے کو دیکھتی ہوئی بولی۔

حارب سرد آہ بھر کر سیگرٹ سلگانے لگا۔

وہ عدن خان ہے ایڈووکیٹ علی خان کی بیٹی اور معروف " اداکارہ۔ وہ کوئی معمولی راہ چلتی لڑکی نہیں ہے جسے "کہیں سے بھی اٹھا لیا کچھ بھی کر لیا۔

اب کہ وہ سوچ بچار کر بولا۔

"تو؟ تمہارے رابطے اتنے تو مضبوط ہونے چائیں۔" وہ جتانے والے انداز میں بولی۔

میں کسی گینگ کا حصہ نہیں ہوں تو مجھ سے کوئی توقع " "مت رکھو میں اپنا مستقبل داؤ پر نہیں لگا سکتا۔

وہ سرمئی دھواں ہوا میں اڑاتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ملیحہ ناگواری سے اسے دیکھنے لگی۔

ایسے جواب کی اسے توقع نہ تھی۔

"حارب تم کچھ بھی نہیں کر سکتے۔"

وہ کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔

"ہاں میں کچھ نہیں کر سکتا خوش اب۔"

وہ جیسے تھک چکا تھا۔

وہ اثبات میں سر ہلاتی اسے دیکھتی رہی یہاں تک کہ حارب وہاں سے چلا گیا۔

ملیحہ کی نظریں حارب کی پشت پر تھیں۔وہ کیا کھو رہی تھی اسے احساس تک نہیں تھا۔ ابھی اس کے لئے عدن کو ہٹانا سب سے بڑا مسئلہ تھا۔

~~~~~~~~~~

عدن آسم (معروف ایکٹر) کی گردن میں بازو حمائل کئے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

پوز دے رہی تھی۔ نزدیکیاں اتنی تھیں کہ دوریاں تھیں ہی نہیں۔

دو سیاہ آنکھیں آج بھی عدن کو اپنے حصار میں لئے ہوئے تھیں۔

کلک کی آواز سے تصویریں قید ہو رہی تھیں۔

"ٹھیک ہے اب یہ ڈریس پہن لیں آپ۔"

فوٹوگرافر آرٹسٹ کے ہاتھ میں پکڑے ڈریس کی جانب اشارہ کرتا ہوا بولا۔

عدن ڈریس لے کر چینج کرنے چلی گئی۔

واپس آ کر پھر سے تصویریں بنانے کا دور چلا۔

اب عدن آسم کی گود میں بیٹھی تھی۔ آسم کے ہاتھ عدن کی پشت پر تھی۔شانے سے لباس غائب تھا۔ وہ کسی برانڈ کے کپڑوں کی ایڈورٹائذمینٹ کر رہی تھی۔

رات اندھیری اپنے بن پر تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شوٹ تمام ہو چکا تھا۔ وہ لوگ پیک اپ کر رہے تھے۔

آہستہ آہستہ عملہ واپس جا رہا تھا۔

عدن بنا آستین والی شرٹ پہنے بال درست کرتی ہوئی باہر آ رہی تھی۔

یہ جگہ شہر سے کچھ ہٹ کر تھی۔

وہ اپنی گاڑی کی جانب بڑھ رہی تھی جب عقب سے کسی نے اس کی کلائی پکڑی اور اپنے ہمراہ لے جانے لگا۔

"کون ہو تم؟ اور کہاں لے جا رہے ہو؟"

وہ احتجاج کرتی ہوئی بولی۔

مقابل اپنی ہی رو میں چلتا جا رہا تھا۔

"شہری تم ہو یہ؟"

وہ اس کا چہرہ دیکھنے کی سعی کرتی ہوئی بولی۔

وہ شخص اپنی مطلوبہ جگہ پر پہنچ چکا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عدن کو درخت کے ساتھ لگا کر اس نے اپنی آنکھیں اس پر گاڑھ دیں۔

"تم؟"

عدن کو جھٹکا لگا۔

"کون ہو تم؟ اور تمہاری ہمت کیسے ہوئی مجھے یہاں لانے کی؟ ایک منٹ میں تمہیں اندر کروا سکتی ہوں میں ہٹو میرے راستے سے۔"

وہ خفگی سے بولتی وہاں سے نکلنا چاہتی تھی۔

"جانتی بھی ہو تم کیا کر رہی تھی؟"

اس کے نزدیک جیسے عدن کی باتوں کی کوئی اہمیت ہی نہیں تھی۔

"کیا؟"

وہ ٹھٹھک گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تمہیں خوف نہیں آتا؟"

حسنین شہد رنگ کی آنکھیں اس کی آنکھوں میں ڈالے پوچھ رہا تھا۔

"کس سے؟"

وہ جیسے کسی ٹرانس کی کیفیت میں بولی۔

"جو تم کرتی ہو۔"

مدھم آواز میں کہا گیا۔

وہ جیسے ہرٹ ہوا تھا۔

کیا کرتی ہوں میں؟ اور تم کون ہو؟ شہری نے تمہیں نہیں " بھیجا تھا پھر؟"

عدن کی پیشانی پر شکنوں کا جال بنا ہوا تھا۔

عدن خان کو موت سے ڈر لگتا ہے لیکن اپنے آپ سے " نہیں۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اسے کھائی میں دھکیلتا ہوا بولا۔

وہ عدن کی کلائی تھامے ہوئے تھا ورنہ اب تک وہ زندہ نہ ہوتی۔

وہ اس اچانک حملے کے لیے تیار نہ تھی۔

اس کا اوپر کا سانس اوپر اور نیچے کا سانس نیچے رہ گیا۔

"یہ کیا پاگل پن ہے؟ تم جانتے ہو اس کی سزا کیا ہو گی؟"

وہ ہذیانی انداز میں چلانے لگی۔

"یہ خوف دیکھنا چاہتا ہوں میں تمہاری آنکھوں میں۔"

حسنین کے چہرے پر کوئی رنگ نہیں تھا۔

عدن کا چہرہ فق ہو چکا تھا۔

"مجھے اوپر کھینچو میں گر جاؤں گی۔"

وہ عقب میں اس گہری کھائی کو دیکھنا نہیں چاہتی تھی۔

تاریکی میں رقص کرتی موت,,عدن کو اپنا سانس بند ہوتا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

محسوس ہو رہا تھا۔

"آخر کیا چاہتے ہو تم مجھ سے؟"

وہ شکست خور سی بولی۔

"تمہیں۔"

حسنین اسے اپنی جانب کھینچتا ہوا بولا۔

عدن نے بائیں ہاتھ سے اس کا کالر تھام لیا۔

"میں گر جاؤں گی۔ جلدی کھینچو۔"

وہ آنکھیں زور سے بند کئے بول رہی تھی۔

"آنکھیں بند کر لینے سے خطرہ ٹل نہیں جاتا۔"

اس نے جھٹکے سے عدن کو اپنے سامنے کیا۔

وہ توازن برقرار نہ رکھ پائی اور اس کے سینے سے آ لگی۔

صرف ایک لمحہ اور حسنین دو قدم پیچھے ہو گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ عجیب عجیب نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

شاید یہ پاگل ہے اور مجھے بھی پاگل کرنا چاہتا ہے..... وہ کہنا چاہتی تھی لیکن وہ کہہ نہ سکی۔

"موت سے ڈر لگتا ہے لیکن گناہوں سے نہیں؟"

وہ آبرو اچکا کر بولا۔

"تم میرے کوئی فین ہو؟ بتاؤ مجھے تنگ کر رہے ہو؟"

عدن دونوں ہاتھوں سے اس کا کالر پکڑتی ہوئی بولی۔

وہ استہزائیہ ہنسا۔

"فین اور تمہارا۔ ایک نظر خود کو دیکھو ذرا۔"

وہ جیسے مذاق کر رہا تھا۔

عدن کا منہ کھل گیا۔ پہلی بار وہ ایسا رد عمل دیکھ رہی تھی۔

" جانتے ہو ایک منٹ میں تم پر کیس کروا کے کیا سے کیا کر سکتی ہوں میں؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب کہ عدن نے اسے ڈرانا چاہا۔

اچھے سے جانتا ہوں۔ اور ہاں جن چیزوں سے بھاگتی ہو "
ان پر ایک بار نظر ثانی کر لو یہ نہ ہو موت اپنی آغوش میں
"لے جائے اور تم دیکھتی رہ جاؤ۔

وہ ہمیشہ ہی الجھی ہوئی باتیں کرتا یا اسے ایسا معلوم ہوتا۔

"تم کیا بولتے ہو؟ مجھے کچھ سمجھ نہیں آتا۔"

وہ جھنجھلا کر بولی۔

"خود کو تلاش کرو۔تمہیں ایسا نہیں ہونا چائیے تھا۔"

وہ ایک ملامتی نگاہ ڈالتا الٹے قدم اٹھانے لگا۔

وہ پیشانی پر بل ڈالے اسے دور ہوتا دیکھنے لگی۔

"کیا مطلب ہے تمہارا؟"

وہ الجھ کر بولی۔

اندھیرے میں حسنین اوجھل ہوتا جا رہا تھا اور اس کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آخری جھلک بھی غائب ہو گئی۔

"کہاں گیا وہ؟"

وہ اسی سمت میں قدم اٹھاتی ہوئی بولی جہاں سے وہ غائب ہوا تھا۔

جتنی آسانی سے وہ عدن تک پہنچا تھا اسے اتنا تو اندازہ ہو چکا تھا وہ کوئی معمولی انسان نہیں ہے۔

"پہلے تو کبھی نہیں دیکھا اسے۔ کون ہو سکتا ہے؟"

وہ سوچتی ہوئی اپنی گاڑی کی جانب بڑھنے لگی۔

تقریباً سب ہی جا چکے تھے۔

ڈرائیور مؤدب انداز میں کھڑا اس کا منتظر تھا۔

~~~~~~~~

"بہت خوش ہو تم؟"

لاؤنج میں قدم رکھتے ہی شاہد کی آواز عدن کی سماعتوں سے ٹکرائی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

اس نے گردن گھما کر کھڑکی کے ساتھ کھڑے شاہد کو دیکھا۔

"میں فلحال کسی بحث کے موڈ میں نہیں ہوں۔"

وہ بیزاری سے بولی۔

"وقت تو تمہارے پاس پہلے بھی نہیں ہوتا تھا پھر آج کیسے ہو سکتا ہے؟"

وہ طعنہ دینے سے باز نہ آیا۔

"تم آئے کیوں ہو؟"

وہ سینے پر بازو باندھے اسے دیکھتی ہوئی بولی۔

"اتنا مسئلہ ہو رہا ہے میرے آنے سے؟"

وہ عدن کو اپنے قریب کرتا ہوا بولا۔

"ہاں ہو رہا ہے مسئلہ.... شاہد اٹس فنش ناؤ.."

وہ اس کی گرفت میں کسمسائی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تمہارے لئے ہو سکتا ہے لیکن میرے لئے نہیں۔"

وہ اس کے چہرے پر آئی لٹ کو ہاتھ سے ہٹاتا ہوا بولا۔

"....لیو می"

عدن کو پہلی بار اس سے کراہت محسوس ہو رہی تھی۔

" کیوں؟ کوئی اور مل گیا ہے کیا؟ پہلے تو تم ایسا نہیں کرتی تھی تو اب؟"

وہ نارمل انداز میں بول رہا تھا۔

" میں اپنی توہین بھولی نہیں ہوں۔ نہ ہی وہ الزامات کو تم نے مجھ پر لگائے۔"

وہ جھٹکے سے اسے خود سے دور کرتی ہوئی چلائی۔

" اووہ میں تو بھول گیا تھا تمہارے پاس تو شہری ہے پہلے سے ہی۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ چبا چبا کر بول رہا تھا۔

"گیٹ آؤٹ۔"

وہ انگلی سے دروازے کی جانب اشارہ کرتی حلق کے بل چلائی۔

"یاد رکھنا یہ؟"

وہ جتانے والے انداز میں بولا۔

"تم بھی یاد رکھنا۔"

کہہ کر وہ رکی نہیں لاؤنج پار کرتی زینے چڑھنے لگی۔

شاہد تلملاتا ہوا باہر کی جانب بڑھ گیا۔

"میں ٹیکسی منگواؤں؟"

انیب ائیر پورٹ سے نکلتا ہوا بولا۔

منال نے ایک تنبیہ نظر اس پر ڈالی۔

"تمہارا مطلب ہے یس۔"

وہ خوش ہوا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اپنے لیے زہر منگوا لو۔"

منال جتنا کڑوا بول سکتی تھی بول رہی تھی لیکن اس کی ڈھٹائی میں ذرہ بھر بھی کمی واقع نہیں ہوئی تھی۔

اس کے لئے پہلے مجھے یہ شہر گھومنا پڑے گا تاکہ " "معلوم کر سکوں کہاں سے ملے گا؟ ابھی تو ٹیکسی۔

"تم میرے والی وارث نہیں ہو۔ اس لئے یہ سب بند کرو اب۔"

وہ اپنا ہینڈ بیگ اسے مارتی ہوئی بولی۔

"اووہ تمہیں غصہ آ رہا ہے؟"

وہ جیسے محظوظ ہوا۔

"یااللہ یہ انسان کی شکل میں کون سا نمونہ ہے؟"

وہ بڑبڑاتی ہوئی آگے بڑھ گئی۔

"مس احسان فراموش سنو تو۔"

وہ ہنستا ہوا اس کے پیچھے لپکا لیکن عین اسی لمحے کسی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لڑکی سے ٹکرا گئی۔

"...آئم سو سوری"

وہ معذرت خواہانہ نظروں سے دیکھتا بیگ اٹھانے لگا۔

"اٹس اوکے۔"

وہ مسکرا کر کہتی چلی گئی۔

اس نے نظریں گھما کر منال کو دیکھنا چاہا... وہ ٹیکسی میں بیٹھ چکی تھی....

"شٹ۔"

وہ تاسف سے کہتا اس لڑکی کو دیکھنے لگا۔

"مجھ سے ہی ٹکرانا تھا؟"

خفگی سے کہتا وہ سر جھکا کر چلنے لگا۔

"کیسی طبیعت ہے آپ کی خالہ؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

منال سعدیہ سے ملتی ہوئی بولی۔

شکر ہے اللہ کا۔ تم سناؤ اب کیسی ہو؟ فیصل بتا رہا تھا کافی " ڈسٹرب ہو۔"

وہ منال کا منہ تھپتھپاتی ہوئی استفسار کرنے لگیں۔

"جی ٹھیک ہوں میں بھی... آپ....."

وہ بولتی ہوئی خاموش ہو گئی۔

" !بولو بیٹا"

وہ نرمی سے پوچھنے لگیں۔

"پانی...."

وہ نظریں چراتی ہوئی بولی۔

"بیٹھو میں لے کر آتی ہوں۔"

وہ عمر رسیدہ خاتون دھیمی چال چلتی کچن میں داخل ہو گئیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سوری نانو لیٹ ہو گیا میں....دراصل آپ کے لئے کچھ "
"دیکھ رہا تھا۔

وہ بولتا ہوا اندر آ رہا تھا۔

اندر آتے ہی وہ ریک سے ٹکرا گیا اور کتابیں دھڑام کی آواز سے زمیں بوس ہو گئیں۔

اس افتاد پر منال نے گردن گھما کر دروازے سے آنے والی آفت کو دیکھا۔

آواز تو وہ بخوبی پہچان گئی تھی لیکن اس کی آمد پر متحیر تھی۔

اس کی آنکھوں میں حیرت کا عنصر تھا۔

وہ منہ کھولے کھڑی ہو گئی۔

"واہ واہ مس احسان فراموش...تم اور میں۔"

اس نے دانت نکالتے ہوئے بات ادھوری چھوڑ دی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تم میرے پیچھے پیچھے یہاں بھی آ گئے؟"

وہ بولتی ہوئی آگے بڑھ گئی۔

"ارے انیب میری جان آ گئے تم؟"

سعدیہ اسے دیکھتی نرمی سے بولیں۔

"جی نانو لیکن شاید کچھ لوگوں کو ہضم نہیں ہورہا...جیسے یہ۔"

وہ خفا انداز میں کہتا ان کی جانب بڑھ گیا۔

"تم جانتے ہو منال کو؟"

وہ اسے پیار کرتی ہوئی بولیں۔

"جی نہیں۔"

منال سے قبل وہ بول پڑا۔

وہ گلاس پکڑے پانی پینے لگی۔

منال اثر لئے بنا بیٹھی رہی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سعدیہ باری باری دونوں سے حال احوال دریافت کر رہی تھیں۔

انیب خوشدلی جبکہ منال محتاط انداز سے جواب دے رہی تھی۔

" میں تو سونے جا رہا ہوں بہت تھک گیا۔ سفر میں کچھ لوگوں نے بہت تنگ کیا...."

وہ جاتا جاتا طنز کرنا نہیں بھولا۔

منال نے گھورنے پر اکتفا کیا۔

"....تم بھی آرام کر لو تھکاوٹ"

" نہیں خالہ میں ٹھیک ہوں۔ اچھا یہ بتائیں یہ تصویر کس کی ہے؟"

وہ اپنے بیگ سے تصویر نکالتی ہوئی بولی۔

وہ آنکھیں چھوٹی کیے تصویر دیکھنے لگیں جہاں ایک بچے کے ساتھ ایک جوان لڑکی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ان کی آنکھوں میں الجھنیں بڑھنے لگیں۔

چہرے پر پریشانی کی لکریں ابھرنے لگیں۔

"یہ تم نے کہاں سے لی؟ تم پرانی حویلی گئی تھی؟"

وہ بھانپ گئیں۔

"جی۔ پلیز مجھے بتائیں نہ...یہ لڑکی اور بچہ کون ہے؟"

اس کے لہجے میں تجسس تھا۔

" منال تم کیوں وہاں گئی مجھے بتاؤ؟ کیوں ماضی میں جانا چاہتی ہو؟ جو چیزیں تمام ہو چکی ہیں انہیں مت چھیڑو؟"

وہ آہستگی سے سمجھانے لگیں۔

" میں کسی چیز کو نہیں چھیڑ رہی مجھے بس یہ بتا دیں یہ کون ہیں؟ اور ماما کا ان سے کیا رشتہ تھا؟"

وہ بضد ہوئی۔

" اچھی لڑکیاں ضد نہیں کرتیں اور منال تو بہت اچھی ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نہ؟

وہ اس کا حجاب درست کرتی نرمی سے بولیں۔

منال کو اب غصہ آنے لگا تھا۔

ایک وہی تھی جسے انجان رکھا گیا تھا ماضی کی حقیقت سے۔ نہ وہ خود آشکار ہونے دیتے اور نہ اسے معلوم کرنے دیتے۔

"فائن۔"

وہ خفگی سے کہتی کھڑی ہو گئی۔

"سیڑھیاں چڑھ کر لیفٹ والا تمہارا کمرہ ہے۔"

اس نے ان کی بات سنی ان سنی کر دی۔

وہ اوپر جا چکی تھی۔ اور اب پریشان کھڑی تھی۔

"کون سا کمرہ کہا تھا؟"

وہ منہ پر انگلی رکھے سوچنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"....میرا خیال ہے رائیٹ والا کہا ہو گا"

وہ پرسوچ انداز میں کہتی دروازہ کھول کر اندر داخل ہو گئی۔

اندر کا منظر قابل دید بلکل نہیں تھا۔

انیب بنا شرٹ کے کمرے کے وسط میں کھڑا تھا۔ دونوں ہاتھوں میں شرٹس پکڑے وہ شش و پنج میں مبتلا تھا۔

آہٹ پر اس نے سر گھما کر دیکھا اور آنے والی شخصیت کو دیکھ کر آنکھوں میں شرارت رقص کرنے لگی۔

" !خیر تو ہے مس احسان فراموش"

وہ پرسکون انداز میں کہتا ہوا اس کی جانب بڑھنے لگا۔

"...شٹ"

وہ رخ موڑ چکی تھی۔

"یہ تمہارا کمرہ ہے؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ چلائی۔

" نہیں بلکہ بھی نہیں۔ میں تو تمہارے لئے کمرہ تیار کر رہا تھا۔"

وہ دانت پیستا ہوا شرٹ پہننے لگا۔

وہ سر جھٹک کر باہر نکل گئی۔

~~~~~~~~

"حسنین باجی کا کچھ معلوم نہیں ہوا؟"

اس کا ہاتھ ہوا میں معلق ہو گیا۔

ٹونٹی کو بند کر کے وہ چارپائی پر آ بیٹھا۔

وہ اس کے بولنے کی منتظر تھیں۔

"امی کتنے سال ہو چکے ہیں آپ کو لگتا ہے وہ ملیں گیں؟"

لہجے میں اکتاہٹ نمایاں تھی۔

".....تم نے تلاش"

" آپ کو لگتا ہے امی میرے پاس اتنا وقت ہے کہ میں انہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"ڈھونڈوں؟

وہ ان کی بات کاٹ کر بولا۔

وہ مایوسی سے اٹھ کھڑی ہوئیں۔

" بھائی آج خالہ آپ کے لئے رشتہ لے کر آئیں تھیں... اور پتہ ہے لڑکی کون ہے؟"

نمرہ اشتیاق سے کہتی اس کے مقابل بیٹھ گئی۔

" نمرہ میں تھکا ہوا ہوں یہ کام امی کا ہے اسی لئے تم انہی کو رپورٹ کیا کرو....سمجھ گئی نہ؟"

آبرو اچکا کر پوچھا گیا۔

نمرہ سنبھل کر امی کو دیکھنے لگی جن کے چہرے پر خفگی تھی۔

" امی آپ کیوں نہیں بھول جاتیں خالہ کو... وہ نجانے کہاں ہوں گی... اللہ جانے ہوں گی بھی یا نہیں...."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بے دھڑک بولتی جا رہی تھی۔

" منہ سے کوئی اچھی بات نکالا کرو... دیکھنا ایک دن میری بہن ضرور مل جائے گی مجھے۔"

وہ پرامید تھیں۔

حسنین نفی میں سر ہلاتا اپنے کمرے میں چل دیا۔

"بھائی آج چڑچڑے کیوں ہوئے پڑے تھے؟"

نمرہ آلتی پالتی مارتی بیٹھ گئی۔

" مجھے کیا معلوم اکثر ہی اس کا موڈ خراب ہوتا ہے...شاید آفس میں کسی سے کوئی بات ہوئی ہو۔"

وہ محو سی بولیں۔

" اچھا میں پڑھنے جا رہی ہوں روٹی بن جائے تو مجھے بلا لینا...."

وہ کہتی ہوئی چلنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

~~~~~~~~~~

عدن شاور لے کر صوفے پر ٹک گئی۔

سوچ کا محور حسنین کے گرد تھا۔

"کون ہے وہ؟ کیوں یہ سب کر رہا ہے؟"

وہ لائٹر اٹھاتی ہوئی بولی۔

وہ ایش ٹرے کو گھورتی ہوئی پوری یکسوئی کے ساتھ حسنین کے متعلق سوچ رہی تھی۔

دروازہ پر ہونے والی دستک نے اس تسلسل کو توڑا۔

وہ سیگرٹ ایش ٹرے میں مسلتی دروازے کے پاس آ گئی۔

"کیسے ہو بنی؟"

سامنے موجود شخصیت کو دیکھتے ہوئے عدن کے لبوں سے الفاظ آزاد ہوئے۔

"میں ٹھیک ہوں اور آپ؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

وہ عدن سے گلے ملتا ہوا بولا۔

"....میں بلکل فٹ آ جاؤ دونوں اندر"

وہ ثمن کو دیکھتی ہوئی بولی۔

کمرے میں ہلکی ہلکی سیگرٹ کی بو پھیلی ہوئی تھی۔

"کیسا رہا ٹوئر؟"

عدن مسکراتی ہوئی بولی۔

ثمن نے بہت تنگ کیا مجھے میں سوچ رہا ہوں جرمنی آپ "
" ....کے ساتھ جاؤں

اس کی آنکھوں میں شرارت تھی۔

" ...ہاں... جرمنی مزہ آئے گا"

عدن محظوظ ہوئی۔

آپ میرے بغیر چلی جائیں گیں؟ اور تم مجھے بتاؤ کب "
"تنگ کیا میں نے؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ثمن بنی کا گریبان پکڑتی ہوئی بولی۔

وہ قہقہ لگاتا عدن کو دیکھنے لگا۔

"....تم تو میری پیاری سی بلی ہو"

وہ ثمن کی گردن میں بازو ڈال کر اسے اپنے قریب کرتا ہوا بولا۔

" اچھے سے جانتی ہوں میری برائیاں کرتے ہو تم...اور آپ بھی اس کے ساتھ مل جاتی ہیں...."

ثمن اس کا بازو ہٹاتی ہوئی شکوہ کرنے لگی۔

"بنی لاسٹ ٹائم کس نے ٹکٹس جلائی تھیں؟"

عدن کی نظریں ثمن پر تھیں لیکن مخاطب وہ بنی سے تھی۔

" ...میرے بائیں شانے والے شیطان نے"

وہ ثمن کی ناک دباتا ہوا بولا۔

" ....اچھا تو ایک ہی بار کیا نہ"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اپنی خفت مٹانے کو کھڑی ہو گئی۔

عدن اور بنی ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکرا رہے تھے۔

"!میں پورے گھر میں ڈھونڈ رہا تھا اور سب یہاں ہیں"

علی صاحب خفگی سے کہتے اندر داخل ہوئے۔

رابن سے پوچھ لیتے آپ... اور اب آپ انہیں کہیں کہ میں " "بھی ساتھ جاؤں گی۔

ثمن ان کا ہاتھ پکڑ کر بولنے لگی۔

عدن بے ساختہ ہنسنے لگی۔

" ...ثمن تم پوری پاگل ہو"

عدن کی بجائے بنی کی جانب سے جواب آیا۔

ثمن نے جواباً گھوری سے نوازا۔

علی اور ثمن بھی بیٹھ چکے تھے اب یہ محفل صبح میں ہی تمام ہونی تھی....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

~~~~~~~~~

"کیسی ہے وہ؟"

ایک مدھم سی آواز اس نیم تاریک کمرے میں گونجی۔

"ٹھیک ہے.. لیکن۔"

وہ بولنا چاہتا تھا لیکن خاموش ہو گیا۔

میں جانتی ہوں یہ سب آسان نہیں... لیکن تم کر لو گے "

"مجھے بھروسہ ہے تم پر۔

ان کے چہرے پر بلا کا اطمینان تھا۔

وہ خاموش ہو گیا۔

شاید بولنے کو کچھ تھا ہی نہیں۔

"آپ نے کھانا کھایا؟"

وہ بولتا ہوا کھڑا ہو گیا۔

" ...ہاں"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

آہستہ سے کہا گیا۔

مزید اسکے لئے وہاں رکنا ممکن نہیں تھا۔

چہرے پر مایوسی سجائے وہ الٹے پیر باہر نکل آیا۔

~~~~~~~~

منال کھوئے کھوئے انداز میں سامنے چھائے بادلوں کو دیکھ رہی تھی۔

بادل فلک کو اپنی اوٹ میں چھپائے ہوئے تھے۔

ہاتھ میں اس کے وہی تصویر تھی جو اس کے لئے سب سے بڑا سوالیہ نشان تھا۔

انیب دبے قدموں چلتا ہوا وہاں آیا۔

منال سکون سے بیٹھی ہو یہ اسے برداشت نہیں تھا۔

"مس احسان فراموش یہ کون ہے؟"

وہ منال کے ہاتھ سے تصویر لے کر اسکے سامنے والی کرسی پر براجمان ہو گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

" ...کیا بدتمیزی ہے یہ واپس کرو مجھے... میں تمہارا"

وہ خونخوار نظروں سے گھورتی ہوئی اس کے ہاتھ سے تصویر لینے کی سعی کرتی ہوئی بولی۔

" اوہو ایسا کیا ہے اس میں؟ ہمیشہ سڑی رہتی ہو بندہ کبھی ہنس کر بھی بات کر لیتا ہے۔"

وہ تصویر کو الٹ پلٹ کرتا شکوہ کرنے لگا۔

"بندہ کسی کا قتل بھی کر سکتا ہے..واپس کرو مجھے۔"

وہ ضبط کرتی ہوئی بولی۔

" ...ایک منٹ مجھے لگتا ہے میں نے اسے دیکھا ہوا ہے"

یکدم وہ چونکا۔

وہ سیدھی ہو گئی۔

"کہ کہاں دیکھا ہے؟ تم جانتے ہو کیا؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لہجے کی بےقراری نے انیب کو نگاہیں اٹھا کر منال کو دیکھنے پر مجبور کر دیا۔

"تم اتنی متجسس کیوں ہو؟"

وہ بغور اس کا چہرہ دیکھتا ہوا بولا۔

"...تم کیسے جانتے ہو بتاؤ مجھے"

وہ اس کی بات نظر انداز کرتی ہوئی بولی۔

"شاید میں تمہاری مدد کر سکتا ہوں لیکن میں کیوں کروں؟"

وہ کھردرے پن سے کہتا کھڑا ہو گیا۔

"ہاں تو میں نے کب منتیں کیں تمہاری...دو ادھر۔"

وہ تصویر لے کر چل دی۔

انیب ہکا بکا سا اسے جاتا دیکھنے لگا۔

" ...عجیب لڑکی ہے یہ"

وہ کہے بنا نہ رہ سکا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

~~~~~~~~~~

"تم یہاں کیسے؟"

عدن متحیر سی بولی۔

"تم ایسی زندگی کیسے گزار لیتی ہو؟"

حسنین عقب میں دیکھتا ہوا بولا جہاں کسی ایکٹر کی منگنی کی تقریب چل رہی تھی۔

موسیقی کی ہلکی ہلکی آواز سنائی دے رہی تھی۔

"تم کب سے تنہا راہوں پر چلنے لگی؟"

حسنین کا اشارہ اس سنسان راہ کی جانب تھا جہاں وہ چل رہی تھی۔

"تم کون ہو؟"

وہ آنکھیں چھوٹی کیے پیشانی پر بل ڈالے اسے دیکھ رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

تم میرے سوال کا جواب دو۔ چھوڑ کیوں نہیں دیتی یہ سب؟ "
"تمہیں خوف نہیں آتا موت سے؟

وہ پھر سے اسے ڈرانے لگا۔

عدن نے نگاہیں نیچی کر کے حسنین کے ہاتھ کو دیکھا جو اس کی بازو پکڑے ہوئے تھا۔

میں کیوں چھوڑوں یہ سب بتاؤ؟ میں خوش ہوں اور کیا "
"چاہیے پھر؟

وہ اس کی جانب دو قدم اٹھاتی ہوئی بولی۔

حسنین کی نظر اس کے بےباق لباس پر پڑی تو چہرہ موڑ لیا۔

"تم خوش ہو؟"
ایک پل کے لئے اس کی آنکھوں میں دیکھا تھا۔

عدن پلکیں جھپکاتی اسے دیکھنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیا میں خوش ہوں؟"

وہ جیسے خود سے مخاطب تھی۔

یہی لمحہ تھا جب حسنین وہاں سے چلا گیا۔

اس نے گردن گھما کر دیکھا تو وہاں کوئی بھی نہیں تھا۔

"کہاں چلا گیا وہ؟"

وہ متوحش سی اردگرد دیکھنے لگی۔

اسکرین پر جگمگاتے نمبر نے اسے پھر سے بکھیر دیا۔

" ....کیوں؟"

بولتے بولتے دو موتی اس کی گال پر لڑھک آئے۔

"کیوں فون کرتی ہیں آپ مجھے؟"

وہ بولتی ہوئی نیچے بیٹھتی چلی گئی۔

"کیوں؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ہچکیاں لیتی ہوئی بول رہی تھی۔

آنسوؤں کی روانی میں تیزی آ گئی تھی۔

" کیا وہ جانتا ہے؟ کیا وہ عدن کو جانتا ہے؟ نہیں... ایسا ...کیسے ممکن ہو سکتا ہے؟ وہ کچھ نہیں جانتا "

وہ خود کو دلاسہ دینے لگی۔

"نہیں ایسا نہیں ہے... پتہ نہیں کون پاگل ہے وہ۔"

وہ چہرہ صاف کرتی کھڑی ہو گئی۔

وہ واپس آئی تو کپلز ڈانس کر رہے تھے جن میں ایک کپل ملیحہ اور شاہد کا تھا۔

ایک ٹیس سی دل میں اٹھی جسے اس نے چہرے سے ظاہر نہ ہونے دیا۔

" لوگوں کو لوگ مل ہی جاتے ہیں... ہمارا متبادل ڈھونڈنے میں دیر نہیں لگاتے۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ مدھم آواز میں بول رہی تھی۔

"کتنا آسان ہوتا ہے نہ اس انسان کو چھوڑنا جس کے ساتھ آپ نے محبت کی تھی اور پھر ایسے مکر جانا جیسے کچھ تھا ہی نہیں۔"

وہ تلخی سے مسکرائی۔

ہاتھ میں ڈرنک پکڑے اس کی نگاہوں کا محور شاہد تھا۔

آنکھوں میں ٹوٹے خوابوں کی کرچیاں چبھنے لگیں تھیں۔

"ایسے بھی لوگ ملتے ہیں جنہیں ہم نہ نکال پاتے ہیں نہ رکھ پاتے ہیں۔"

ان کی بڑھتی نزدیکیاں عدن کا غم بڑھا رہی تھیں۔

"لگتا ہے آج سارا ضبط کھو دوں گی میں۔"

وہ خود کلامی کر رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا جذبات مذاق ہوتے ہیں یا پھر کھلونے؟ جن کے ساتھ " کھیلا, وقت گزارا پھر دوسرا لے لیا۔ محبت انسان کو اتنا ارزاں کیوں بنا دیتی ہے کہ خود کو روندا جاتا ہے اور احساس بھی نہیں ہوتا۔"

آنکھوں کی نمی بڑھتی جا رہی تھی دل پر بوجھ سا آ گیا تھا۔

پوری دنیا بھی جیت لوں میں لیکن تمہیں ہار دیا.... یہ " ناکامی عدن خان کو کبھی نہیں بھولے گی۔"

وہ رخ موڑ چکی تھی۔

اگر مزید دیکھتی تو شاید کچھ غلط کر جاتی۔

"ہیلو!! جی؟"

اس نے بنا دیکھے فون کان سے لگا لیا۔

واٹ؟ کیسے؟ کہاں ہے وہ؟ کون سے ہاسپٹل میں مجھے " بتائیں..."

وہ بولتی ہوئی کھڑی ہو گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جتنی وہ پی چکی تھی اس خبر سے ساری اتر گئی۔

"...نہیں کچھ نہیں ہونا چاہیے میں بس آ رہی ہوں"

وہ فون کاٹ کر دوڑنے لگی۔

کھو دینے کا خوف اس کی آنکھوں میں دکھائی دے رہا تھا۔

شاہد کو کھویا تھا لیکن آنکھیں اسے دیکھ کر سیراب ہو جاتی تھیں لیکن اس طرح کھونا....وہ برداشت نہیں کر سکتی تھی۔

" ...جلدی سٹی ہاسپٹل چلو جلدی"

وہ گاڑی میں بیٹھتی ہوئی چلائی۔

" ...بہت اچھا لگا تمہارے ساتھ کام کر کے"

نشاء گلاس اس کے گلاس سے ٹکراتی ہوئ بولی۔

"مجھے بھی.. ویسے ابھی تمہارا کیا پلان ہے؟"

وہ معنی خیزی سے بولا۔

" ابھی تو کوئی خاص پلان نہیں کچھ دن گھوم پھر کر اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ....کے بعد پاکستان

وہ سوچتی ہوئی بول رہی تھی۔

ساحل نے اس کی جانب سیگرٹ بڑھائی۔

"اور تمہارا؟"

وہ کش لیتی ہوئی بولی۔

" ...میں تو چھٹی پر ہوں اب"

وہ مسکراتا ہوا بولا۔

"گڈ۔"

وہ اس کی بات سمجھ چکی تھی۔

"آؤ کلب چلتے ہیں۔"

وہ نشاء کے سامنے ہاتھ پھیلاتا ہوا بولا۔

"...وائے ناٹ"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ مسرت سے کہتی کھڑی ہو گئی۔

نشاء اس وقت منی سکرٹ پہنے ہوئے تھی جس کا بلاؤذ اتنا مختصر تھا کہ اس کا پیٹ اور کمر واضح نظر آ رہا تھا۔

ساحل اس کی کمر پر ہاتھ رکھے چل رہا تھا اور اس لمحے وہ خود کو خوش قسمت تصور کر رہی تھی۔

"تم تو آنا کو ڈیٹ کر رہے تھے؟"

وہ سوالیہ نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

"وہ میرا ٹیسٹ نہیں۔"

وہ ناگواری سے کہتا گاڑی میں بیٹھ گیا۔

"اچھا تو پھر کیسا ٹیسٹ ہے تمہارا؟"

وہ دلچسپی سے دیکھتی ہوئی بولی جیسے اس کا جواب جانتی ہو۔

"بلکل تم جیسا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے چہرے پر آئی لٹ کو وہ اپنی انگلی سے ہٹاتا ہوا بولا۔

اس کا چہرہ کھل اٹھا۔

یہی جواب وہ سننا چاہتی تھی۔

"چلیں اب؟"

وہ ساحل وہ خود سے دور کرتی ہوئی بولی۔

" ...آف کورس"

کہتے ہوئے اس نے گاڑی سٹارٹ کر دی۔

وہ مسکراتی ہوئی شیشے سے پار دیکھنے لگی جو اسے چاہیے تھا مل چکا تھا۔

محدود زندگی کی لامحدود خواہشات میں سے یہ خواہش پوری ہو چکی تھی۔

~~~~~~~~

حارب گیٹ پر کھڑا تھا جب ملیحہ شاہد کی گاڑی سے اتری۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

اسے دیکھ کر وہ مسکرانے لگی۔

"تم کب آئے؟"

وہ حارب کے گلے لگتی ہوئی بولی۔

"جب تم پارٹی میں تھی؟"

اس کا موڈ آف تھا۔

"چلو اندر چلتے ہیں یا باہر ہی رہنے کا ارادہ ہے؟"

وہ پورچ کی جانب چلتی ہوئی بڑبڑائی۔

وہ سانس خارج کرتا اس کے عقب میں چل دیا۔

" ....ملیحہ رکو مجھے بات کرنی ہے"

شفق کی آواز پر ملیحہ گردن موڑ کر انہیں دیکھنے لگی۔

"کیا بات؟"

وہ سوالیہ نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حارب کا کہنا ہے کہ منگنی کی رسم کر لینی چائیے اور "
"میری بھی یہی خواہش ہے۔

آخر میں وہ ہلکا سا مسکرائیں۔

کیا مطلب ہے آپ کا منگنی؟ مام ویٹ ویٹ مجھے حارب "
" ...سے منگنی نہیں کرنی

وہ شفق کو شانوں سے تھام کر بولی۔

بیٹا تم دونوں اتنے ٹائم سے ایک ساتھ ہو تو پھر منگنی "
کرنے میں کیا قباحت؟ تمہارے کیرئیر پر کوئی فرق نہیں
" ...پڑے گا

انہوں نے نرمی سے سمجھانا چاہا۔

حارب بت بنا کھڑا تھا۔

جس بات کا اسے خدشہ تھا وہی ہوا۔

"...مام میں شاہد سے شادی کروں گی حارب سے نہیں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ نظریں ملائے بغیر بولی۔

" یہ کیا بکواس ہے؟ اور حارب جو اتنے وقت سے تمہارے ساتھ ہے؟"

وہ ملیحہ کو جھنجھوڑتی ہوئیں بولیں۔

انہیں اس کی عقل پر شبہ ہو رہا تھا۔

" رہنے دیں آنٹی یہ پاگل ہو چکی ہے۔ عدن کو شاہد سے دور رکھنے کے لئے یہ مجھے بھی چھوڑنے پر تیار ہے۔"

وہ ٹوٹے ہوئے لہجے میں بولا۔

...کچھ ٹوٹا تھا اس کے اندر

" ہاں تو؟ مجھے پسند ہے وہ... پھر میں کیوں نہ کروں اس سے شادی؟"

وہ حارب کو گھورتی ہوئی بولی۔

" میں نے کوئی زبردستی نہیں کی...تمہاری خوشی زیادہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عزیز ہے مجھے.. جس کے ساتھ تمہیں خوشی ملتی ہے
"رہو۔

وہ آہستہ آہستہ بول رہا تھا۔

"حارب یہ تو پاگل ہے تم تو کچھ عقل کرو۔"

شفق خفگی سے اسے روکتی ہوئی بولیں۔

نہیں آنٹی دل کے معاملے میں جبر کا کوئی فائدہ نہیں۔ "
" ...زبردستی رشتہ تو قائم کیا جا سکتا ہے لیکن محبت نہیں

آخری بات اس نے ملیحہ کی آنکھوں میں دیکھ کر بولی جیسے اسے سمجھانا چاہتا ہو۔

"میں چلتا ہوں اب۔"

وہ نظریں چرا کر بولا۔

" .... حارب"

وہ روکنا چاہتی تھیں لیکن وہ چلا گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ملیحہ؟ "

وہ جتنا حیران ہوتیں اتنا کم تھا۔

" ...واٹ ایور"

وہ لاپرواہی سے کہتی اندر چلی گئی۔

اس نے کیا کھویا تھا اس کا احساس نہیں تھا لیکن وقت ہر مرض کی دوا ہے اور ہر زیادتی کا بدلہ... جلد ہی اسے معلوم ہوجانا کہ اس نے کیا کھویا ہے اور کیا پایا ہے....

نفرت اور محبت کی جنگ میں وہ محبت ہار چکی تھی۔

شاید نفرت میں جیت جائے....

~~~~~~~~~

"شہری تمہیں کال کیوں کرتا ہے؟"

معمول کے خلاف وہ نرمی سے بولا۔

"کیا مطلب؟"

عزہ سیدھی ہو کر بیٹھ گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

"تمہارے اور شہری کے بیچ کیا چل رہا ہے؟ مجھے بیوقوف بنانے کی سعی مت کرنا... جان سے مار دوں گا۔"

وہ عزہ کا منہ دبوچتا ہوا غرایا۔

"فیضی تم کیوں ایسا کرتے ہو؟ میں وہی عزہ ہوں جس سے تم بے محبت کرتے تھے جو صرف تمہاری وفادار تھی..."

وہ سسکتی ہوئی بولی۔

"ہوں... وفادار... ہو سکتا ہے پہلے ہو لیکن اب.."

اس نے نفی میں سر ہلاتے ہوئے عزہ کے منہ پر ایک تھپڑ دے مارا۔

"فیضی میں تمہیں کیسے یقین دلاؤں مجھے سمجھ نہیں آتا... اگر تم مجھے جانتے نہ ہو پھر تو بات بنتی ہیں لیکن تم تو مجھے اچھے سے جانتے ہو... میں نے کبھی تمہارے علاوہ کسی کے بارے میں نہیں سوچا پھر تم کیوں ہمیشہ مجھ پر شک کرتے ہو؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ فیضی کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لئے بول رہی تھی۔

" یہ ڈرامہ کر کے میرا دھیان ہٹانا چاہتی ہو؟ ویری گڈ... لیکن میں احمق نہیں ہوں جو تمہاری ان باتوں میں آ جاؤں گا۔ آج کے بعد اگر تم مجھے غلطی سے بھی شہری کے ساتھ دکھائی دی تو وہ آخری دن ہو گا تمہارا....یاد رکھنا۔"

وہ تنبیہ کرتی نگاہوں سے دیکھتا ہوا باہر نکل گیا۔

عزہ ہکا بکا سی دروازے کو دیکھ رہی تھی۔

" ایسا تو نہیں سوچا تھا میں نے.... زندگی کیوں سہل نہیں ہو جاتی؟ کب ختم ہو گا یہ امتحان؟ تمہارے بغیر بھی رہ نہیں سکتی اور تمہارے ساتھ بھی نہیں...."

وہ ہاتھ کی پشت سے اشک رگڑتی ہوئی بولی۔

دروازے پر ہونے والی بیل نے عزہ کو اپنی جانب متوجہ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا۔

وہ اٹھنا نہیں چاہتی تھی۔

جسم تھکاوٹ سے چور تھا۔ اور دل ہمیشہ کی مانند زخمی تھا۔

خطا لوگوں کی ہوتی ہے سزا دل کو ملتی ہے

زخمی آنکھیں ہوتی ہیں اور ٹوٹنا اشکوں کو پڑتا ہے

عزہ آئینے کے سامنے آ گئی اور خود کا جائزہ لینے لگی۔

کیا تھی وہ اور کیا بن چکی تھی۔

آنسو پھر سے بہنے لگے۔

شہری دروازے کے وسط میں کھڑا اسے دیکھ رہا تھا عزہ اس بات سے انجان تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"عزہ کب تک؟"

اس کا آنسو صاف کرتا ہاتھ ساکت ہو گیا۔

وہ گردن موڑ کر شہری کو دیکھنے لگی۔

"شہری تم... تم کیوں آئے ہو؟"

وہ متفکر سی بولی۔

"تمہیں دیکھنے آیا تھا۔"

وہ سینے پر بازو باندھے اس کا جائزہ لے رہا تھا۔

بجھا بجھا چہرہ, کچھ الجھے الجھے بال, جینز پر ٹی شرٹ پہنے ہوئے تھی, وہ اس ابتر حلیے میں بھی بے حد خوبصورت تھی۔

" ....شہری پلیز جاؤ تم اگر فیضی کو معلوم ہو گیا تو"

عزہ اسے باہر دھکیلنے کی سعی کرتی ہوئی بولی۔

"تمہیں معلوم ہے تم بلکل پاگل ہو۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ عزہ کا ہاتھ پکڑتا ہوا بولا۔

وہ ناسمجھی سے شہری کو دیکھنے لگی۔

"تم ابھی جاؤ یہاں سے پلیز۔"

وہ التجائیہ نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

"فیضی آیا تھا؟"

وہ عزہ کے رخسار کو انگلی کی پور سے چھوتا ہوا بولا۔

"تم جاؤ پلیز۔"

وہ اس کا ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی۔

" ...وہ حیوان میرے ہاتھ سے نہیں بچے گا میں بتا رہا ہوں"

وہ بل کھاتا ہوا اس کی آنکھوں میں تیرتی نمی کو دیکھنے لگا۔

نہیں.. تم ایسا کچھ نہیں کرو گے شہری میں بہت برا پیش " ...آؤں گی "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ یکدم غصے میں آ گئی۔

" شام کو عدن کے گھر پر آنا بات کرنی ہے تم سے... اور ... اگر تم نہ آئی تو "

وہ عزہ کی بازو پکڑ کر اپنی جانب متوجہ کرتا ہوا بولا۔

"اچھا ٹھیک ہے جاؤ تم اب۔"

اس نے ٹالنا چاہا۔

وہ ایک ملامتی نگاہ اس پر ڈالتا باہر نکل گیا۔

وہ وہیں زمین پر بیٹھ گئی۔

" شہری تمہاری آنکھیں میں پڑھ سکتی ہوں.. سب سمجھ رہی ہوں میں۔لیکن جیسا تم چاہتے ہو ممکن نہیں۔"

وہ چہرہ گھٹنوں پر گراتی ہوئی بولی۔

~~~~~~~~

" سب کچھ بیکار تھا اس حویلی میں سوائے اس تصویر کے...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"اب کیسے پتہ چلے گا یہ بچہ اور یہ لڑکی کون ہیں۔

وہ جھنجھلا کر باہر نکل آئی۔

"تم نے کیوں اسے حویلی جانے دیا؟"

منال کی سماعتوں سے آواز ٹکرائی۔

" ...یہ تو خالہ کی آواز ہے"

وہ بولتی ہوئی دبے پیر آگے چلنے لگی۔

سعدیہ دروازے کی ناب پر ہاتھ رکھے بول رہی تھیں۔ منال کی جانب ان کی پشت تھی۔

فیصل تمہارا دماغ خراب ہو گیا تھا کیا؟ اسے روکا کیوں " نہیں؟ اب بتاؤ مجھے وہ مجھ سے سوال جواب کر رہی ہے "میں کیسے اسے روکوں؟

وہ خفگی سے بول رہی تھی۔

کوئی کام کی بات بھی کر لیں جس سے مجھے کچھ معلوم "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...ہو جائے

وہ بول کر انہیں سننے لگی۔

اگر اسے کچھ معلوم ہوا تو یہ تمہارے ذمے ہے یاد رکھنا۔ "

" ...اور ہاں

وہ بولتی ہوئیں کمرے میں چلی گئیں۔

"شٹ... ایسے تو کچھ پتہ نہیں چلے گا۔"

وہ تاسف سے دروازے پر مکہ رسید کرتی ہوئی بولی۔

"کیا تم کسی سیکرٹ مشن پر ہو؟"

اپنے عقب میں اسے انیب کی آواز سنائی دی۔

وہ ہڑبڑا کر دو قدم پیچھے ہوئی۔

"تم پاگل ہو کیا؟"

پیشانی پر بل ڈالے, لہجے میں خفگی لئے وہ اسے دیکھنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"دیکھو مجھے اپنا پاٹنر بنا لو... تمہاری مشکل آسان ہو جائے گی ویسے بھی تصویر کو میں پہچان چکا ہوں۔"

وہ کالر کھڑی کرتا ہوا بولا۔

وہ گھوری سے نوازتی سیڑھیوں کی جانب بڑھ گئی۔

"...میرے علاوہ کوئی تمہاری مدد نہیں کرنے والا"

وہ رازداری سے کہتا اس کے ہمراہ زینے اترنے لگا۔

"تم حویلی کیوں گئے تھے؟ تمہیں راستہ کیسے معلوم تھا؟ تم میرے پیچھے کیوں آتے ہو؟ کون ہو تم؟"

اس نے ایک ہی سانس میں کئی سوال کر ڈالے۔

"او او آرام سے سانس تو لے لو... سارا انٹرویو یہیں کھڑی کھڑی لو گی کیا؟"

وہ آبرو اچکا کر بولا جیسے اجازت مانگ رہا ہو۔

"تو کہاں؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ منہ کھولے اسے دیکھ رہی تھی۔

سرمئ رنگ کے حجاب میں اس کا معصومیت بھرا چہرہ دلکش لگ رہا تھا۔

"کیا ہے اب؟"

وہ چیخ کر بولی۔

انیب کی مسلسل نظریں اسے زچ کر رہی تھیں۔

"توبہ توبہ لڑکی کیا کھاتی ہو؟ چلو آؤ تمہیں ٹریٹ دیتا ہوں۔"

وہ لب دبائے مسکراتا ہوا آگے نکل گیا۔

وہ ہکا بکا سی اس کی پشت کو دیکھنے لگی۔

"....صاف صاف کہو نہ ڈیٹ پر لے جانا چاہتے ہو ٹھرکی"

وہ کہتی ہوئی اس کے ساتھ آ گئی۔

" ...صاف صاف کہتا ہوں ڈیٹ پر چلتے ہیں"

وہ بائیں آنکھ دباتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

استغفراللہ لگتا ہے شرم تمہیں چھو کر بھی نہیں گزری... "
"نہیں جانا مجھے تمہارے ساتھ۔

منال صوفے پر بیٹھتی ہوئی بولی۔

تم پاگل ہی رہنا گھر پر پلانگ کریں گے تو نانو کو معلوم " ہو جائے گا اسی لئے باہر کا بولا نہیں آنا تو تمہاری مرضی " ....میں تین تک گنتی کروں گا آ جاؤ گی تو ٹھیک ورنہ

وہ بولتا ہوا باہر نکل گیا۔

وہ لب کاٹتی سوچنے لگی۔

"اگر وہ سچ میں جانتا ہوا پھر؟"

وہ جیسے خود کو قائل کرنا چاہ رہی تھی۔

" ...رکو میں آ رہی ہوں"

وہ سینڈل تبدیل کرتی ہوئی چلائی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باہر کھڑے انیب کے لبوں پر مسکراہٹ رینگ گئی۔

" مجھے کانفرم تو نہیں ہے لیکن مجھے لگتا ہے کسی انسان سے اس کی شکل ملتی ہے... وہ انسان ہوں ہے ابھی نہیں بتا سکتا۔"

وہ تصویر ہاتھ میں لئے بول رہا تھا۔

منال جتنی توجہ سے اسے سن رہی تھی آخر میں برا سا منہ بنا کر رخ موڑ لیا۔

"اچھا یہ بتاؤ تمہاری ماما کا اس حویلی سے کیا رشتہ؟"

وہ چہرہ اٹھا کر اسے دیکھنے لگا۔

" میں کچھ بھی نہیں جانتی... صرف اتنا معلوم ہے کہ پاپا انہیں وہاں جانے نہیں دیتے تھے...کیوں؟ معلوم نہیں۔"

وہ سرد آہ بھرتی ہوئی بولی۔

" اوہ مطلب کوئی راز ہے۔ تمہاری ماما اور اس تصویر کا... یہ تصویر تمہیں الماری سے ملی تھی نہ؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ آبرو اچکا کر اپنے سوال کی تصدیق کرنا چاہتا تھا۔

" ہاں.. اب یہ بتاؤ تم کیسے وہاں آئے اور جھوٹ بولا تو یہیں مار دوں گی۔"

وہ ہاتھ میں پکڑی چھری اس کے سامنے کرتی ہوئی بولی۔

"رکھ دو اسے... غلطی سے بھی لگ جاتی ہے۔"

وہ اس کے ہاتھ سے چھری لیتا ہوا بولا۔

" مجھے ایسی جگہوں پر جانے کا شوق ہے جو جن بھوت کے حوالے سے مشہور ہوں... وہ حویلی بھی مشہور تھی کہ وہاں ایک لڑکی کو پیٹرول ڈال کر مارا گیا تھا اور اس کے بعد شاید اس کی روح وہیں بھٹک رہی ہے لیکن ایسا کچھ بھی نہیں ملا وہاں...."

اس کے لہجے اور چہرے پر مایوسی نمایاں تھی۔

"وہ لڑکی یہی تو نہیں؟"

منال کے دماغ میں جھماکا ہوا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں... ہو سکتا ہے.. پہلے ہمیں اس لڑکی کو ڈھونڈنا ہے "
"اس کے بعد اس بچے کو۔

وہ تصویر پر گول نشان بناتا ہوا بولا۔

"کیسے؟"

منال آنکھیں چھوٹے کئے اسے دیکھتی ہوئی بولی۔

اچھا اب ایک ہی دن میں سب معلوم ہو جائے تمہیں... آلہ "
"دین کا چراغ سمجھا ہے کیا؟

وہ برا مان گیا۔

" ...تم انتہائی فضول انسان ہو"

نجانے اسے کس بات پر غصہ آیا تھا۔

" ...اور تم احسان فراموش...ہوں"

وہ رخ موڑ کر بیٹھ گیا۔

میں تو جیسی مری جا رہی ہوں نہ تم سے بات کرنے کے "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...لیے

وہ اپنا بیگ اٹھاتی ہوئی بولی۔

راستہ معلوم نہیں اور چل پڑی ہیں مس.. رکو آ رہا ہوں "
"میں۔

وہ ویٹر کو اشارہ کرتا ہوا چلایا۔

منال سنی ان سنی کرتی باہر نکل گئی۔

~~~~~~~~~~

ڈیڈ کیسے ہوا یہ ایکسیڈنٹ؟ اور ثمن کیسی ہے وہ جلدی "
" ...بتائیں مجھے

عدن انہیں جھنجھوڑتی ہوئی چلائی۔

" ...بیٹا دعا کرو تم"

وہ بس اتنا ہی بول پائے۔

عدن کو لگا اس کے پیروں تلے زمین کھسک گئی۔

کسی نے اسے تپتے صحرا پر لا کھڑا کر دیا ہو۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

ڈیڈ... یہ کیا۔ بنی تم اس کے ساتھ تھے مجھے بتاؤ وہ ٹھیک "
"ہے نہ؟ ڈاکٹر ابھی تک باہر کیوں نہیں آئے؟

وہ ہذیانی انداز میں بولتی چلی جا رہی تھی۔

عدن سنبھالیں خود کو... ڈاکٹر نے کہا ہے وہ جلد اس "
"تکلیف سے نجات پا لے گی۔

بنی اسے شانوں سے تھامے بول رہا تھا۔

اس کا چہرہ آنسوؤں سے تر ہو چکا تھا۔ لب کپکپا رہے تھے۔
دل مانو کسی نے مٹھی میں جکڑ لیا ہو۔

"وہ ٹھیک ہو جائے گی نہ؟"

وہ جیسے تصدیق کرنا چاہتی تھی۔

بنی نے اسے اپنے ساتھ لگا لیا۔

عدن اسے کمزور کر رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک بار کہہ دو وہ ٹھیک ہو جائے گی نہ؟ اسے کچھ نہیں " ...ہو گا "

وہ ہچکیاں لیتی بولتی جا رہی تھی۔

عدن پلیز چپ کر جائیں... اتنا حوصلہ نہیں ہے میرے " ...پاس "

وہ جیسے خود بھی بکھرا ہوا تھا۔

" ...مجھے دیکھنا ہے ثمن کو"

وہ بنی سے الگ ہوتی آئی سی یو کی جانب چل دی۔

"آپ ابھی نہیں مل سکتی.. سرجری ہو رہی ہے اس کی۔"

وہ عدن کے سامنے آ گیا۔

تم پاگل ہو گئے ہو کیا؟ مجھے ملنا ہے ثمن سے... اسے پتہ " نہیں کتنی تکلیف ہو رہی ہو گی پلیز بس ایک بار ملنے دو... "دیکھنا مجھے دیکھتے ہی وہ ٹھیک ہو جائے گی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دیوانہ وار بولتی جا رہی تھی۔

عدن چپ.. اب آپ ایک لفظ نہیں بولیں گیں جا کر دعا کریں "
" ...ثمن کے لئے میں یہاں ہوں

وہ عدن کو آئی سی یو سے دور لے جاتا ہوا بولا۔

اس نے ایک نظر بنی کو دیکھا جس کا چہرہ ہاتھ اور کپڑے خون سے رنگے تھے۔

اس کی پیشانی اور بازو پر چوٹ کے نشان تھے۔

"ڈرائیو کون کر رہا تھا؟"

وہ کھوئے کھوئے انداز میں بولی۔

" ....ضد کر رہی تھی کہ آج میں ہی ڈرائیو کروں گی"

بولتے بولتے دو موتی ٹوٹ کر اس کے رخسار پر آ گرے۔

" ..اگر اسے کچھ ہوا میں تمہیں کبھی معاف نہیں کروں گی"

وہ بولتی ہوئی اس کی مخالف سمت میں قدم اٹھانے لگی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"دعا؟ کیسے دعا مانگتے ہیں؟"

وہ خود کلامی کر رہی تھی۔

"کبھی دعا نہیں مانگی تم نے؟"

اسے اپنے عقب میں مردانہ آواز سنائی دی۔

وہ گردن گھما کر اس نیم تاریکی میں اس انسان کو دیکھنے کی سعی کرنے لگی۔

"ایسے مانگو گی دعا؟"

حسنین بولتا ہوا آگے آ گیا۔

"تم؟"

وہ بس اتنا ہی بول پائی۔

سرخ سوجھی ہوئی آنکھیں, آنسوؤں سے تر چہرہ..وہ اس لمحے بلکل مختلف عدن معلوم ہو رہی تھی۔

تم مجھے دعا مانگنا سیکھا سکتے ہو.. ثمن,, اسے دعاؤں "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کی ضرورت ہے۔

وہ بولتی ہوئی اس کے عین مقابل آ گئی۔

حسنین نے ہاتھ میں پکڑا دوپٹہ اس پر اوڑھ دیا۔

پہلی بار عدن خان اپنے لباس سے شرمسار ہوئی تھی۔

"میری دعا قبول ہو جائے گی؟"

وہ بچوں کی مانند اس کی شرٹ پکڑے استفسار کر رہی تھی۔

"....پہلے اپنے کپڑے بدل لو"

وہ اپنے عقب میں اشارہ کرتا ہوا بولا۔

وہ جیسے ساری تیاری کرکے آیا تھا۔

"مجھے بتاؤ دعا سے وہ بچ جائے گی نہ؟"

وہ جیسے اپنے حواس میں نہیں تھی۔

آنسو تیزی سے بہتے جا رہے تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حسنین نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

وہ سینے پر بازو باندھے اسے دیکھ رہا تھا۔

اس کے آنسو ایک لمحے کے لیے بھی نہیں تھمے تھے۔

زندگی میں کچھ ایسے لمحے آتے ہیں جب انسان کو احساس ہوتا ہے کہ وہ کتنا بےبس ہے۔

ساری زندگی بے لگام خواہشوں کے پیچھے بھاگتا ہے لیکن جب اللہ راستے بند کر دیتا ہے پھر اسے یاد آتا ہے کہ اس کے ہاتھ میں تو کچھ بھی نہیں۔ وہ جو سمجھ رہا تھا میں ہی سب کچھ ہوں مجھے کسی شے یا کسی انسان کی ضرورت نہیں پھر اللہ کے سواء کوئی اس کا مددگار نہیں ہوتا.

پھر جھکتا ہے وہ۔ یہ بےبسی بڑی تکلیف دہ ہوتی ہے۔ نہ اس سے بھاگ سکتے ہیں نہ پیچھا چھڑا سکتے ہیں۔

حسنین نے ہاتھ بڑھا کر اپنے دائیں رخسار کو چھوا تو نمی کا احساس ہوا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آج پہلی بار اسے عدن خان سے ہمدردی ہو رہی تھی۔ اس کے آنسو اسے بھی رُلا رہے تھے۔

ایک نظر اس پر ڈال کر وہ وہاں سے چلا گیا۔

نجانے کتنی لمحے کتنی ساعتیں بیت گئیں عدن کو یاد نہیں تھا۔ اس کے لبوں پر صرف ایک ہی دعا تھی..ثمن کی زندگی کی۔

اسے شرمندگی بھی ہو رہی تھی شاید زندگی میں وہ پہلی بار خدا کے سامنے ہاتھ پھیلائے بیٹھی تھی۔

"عدن آپ یہاں ہیں؟"

بنی کی آواز اس نیم تاریک کمرے کی خاموشی میں گونجی۔

وہ منہ پر ہاتھ پھیرتی فوراً کھڑی ہو گئی۔

"ثمن ٹھیک ہے؟"

بےقراری سے پوچھا گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی وہ اب خطرے سے باہر ہے۔ لیکن ابھی انڈرآبزرویشن " ہے اس لئے مل نہیں سکتے۔ آپ کچھ کھا لیں تب تک..."

وہ ہاتھ میں پکڑے سینڈوچ کی جانب اشارہ کرتا ہوا بولا۔

"نہیں مجھے بھوک نہیں.. مہ میں پارٹی میں کھانا کھایا تھا۔"

وہ نظریں چراتی ہوئی بولی۔

بیٹھیں ادھر...اور چپ کر کے کھائیں بعد میں ثمن مجھ سے " لڑائی کرے گی کہ میں نے آپ کا خیال نہیں رکھا۔"

بولتے بولتے اس کی آواز بھرا گئی۔

بنی مجھ سے نہیں کھایا جائے گا.. ایک بار ثمن کو دیکھ " لوں پھر کھا لوں گی۔"

وہ التجائیہ نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

"مل لینا تھوڑی دیر میں... ابھی اسے آرام کرنے دیں۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سینڈوچ اس کے سامنے کرتا ہوا بولا۔

"وہ ٹھیک ہے نہ؟"

عدن اس کا ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی۔

اس نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

اس نے نا چاہتے ہوئے بھی بنی کے ہاتھ سے سینڈوچ لے لیا۔

وہ تھکے تھکے انداز میں اس کے ساتھ بیٹھ گیا۔

"تم کیوں نہیں کھا رہے؟"

وہ تعجب سے اسے دیکھنے لگی۔

"میں نے انکل کے ساتھ کھا لیا ہے۔"

وہ باہر دیکھتا ہوا بولا۔

"جھوٹ.. کھاؤ میرے ساتھ تم بھی۔"

وہ جیسے اس کی رگ رگ سے واقف تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...لائیں دیں"

بنی کے لئے اس لمحے اسے مطمئن کرنا سب سے اہم تھا۔

"...مطلب میری دعا قبول ہو گئی؟ وہ کہاں"

اسے یکدم حسنین کا خیال آیا۔

وہ گردن گھماتی کمرے میں اسے تلاشنے لگی لیکن وہ دکھائی نہ دیا۔

" ...جی"

وہ آہستہ سے بولا۔

~~~~~~~~

"کیسا بنا ہے کھانا؟"

لہجے میں اشتیاق اور چہرے پر مسکراہٹ تھی۔

فیضی نے چہرہ اٹھا کر بغور عزہ کا چہرہ دیکھا۔

"خاص میرے لئے بنایا ہے؟"

وہ مشکوک نظروں سے دیکھتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

" آف کورس تمہارے لئے... اور کس کے لئے بناؤں گی میں..."

وہ بولتی ہوئی کرسی کھینچ کر بیٹھ گئی۔

"پھر تو ضرور کھانا چاہیے۔"

وہ قورمے کا ڈونگا پکڑتا ہوا بولا۔

عزہ کا چہرہ کھل اٹھا۔

نجانے کتنے وقت بعد وہ نارمل ہوا تھا۔

" ...واہ تم نے تو بہت ٹیسٹی بنایا ہے"

اس نے کھل کر تعریف کی۔

"....تمہیں پسند آ گیا بس میری محنت کا پھل مل گیا مجھے"

وہ فیضی کو مسکراتی نگاہوں سے دیکھ رہی تھی۔

" لانگ ڈرائیو پے چلیں؟ آئی گیس ہم کافی ٹائم سے باہر نہیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...گئے

وہ عزہ کا ہاتھ پکڑے بول رہا تھا۔

عورت تو موم کی گڑیا ہوتی ہے دو نرمی کے بول سن کر وہیں اپنا آپ وار دیتی ہے۔

اس کی تو یہی چاہ تھی کہ فیضی بدل جائے اور اب جب وہ خود نرمی برت رہا تھا محبت سے پیش آ رہا تھا کیسے وہ انکار کر دیتی؟

"میں چینج کر لوں؟"

وہ پرجوش انداز میں کھڑی ہو گئی۔

" ...کھانا تو کھا لو پہلے"

اس نے عزہ کو ٹوکا۔

" ...مجھے بھوک نہیں میں ابھی آئی بس"

وہ کہتی ہوئی چلی گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...پاگل ہے پوری"

فیضی مسکراتا ہوا کھانے لگا۔

وہ ٹیشو سے ہاتھ صاف کرتا کھڑا ہوا اور کمرے کی جانب بڑھنے لگا۔

عزہ بالوں میں برش چلا رہی تھی جب اسے میسج کی ٹون سنائی دی۔

"شہری کا میسج؟"

وہ زیر لب بولتی میسج پڑھنے لگی۔

"...تم انتہائی درجے کی بدتمیز ہو کبھی میری بات نہ ماننا تم "

وہ پڑھتی ہوئی مسکرانے لگی۔ اور بنا جواب دئیے فون سائیڈ پر رکھ دیا کیونکہ وہ ان لمحوں کو گنوانا نہیں چاہتی تھی۔

دروازے کے وسط میں کھڑا فیضی اسی کو دیکھ رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کس کے میسج پڑھ کر مسکرا رہی ہو؟"

وہی کاٹ دار لہجہ۔

عزہ نے گھبرا کر چہرہ اٹھایا۔

"...کچھ خاص نہیں"

وہ اپنے چہرے کے تاثرات کو نارمل رکھتی ہوئی بولی۔

" کتنا جھوٹ بولوں گی مجھ سے؟ پاگل لکھا ہے میرے منہ پر؟ ہمم..."

وہ اس کی جانب بڑھتا ہوا بول رہا تھا۔

وہ ڈر کے دو قدم پیچھے ہٹ گئی۔

" فیضی ایسا کچھ بھی نہیں ٹرسٹ می..."

اس کا حلق خشک ہو رہا تھا۔

" کیا سزا دوں تمہیں کہ تم سدھر جاؤ بتاؤ آج خود ہی..."

فیضی اسے بالوں سے پکڑ کر چہرہ اوپر کرتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...آہ.. فیضی مجھے درد ہو رہا ہے... پلیز چھوڑو"

آنکھوں میں خوف کے ہمراہ نمی بھی تیرنے لگی۔

"میں چھوڑ دوں اور تم جو کرتی پھر رہی ہو اس کا کیا؟"

وہ اس کے بال کھینچتا ہوا دھاڑا۔

" ..میں کچھ نہیں کر رہی میرا یقین کرو"

آنسو موتی کی صورت میں بہہ رہے تھے لیکن وہ ظالم دیو بنا ہوا تھا۔

" ...چلو آج تمہیں اچھے سے سمجھاتا ہوں"

وہ دروازے کی جانب قدم بڑھاتا ہوا بولا۔

" ...میرے بال تو چھوڑ دو فیضی... مجھے تکلیف ہو"

" ..چپ.. بلکل چپ.. ایک لفظ نہ نکلے منہ سے"

وہ اس کی بات کاٹتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عزہ سہم کر اس کے ہمراہ چلنے لگی۔

وہ باورچی خانے میں آ چکے تھے۔

عزہ کا دل مانو کسی نے مٹھی میں جکڑ لیا۔

"وہ کیا کرنے والا ہے؟"

وہ فیضی کو دیکھتی ہوئی سوچنے رہی تھی جو کچھ تلاش رہا تھا۔

ادھر آؤ... اب آئیندہ تم سوچ سمجھ کر ایسی کوئی حرکت " ..."کروں گی

وہ چولہے پر گرم کی ہوئی چھری اس کی بازو پر رکھتا ہوا بولا۔

وہ چیخ رہی تھی... درد سے کراہ رہی تھی لیکن اس پر کوئی اثر نہیں ہو رہا تھا۔

تین سرخ نشان اس کی کلائی پر ثبت ہو چکے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...دفعہ ہو جاؤ"

وہ اسے دھکیلتا ہوا غرایا۔

وہ لڑکھڑاتی ہوئی کمرے میں آ گئی۔

کمرے میں اب اسکی سسکیاں گونج رہی تھیں۔

کب مسکراہٹیں آنسوؤں میں تغیر ہو جائیں پتہ نہیں چلتا۔

زندگی کچھ لوگوں کے لئے بہت بےحس ثابت ہوتی ہے۔ اور عزہ ان لوگوں میں سے ایک تھی۔

~~~~~~~~

"عدن کے ساتھ تمہارا کوئی تعلق نہیں اب؟"

ملیحہ شاہد کے ساتھ بیٹھتی ہوئی بولی۔

"نہیں.. میرا اس سے کوئی تعلق نہیں۔"

وہ ملیحہ کو خود سے قریب کرتا ہوا بولا۔

"ایسا کیوں؟ تم تو اس سے بہت محبت کرتے تھے؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ آبرو اچکا کر اسے دیکھنے لگی۔

" مجھے بہت سے لوگوں نے کہا تھا کہ اسے چھوڑ دوں وہ وفاداری نہیں جانتی... آہ.. لیکن میں ہی بیوقوف تھا مجھے لگا وہ الگ ہو گی لیکن اس نے ثابت کر دیا وہ بلکل اپنی ماں جیسی ہے۔"

وہ ملیحہ کے شانے پر سر رکھے بول رہا تھا۔

" اووہ اب میں سمجھی... اسی لئے تم نے اپنا راستہ الگ کر لیا؟"

وہ دلچسپی سے اسے سن رہی تھی۔

" ظاہر سی بات ہے مجھے ایسی لڑکی نہیں چاہئے جو بیک وقت دو لوگوں کے ساتھ ہو..."

لہجے کی کڑواہٹ نمایاں تھی۔

ملیحہ کے حلق میں کچھ پھنسا۔

" ویل چھوڑو ہم اپنی بات کرتے ہیں اسے کیوں ڈسکس

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کریں؟

وہ اس کے چہرے پر انگلی پھیرتی ہوئی بولی۔

" ...آف کورس بےبی"

وہ مسکراتا ہوا بولا۔

~~~~~~~~

" ...آئیں باہر چلتے ہیں"

بنی اسے ساتھ لئے باہر نکل آیا۔

علی صاحب کو روتا دیکھ کر عدن کا دل بند ہونے لگا۔

"ڈیڈ کیو کیوں رو رہے ہیں؟ ثمن تو ٹھیک ہو گئی ہے نہ؟"

وہ بنی کو دیکھتی استفسار کرنے لگی۔

بنی کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا تھا۔

" ...ثمن ہماری بیچ نہیں رہی"

وہ آنسو بہاتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

عدن نفی میں سر ہلاتی کبھی اسے دیکھتی تو کبھی علی صاحب کو۔

" تم جھوٹ بول رہے ہو... بنی تم نے مجھ سے کہا وہ ٹھیک ہے... وہ کیسے جا سکتی ہے تم پاگل ہو گئے ہو کیا؟"

وہ اسے دھکیلتی ہوئی بولتی جا رہی تھی۔

" ...عدن سنبھالیں خود کو"

وہ اسے بازوؤں سے پکڑتا ہوا بولا۔

" میں سنبھالوں؟ تم جانتے بھی ہو کیا بول رہے ہو؟ کہاں ہے ثمن مجھے ملنا ہے اس سے.. "

وہ بولتی ہوئی آئی سی یو کی جانب بڑھ گئی۔

کسی نے بھی اسے اندر جانے سے نہیں روکا۔

اندر کا منظر اس کا دل دہلانے کو بہت تھا۔

نرس ثمن کے چہرے پر سفید چادر ڈال رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ سب کیا ہے؟ کچھ نہیں ہوا ثمن کو...ہٹاؤ اسے۔ کچھ نہیں " ہوا..."

وہ ثمن کے چہرے سے چادر ہٹاتی ہوئی دیوانہ وار بولتی چلی جا رہی تھی۔

ثمن اٹھو دیکھو میں آئی ہوں... مجھ سے بات کرو.. آنکھیں " کھولو نہ...پہلے تو کبھی مجھ سے ناراض نہیں ہوئی پھر اب.. چلو اٹھو گھر چلیں...اٹھو نہ دیکھو ڈیڈ بھی رو رہے ہیں... تم ایسے کیسے کر سکتی ہو؟"

وہ اشک بہاتی ثمن کا چہرہ تھپتھپا رہی تھی۔

پلیز اٹھ جاؤ نہ بس کرو... تم جہاں کہو گی ہم وہیں جائیں " گے چھٹیوں میں...لیکن پلیز اب یہ سب ختم کرو چلو آنکھیں کھولو....ثمن..."

نرس ترحم نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" یہ اٹھ کیوں نہیں رہی؟ کیا کیا ہے تم لوگوں نے مجھے بتاؤ؟ میں کسی کو نہیں چھوڑوں گی ایک ایک کو اندر ڈلوا دوں گی سمجھتے کیا ہو تم لوگ خود کو..."

وہ دیوانہ وار بولتی چلی جا رہی تھی۔

اس کی آوازیں آدھ کھلے دروازے سے باہر جا رہی تھیں۔

"...عدن میری جان سنبھالو خود کو..حوصلہ کرو"

علی صاحب اسے سینے سے لگائے پشت تھپتھپا رہے تھے۔

"ڈیڈ کیسے؟ میں کیسے مان لو...دیکھیں اسے۔"

وہ ہچکیاں لیتی بول رہی تھی۔

" ڈیڈ کہہ دیں یہ جھوٹ ہے...وہ ٹھیک ہو جائے گی ابھی ہیں نہ؟"

وہ چہرہ اوپر اٹھائے انہیں نم آنکھوں سے دیکھنے لگی۔

وہ یقین کرنے پر رضامند نہ تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عدن لبوں کو پیوست کئے بیٹھی تھی۔

نگاہیں ثمن پر تھیں۔ وہ یک ٹک اسے دیکھ رہی تھی بنا پلک جھپکے جیسے پلک جھپکنے پر وہ غائب ہو جائے گی۔

تمام ایکٹرز,سنگرز,پروڈیوسرز اور انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے فنکار اس وقت وہاں تھے۔

سب عدن سے بات کر رہے تھے لیکن وہ کسی کو دیکھ نہیں رہی تھی۔

"..ڈیڈ آپ ثمن کو کہیں نہیں لے جائیں گے"

وہ مرد حضرات کو دیکھ کر چلانے لگی۔

علی صاحب بےبسی سے آنکھیں صاف کرتے اس کے سر پر ہاتھ پھیرنے لگے۔

نو...خبر دار اگر کسی نے ثمن کو مجھ سے دور لے جانے کا سوچا تو..."

وہ تقریباً چلا رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس لمحے سچ میں وہ اپنے حواس کھو بیٹھی تھی۔

اللہ اکبر کی صدا کے ساتھ ثمن کی میت کو اٹھا لیا گیا۔

نہیں ڈیڈ..نہیں..آپ نہیں لے جا سکتے..رکیں میری بات " "..سنیں

وہ بولتی ہوئی ان کے پیچھے بھاگ رہی تھی جب عقب سے ...عزہ نے اسے پکڑا

"...عدن خود کو مزید اذیت مت دو"

وہ تاسف سے بولی۔

"...ڈیڈ..رکیں میری بات سنیں..ڈیڈ"

وہ بولتی ہوئی عزہ کی بانہوں میں جھول گئی۔

"...بنی, شہری یہاں آؤ"

وہ حواس باختہ سی چلانے لگی۔

~~~~~~~~

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

" ...ہمیں پاکستان جانا ہو گا اسکے لئے"

انیب دھپ سے بیڈ پر گرتا ہوا بولا۔

منال جو اپنی سوچ میں غرق تھی اس اچانک افتاد پر بوکھلا گئی۔

تمہیں تمیز نہیں ہے؟ اس طرح کسی کے کمرے میں آتے " ہیں؟"

وہ پیچھے ہوتی ہوئی تمس سے بولی۔

نہیں مجھے تمیز بھی چھو کر نہیں گزری جیسے اس دن " ...شرم چھو کر نہیں گزری تھی "

وہ منہ بناتا ہوا بولا۔

پتہ نہیں دماغ خراب ہو گیا تھا جو تم سے ہیلپ لے رہی " ...میں "

وہ خود پر ماتم کرتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...او ہیلو مس احسان فراموش آرام سے"

وہ دانت پیستا ہوا بولا۔

" جو بولنے آئے ہو وہ بولو... ان فضولیات میں میرے وقت کا ضیاع مت کرو.."

منال گھورتی ہوئی بولی۔

" ...ہاں تم تو جیسے یہاں کمپنی رن کر رہی تھی نہ"

وہ قہقہ لگاتا ہوا بولا۔

منال تلملا اٹھی لیکن ضبط کر گئی۔

" دیکھو یہ شاہد ہے شاید یا پھر حارب...کانفرم نہیں ہے... اس کے لئے ہمیں پاکستان جانا ہوگا۔"

وہ خاموش ہو کر اسے دیکھنے لگا۔

" ...اووہ.. لیکن پاپا ابھی مجھے واپس نہیں آنے دیں گے"

وہ متفکر سی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اب تم دیکھ لو...ویسے مجھے کیا ملے گا بدلے میں؟"

وہ دلچسپی سے منال کا چہرہ دیکھتا ہوا بولا۔

"اممم میں کیا دوں گی تمہیں؟؟"

وہ اس اچانک سوال پر الجھ گئی۔

"کبھی تیار ہوئی ہو پوری طرح؟"

نجانے وہ کیا سوچ رہا تھا۔

"کیا مطلب ہے تمہارا؟"

وہ آنکھیں سکیڑے اسے گھورنے لگی۔

مطلب ہمیشہ بنا میک اپ کے ہی دیکھا ہے تمہیں... تیار " ...نہیں ہوتی کیا؟ چڑیل لگتی ہو ایسے "

وہ ہنستا ہوا بیڈ سے اتر گیا۔

اور تم تو جیسے پرنس ہو نہ... آئے بڑے مجھے کہنے " والے.. "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ جل کر بولی۔

" اس سڑی ہوئی شکل میں کیوٹ لگتی ہو تم مس احسان فراموش..."

وہ دانت نکالے کمرے کا جائزہ لے رہا تھا۔

" تم اپنی شکل غائب کر لو یہاں سے اس سے قبل کہ میں غائب کر دوں..."

وہ کشن اسے مارتی ہوئی بڑبڑائی۔

" ...کہیں کر ہی نہ دو مجھے غائب"

وہ تمسخر اڑاتا باہر نکل گیا۔

"...پاگل انسان... بلکہ جاہل انسان"

وہ کہتی ہوئی بیڈ کی چادر درست کرنے لگی

"ایسا کب تک چلے گا؟"

شہری زمین پر بیٹھتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عدن ٹانگوں کے گرد بازو لپیٹے بیٹھی تھی۔

آنکھوں میں ویرانی ڈیرے جمائے ہوئے تھی۔

" ...عدن یار مجھ سے تو بات کرو نہ"

وہ بولتا ہوا اس کے منتشر بال سنوارنے لگا۔

عدن کی جانب سے کوئی جواب نہیں آیا۔

ہنوز خاموشی برقرار تھی۔

"چلو کچھ کھانے چلتے ہیں... مجھے بھوک لگی ہے۔"

اس نے بہانہ بنایا۔

وہ اب بھی خاموش رہی۔

" ...یار میں تم سے بات کر رہا ہوں"

اسے اب غصہ آنے لگا۔

" ..کوئی فائدہ نہیں میں بہت بار کوشش کر چکا ہوں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بنی بولتا ہوا اندر آیا۔

شہری گردن گھما کر اسے دیکھنے لگا۔

" ...نہ کچھ کھا رہی ہیں نہ کچھ بول رہی ہیں"

وہ تھکے تھکے انداز میں بول رہا تھا۔

" میری بات سنو کب تک ایسے ہی رہو گی؟ ہر چیز رکی ہوئی ہے... عدن کسی کے جانے سے زندگی رکتی نہیں ہے۔"

وہ اس کا چہرہ اپنی جانب موڑتا ہوا بولا۔

وہ خالی خالی نظروں سے شہری کو دیکھنے لگی۔

صاف رنگت پر ہلکی ہلکی شیو,, چہرے پر سنجیدگی چھائی تھی۔

وہ سرد آہ بھرتی رخ موڑ گئی۔

اپنے شانے پر کسی کے ہاتھ کا دباؤ محسوس کر کے شہری

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عقب میں دیکھنے لگا۔

بنی اسے تسلی دے رہا تھا۔

" وہ ٹھیک ہو جائیں گیں انہیں کچھ وقت دیں... میں اور ماما یہاں ہی ہیں آپ فکر مت کریں..."

" تم جانتے ہو نہ اسے پھوپھو سے بلکل لگاؤ نہیں؟ پھر بھی تمہاری ماما یہاں ہیں..."

وہ برہمی سے گویا ہوا۔

" میں بھیج دوں گا ماما کو..."

وہ دروازے کی جانب قدم اٹھاتا ہوا بولا۔

" میں اپنی بیسٹی کو بہت مس کر رہا ہوں..."

شہری اس کی بازو سے پشت لگاتا ہوا بولا۔

لیکن جواب ندارد۔

~~~~~~~~

"پلیز آنے بتا دیں وہاں کیا ہوا تھا؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

منال گزشتہ پندرہ منٹ سے ان کی منت کر رہی تھی۔

"بیٹا آپ کیوں ماضی میں جا رہی ہیں؟"

وہ نرمی سے گویا ہوئیں۔

اگر آپ نے مجھے نہیں بتایا تو میں چلی جاؤں گی سب کو " چھوڑ کر.... آخری بار کہہ رہی ہوں۔"

اس نے آخری حربہ استعمال کیا۔

انیب اس سب میں خاموش تماشائی بنا بیٹھا تھا۔

اس کی نظریں منال کے چہرے پر تھیں... سرخ رنگ کا حجاب لئے اس کا چہرہ دمک رہا تھا۔ اس کے چہرے پر بلا کی معصومیت تھی جو مقابل کو مرعوب کر دیتی۔

"تم سچ میں اتنی اچھی ہو یا مجھے لگتی ہو؟"

وہ زیر لب کہتا مسکرانے لگا۔

بیٹا آپ کی ممانی نے خودکشی کی تھی.. اور اس کے بعد "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ کے ماموں بھی اس دنیا سے چلے گئے... بس اسی وجہ سے آپ کی ماما کو وہاں جانے سے منع کرتے تھے... لوگ کہتے ہیں وہ حویلی ہی منحوس ہے۔ اس لئے آپ کو بھی دور رکھا وہاں سے..."

وہ منال کا رخسار تھپتھپاتی ہوئی بولیں۔

"..اچھا... میں چلتی ہوں... چلو بھوکڑ"

وہ انیب کو بیگ مارتی گھورنے لگی۔

وہ خفگی سے دیکھتا کھڑا ہو گیا۔

"...اچھا جو سٹوری مجھے پتہ تھی وہ تو ایسی نہیں تھی"

وہ پرسوچ انداز میں بولتا منال کے ہمراہ قدم اٹھانے لگا۔

"ابھی بھی کچھ مسنگ ہے... آنے نے پورا سچ نہیں بتایا میں جانتی ہوں..."

وہ پر اعتماد انداز میں بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...رائٹ"

وہ گاڑی میں بیٹھتا ہوا بولا۔

"اب تم اس بچے کو کب تک ڈھونڈو گے؟"

منال سیٹ بیلٹ باندھتی ہوئی بولی۔

" ...جب میرا دل کرے گا"

آنکھوں میں شرارت ناچ رہی تھی۔

" ..کسی دن تمہارا گلا دبا دوں گی میں"

وہ خطرناک تیور لئے بولی۔

" ...جتنی تم ہو نہ اتنی ہی بات کیا کرو"

وہ ہنستا ہوا گاڑی سٹارٹ کرنے لگا۔

منال نے بےرخی سے رخ موڑ لیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"پاپا کہاں جانا ہے جو آپ نے مجھے واپس پاکستان بلا لیا"..
"

منال صوفے پر بیگ رکھتی ہوئی انہیں دیکھنے لگی۔

" بیٹا میرے کولیگ ہیں نہ علی خان.. ان کی جوان بیٹی کی موت ہو گئی پچھلے ہفتے... تو میں سوچ رہا تھا آپ بھی میرے ساتھ چلو... آپ کی ماما ہوتی تو وہیں جاتیں..."
وہ تاسف سے کہتے کوٹ پہننے لگے۔

"پاپا کل چلیں.. ابھی میں تھک گئی ہوں۔"

رمشاء کے ذکر پر وہ پھر سے کمزور پڑنے لگی تھی۔

" چلیں ٹھیک ہے.. مجھے پولیس اسٹیشن جانا ہے آپ آرام کرو..."
وہ منال کے سر پر بوسہ دیتے ہوئے بولے۔

وہ بنا کچھ کہے کمرے کی جانب چل دی۔

~~~~~~~~~

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

" ..مجھے نہیں لگتا اب وہ عدن واپس آئے گی"

ملیحہ سیگرٹ کا کش لیتی ہوئی بولی۔

"...مانو مجھے جانا ہے"

حارب کوٹ کے بٹن بند کر رہا تھا۔

"تم مجھے جانے کا بول رہے ہو؟"

وہ سلگتی نگاہوں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

"مجھے سیٹ پر جانا ہے... شوٹنگ ہے میری۔"

وہ رک کر اسے دیکھنے لگا۔

"امیزنگ! آج تمہارے پاس میرے لئے وقت نہیں ہے؟"

وہ اس کے قریب آتی ہوئی بولی۔

" ..میرے پاس اپنے بہت سے کام ہیں"

وہ نگاہیں چرا رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" یہاں دیکھو... تم اتنا سنجیدہ کیوں ہو رہے ہو؟ ہم ہمیشہ ساتھ رہے گے.. "

وہ اس کے شانے پر سر رکھے بول رہی تھی۔

حارب کے لئے یہ لمحہ نہایت کٹھن تھا۔

" ..مانو پلیز... تم نے اپنے ہاتھوں سے سب ختم کیا ہے"

وہ بےبسی سے گویا ہوا۔

" ہم ساتھ رہیں گے... ساتھ کام کریں گے۔ شاہد کو کوئی مسئلہ نہیں ہو گا۔"

وہ اس کا چہرہ ہاتھوں میں لیے آہستگی سے بولی۔

" تم پاگل ہو کیا؟ مانو میری بات یاد رکھنا دو کشتیوں کے سوار کبھی منزل پر نہیں پہنچتے... اور مجھے ایسا ریلیشن نہیں چائیے سو پلیز۔"

وہ اسے خود سے دور کرتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ برہم تھا۔

"تم کیسے؟"

وہ ششدر رہ گئی۔

" ...مجھے لیٹ ہو رہا ہے یو مے لیو ناؤ"

نہایت بے رخی سے کہا گیا۔

وہ اثبات میں سر ہلاتی تیزی سے باہر نکل گئی۔

حارب بالوں میں ہاتھ پھیرتا خود کو نارمل رکھنے کی سعی کرنے لگا۔

" اب نہیں... راستہ تم نے بدلا اور اب میں مڑ کر نہیں دیکھوں گا۔"

چہرے پر بلا کی سختی تھی۔

~~~~~~~~~

رات کی چادر اپنے پر پھیلا چکی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

ہر طرف خاموشی اور تاریکی کا راج تھا۔

سڑکیں سنسان پڑیں تھیں۔

دور دور سٹریٹ لائٹس جل رہیں تھیں جن سے کچھ ڈھارس مل رہی تھی۔

عدن رف سے حلیے میں تھی۔

وہ تن و تنہا رات کے اس پہر قبرستان کے اندر آگئی۔

اندر خوفناک خاموشی اور دل دہلا دینے والی تاریکی تھی۔

لیکن اسے خوف محسوس نہیں ہوا۔

کتوں کے بھونکنے کی آوازیں سنائی دینے لگیں۔

وہ ابھی بھی بے خوف و خطر چلتی جا رہی تھی۔

وہ کچھ تلاش رہی تھی مانو کچھ کھو گیا ہو۔

اسے تاریکی میں قبروں کو دیکھ کر بھی خوف محسوس نہیں ہو رہا تھا ایک ٹرانس میں وہ چلتی جا رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عین اسی لمحے کسی نے اسے عقب سے کھینچا۔

"اس وقت یہاں آنے کا مطلب جانتی ہو؟"

وہ تمس سے غرایا۔

وہ خالی خالی نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

" !موت کی بازی"

وہ اسے خوفزدہ کرنا چاہتا تھا۔

"مجھے خوف نہیں آتا۔"

وہ اس کی آنکھوں میں جھانکتی ہوئی بولی۔

لمحہ بھر کو وہ ٹھٹھک گیا۔

" ...کیسے؟ میرے ساتھ چلو"

حسنین اس کی کلائی تھامے قبرستان سے باہر نکل آیا۔

اور وہ تو جیسے اسی کے حکم کی منتظر تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تم ٹھیک ہو؟"

نجانے کیوں اسے فکر لاحق ہوئی۔

"ٹھیک؟"

وہ تمسخرانہ انداز میں ہسنی۔

" !یہاں کیوں آئی ہو تم؟ بولو"

وہ اسے جھنجھوڑ رہا تھا۔

تم.. کہاں غائب ہو گئے تھے بتاؤ مجھے؟ دوبارہ تم میرے " سامنے کیوں نہیں آئے بولو؟"

وہ طیش میں چلا رہی تھی۔

آنکھیں تو برسنے کو بےتاب تھیں فوراً چھلکنے لگیں۔

"کیوں؟ تمہیں مجھ سے کیا کام؟"

وہ چور نظروں سے دیکھتا ہوا بولا۔

ت تم نے کہا تھا دعا مانگو... میری دعا قبول ہو جائے گی.. "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن تم,, تم نے جھوٹ بولا.. بلکل جھوٹ میری دعا قبول نہیں ہوئی دیکھو..."

وہ قبرستان کی جانب اشارہ کرتی ہوئی بولی۔

عدن کے آنسو حسنین کو بھی رونے پر مجبور کر رہے تھے۔

"آؤ میں تمہیں دکھاؤں,, وہ وہاں سو رہی ہے.. دیکھو سب اسے اکیلا چھوڑ آئے... وہ چلی گئی, چلی گئی مجھے چھوڑ کر..."

وہ بولتی ہوئی اس کے پیروں میں بیٹھ گئی۔

اس کے پاس کچھ بھی نہیں تھا بولنے کو...

نہ ہی دو بول تسلی کے...

"مجھے بھی ثمن کے پاس جانا ہے... مجھے ملنا ہے اس سے... پلیز لے جاؤ مجھے,, تم میرے جیسے نہیں ہو.. تم شاید اچھے ہو!!"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کیا بول رہی تھی خود بھی انجان تھی۔

"!عدن چپ... میری بات سنو"

وہ گھٹنوں کے بل اس کے سامنے بیٹھتا ہوا بولا۔

" میری دعا کیوں قبول نہیں ہوئی؟ بتاؤ؟ تم نے مجھے غلط طریقہ بتایا تھا کیا؟ سچ سچ بتانا؟"

وہ کسی معصوم بچے کی مانند استفسار کر رہی تھی۔

" دیکھو موت سے کوئی نہیں لڑ سکتا نہ ہی کوئی جیت سکتا ہے... اس کا مطلب یہ نہیں تمہارا طریقہ غلط تھا,, سمجھ رہی ہو نہ؟"

حسنین کے لئے یہ وقت نہایت کٹھن تھا۔

وہ بےبسی سے اس کی شہد رنگ کی آنکھوں میں دیکھنے لگی۔

بعض اوقات انسان اپنوں کی بجائے غیروں کے سامنے اپنا دل کھولتا ہے..جب اسے لگتا ہے کہ میرے اپنے مجھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سمجھ نہیں پائیں گے تو وہ ایسے انسان کے سامنے خود کو رکھتا ہے جو اسے سمجھ سکے,, جو اس کی مدد کر سکے۔

" ...چلو گھر چلیں"

وہ کھڑا ہوتا ہوا بولا۔

عدن کبھی اس کی ہتھیلی کو دیکھتی تو کبھی اس کے چہرے کو۔

حسنین اثبات میں سر ہلانے لگا۔

" ...مہ مجھے ثمن سے"

وہ انگلی سے اشارہ کرتی بول رہی تھی۔

"ابھی نہیں... بعد میں مل لینا۔"

وہ نرمی سے گویا ہوا۔

نجانے اس کی آواز میں ایسی کون سی تاثیر تھی جو اسے سکون دے رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ چپ چاپ اسکے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھتی کھڑی ہو گئی۔

پورا راستہ خاموشی کی نذر ہوا۔

ایسے میں عدن کی سسکیاں کبھی کبھی ارتعاش پیدا کر رہیں تھیں.. حسنین نے اسے رونے سے نہیں روکا۔ وہ چاہتا تھا کہ وہ اپنا دل ہلکا کر لے۔

" !بات سنو"

وہ گردن گھما کر اسے دیکھنے لگی۔

آنکھیں سرخ انگارہ بنی ہوئیں تھیں۔

چہرہ اترا ہوا تھا... اس لمحے وہ اذیت کی تصویر بنی ہوئی تھی۔

وہ منتظر نگاہوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

"خود پر حاوی مت کرو یہ سب.. اور کم سوچا کرو۔"

وہ خود بھی الجھا ہوا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آنکھوں میں پھر سے نمی تیرنے لگی۔

"تم سب ٹھیک کر سکتے ہو؟"

وہ امید بھری نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

" عدن میں ایک انسان ہوں.. ہاں تمہاری مدد ضرور کر سکتا ہوں"۔

چہرے پر بےبسی کی جگہ مسکراہٹ نے لے لی۔

وہ بغور اس کا چہرہ دیکھ رہی تھی۔

" ...تم جھوٹ بولتے ہو"

وہ کہہ کر باہر نکل گئی۔

حسنین سرد آہ بھرتا اسے جاتا دیکھنے لگا۔

~~~~~~~~~

" ..مس احسان فراموش مجھے بھوک لگی ہے"

وہ معصومیت سے منال کو دیکھ رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

تمہیں گھر سے کچھ نہیں ملتا؟ ہمیشہ بھوک ہی لگی رہتی " "..تمہیں

وہ زچ ہو کر بولی۔

ہاں تو اب سب تمہارے جیسے بن جائیں,,کھانے کی تصویر " "...کو دیکھ لیا اور سمجھو کھا لیا

وہ برا مان گیا۔

بل تم ہی دو گے... میرے باپ نے بینک نہیں کھلوا کر دیا " "مجھے۔

وہ خونخوار نظروں سے گھورتی ہوئی بولی۔

توبہ توبہ کیسا زمانہ آ گیا... اللہ معاف کرے..ایک کھانے " "کے پیچھے مرنے مارتے پر اتر آئی ہو تم؟

وہ متحیر سا کانوں کو ہاتھ لگاتا ہوا بولا۔

اپنا منہ بند رکھو... اور مجھے بتاؤ کچھ پیش رفت ہوئی " "بھی یا نہیں؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

روشن پیشانی پر بل پڑ گئے۔

" ..ایسے تو مجھ سے بات بھی نہیں ہو گی"

وہ اسے ستانے کے موڈ میں تھا۔

منال سر تھام کر بیٹھ گئی۔

" دماغ تو میرا خراب ہے جو تم جیسے بد دماغ کو اپنا پاٹنر بنا لیا۔"

وہ منہ میں بڑبڑاتی اِدھر اُدھر دیکھنے لگی۔

"کچھ کہا تم نے؟ ویسے میں سن چکا ہوں۔"

وہ کرسی کی پشت سے ٹیک لگاتا دانتوں کی نمائش کرنے لگا۔

" کام ختم ہونے کے بعد یقیناً ایک عدد کیس ضرور بنواؤں گی تم پر..."

وہ دانت پیستی ہوئی سوچنے لگی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ویٹر آڈر لے کر جا چکا تھا اور انیب کی جان میں جان آ چکی تھی۔

" یار دیکھو! تمہارے ماموں اور ممانی کا معلوم کرنا بہت مشکل ہے کیونکہ یہ تب کی باتیں ہیں جب ہم شاید اس دنیا میں ...تھے بھی نہیں"

وہ خالی کاغذ پر کچھ نوٹ کرتا بول رہا تھا۔

" پھر کیسے پتہ چلے گا؟ ابھی ان کا معلوم نہیں ہو رہا تو پھر یہ کیسے معلوم ہو گا ان کی موت کیسے ہوئی؟ اور تم نے حارب اور شاہد کی فیملی ڈیٹیلز چیک کیں؟"

وہ بے چین تھی۔

جلد از جلد وہ اس گتھی کو سلجھا لینا چاہتی تھی۔

" ہاں... اور سب سے انٹرسٹنگ بات یہ ہے کہ دونوں کی فیملی میں کوئی بھی نہیں ہے۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ رک کر اسے دیکھنے لگا۔

آج وہ براؤن کلر کا حجاب لئے ہوئے تھی۔

شاید اس کی خوبصورتی اس حجاب سے ہی تھی۔

"اووہ نو... اب تو اور زیادہ الجھن بڑھ گئی.. تمہیں جلد ہی معلوم کرنا ہو گا ورنہ ایک ایک پائی لوں گی تم سے..."

وہ کاٹ کھانے والی نظروں سے گھورتی ہوئی بولی۔

چہرے پر مایوسی کے سائے تھے۔

"اچھا اب کھانے تو دو...خوف میں اضافہ کر رہی ہو تم تو.."

وہ منہ بناتا ہوا بولا۔

منال ہلکا سا مسکرائی۔

ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ وہ اس کی بات پر مسکراتی ہو۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اووہ مائی گاڈ مجھے کچھ بانٹنا چاہیے... مس احسان "
"فراموش آج مسکرائیں؟

وہ منہ کھولے اسے دیکھنے لگا۔

" ..تم پورے پاگل ہو"

آج وہ کھل کر مسکرا رہی تھی۔

انیب کہنی میز پر رکھے,تھوڑی ہتھیلی پر رکھے اسے دیکھ رہا تھا۔

"تمہاری مسکراہٹ بہت پیاری ہے۔"

وہ سرگوشی کی مانند بڑبڑایا۔

"کیا کہا تم نے؟"

وہ آبرو اچکا کر بولی۔

"نہیں کچھ نہیں۔"

وہ مسکراتا ہوا سیدھا ہو گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ..جلدی کرو مجھے پاپا کے ساتھ جانا ہے"

وہ کلائی پر بندھی گھڑی دیکھتی ہوئی بولی۔

" میں تو آرام سکون سے کھاؤں گا..تم نے سنا نہیں جلدی کا کام شیطان کا کام؟ اتنا بھی نہیں معلوم تمہیں.."

وہ اس کی کم عقلی پر افسوس کرتا ہوا بولا۔

وہ کلس کر دوسری جانب دیکھنے لگی۔

~~~~~~~~~~

عدن میں سوچ رہی تھی کچھ دنوں کے لیے کہیں چلے جاتے ہیں؟"

عزہ کشمکش میں مبتلا تھی۔

" ..تم لوگ چلے جاؤ"

بے رخی سے جواب آیا۔

شہری تاسف سے دونوں کو دیکھنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

"تم اب گھر سے باہر نہیں نکلو گی؟"

شہری چبا چبا کر بولا۔

" ...پتہ نہیں"

وہ جیسے بات کرنے کی خواہاں نہیں تھی۔

" میم فیصل صاحب اور ان کی بیٹی آئی ہے.. سر نے آپ کو بلایا ہے.."

رابن کی آواز پر اس نے سر اٹھا کر دیکھا۔

چہرے پر شکنیں ابھرنے لگیں۔

"فیصل صاحب؟"

اس نے سوچتے ہوئے زیر لب دہرایا۔ جیسے یاد کرنے کی سعی کر رہی ہو۔

" ..میم آپ کے ڈیڈ کے دوست جو وکیل ہیں"

اس نے مشکل آسان کر دی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"...اوہ اچھا"

وہ بولتی ہوئی کھڑی ہو گئی۔

شرٹ جینز سے باہر نکال کر آئینے کے سامنے آ گئی۔

عزہ اور شہری خاموش اسے دیکھ رہے تھے۔

عدن بالوں میں برش چلاتی خود کو دیکھ رہی تھی۔

وہ بدل گئی تھی یا اسے ایسا محسوس ہو رہا تھا۔

"کیسے ہو آپ؟"

عدن منال کے گلے لگتی ہوئی بولی۔

"میں ٹھیک اور آپ؟"

وہ سنبھل کر بولی۔

عدن اثبات میں سر ہلاتی اس کے ہمراہ بیٹھ گئی۔

فیصل صاحب علی صاحب سے تعزیت کر رہے تھے اور عدن کی نظریں منال پر تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کی نظر منال کے حجاب پر ٹھر گئی تھی۔

اس سے قبل بھی وہ کئی بار منال سے مل چکی تھی لیکن کبھی اس نے اس کے حجاب کے متعلق نہیں سوچا۔ آج دماغ دم بخود اس جانب متوجہ ہو گیا تھا

"آپ ہمیشہ حجاب لیتی ہو؟"

بلآخر عدن نے زبان کھولی۔

جواب وہ جانتی تھی لیکن پھر بھی جانے کیوں پوچھ بیٹھی۔

"...جی ہمیشہ لیتی ہوں"

عدن کی نگاہوں سے وہ پزل ہو رہی تھی۔

"آپ کو الجھن نہیں ہوتی؟"

وہ بنا سوچے سمجھے بولتی جا رہی تھی۔

"اس میں الجھن والی کیا بات؟"

اس نے الٹا سوال داغا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میرا مطلب ہمیشہ بال کور رکھنا,, عجیب نہیں لگتا سب کے "بیچ میں؟"

روشن پیشانی پر شکنیں نمایاں تھیں۔

"نہیں مجھے عجیب نہیں لگتا... عادت ہے میری تو۔"

وہ ہلکا سا مسکرائی۔

اسے عدن کی جانب سے ایسے سوالات کی توقع نہیں تھی۔

اس کے بعد عدن نے اپنے لب پیوست کر لیے۔

وہ سپاٹ انداز میں کبھی علی صاحب کو دیکھتی تو کبھی کھڑکی سے پار۔

"یہ کیا؟"

عدن ٹھٹھک گئی۔

گارڈن میں کوئی کھڑا تھا۔

وہ آنکھیں چھوٹی کیے اس نفس کو دیکھنے کی سعی کرنے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لگی لیکن کامیاب نہ ہو سکی۔

وہاں جو بھی تھا درخت کی اوٹ میں چھپ چکا تھا۔

اس نے بیزاری سے نظروں کا زاویہ موڑ لیا۔

اسے اب کسی بھی شے سے فرق نہیں پڑ رہا تھا۔

وہ اپنے کمرے میں جانے کی بجائے ڈرائینگ روم میں آ گئی۔

لیپ ٹاپ پر مارننگ شو چل رہا تھا جس میں عدن نے شرکت کی تھی۔

وہ بے دلی سے صوفے پر بیٹھ گئی۔

یہ شو اس نے رمضان میں کیا تھا۔ اور وہ شلوار قمیض پہنے سر پر دوپٹہ لئے بیٹھی تھی۔

وہ عجیب عجیب نظروں سے خود کو دیکھنے لگی۔

آنکھوں کے سامنے ہاسپٹل والا منظر گھوم گیا جب حسنین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نے اس کے سر پر دوپٹہ اوڑھا تھا۔

وہ کہتا تھا نئی چیزیں ڈسکور کروں..کیا وہ سب جانتا " ہے؟"

اسے فکر لاحق ہوئی۔

کسی احساس کے تحت اس نے فون اٹھایا اور نمبر ملانے لگی۔

" ..جی عدن بول رہی ہوں"

وہ لمحہ بھر سانس لینے کو رکی۔

میرا رول آپ کسی اور کو دے دیں... میں انڈسٹری چھوڑ " رہی ہوں..."

چند لمحے لگے تھے اسے یہ فیصلہ لینے میں۔

"بس میں مزید کچھ نہیں کہنا چاہتی۔"

اس نے کھردرے پن سے کہتے ہوئے فون بند کر دیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سرد آہ بھرتی لیپ ٹاپ کی اسکرین کو دیکھنے لگی۔

زور سے لیپ ٹاپ کی اسکرین بند کرتے ہوئے وہ وہاں سے نکل آئی۔

آنسو ٹپ ٹپ اس کے رخسار کو بھگونے لگے۔

ثمن کا سراپا اس کی آنکھوں کے سامنے تھا۔

اس نے زور سے آنکھیں بند کر کے کھولیں۔

اسے نقاہت محسوس ہو رہی تھی۔ کچھ سوچ کر وہ سیڑھیوں میں بیٹھ گئی۔ فلحال وہ کسی سے بات نہیں کرنا چاہتی تھی۔

~~~~~~~~~~

ناظرین تازہ ترین خبر سے آپ کو آگاہ کرتے چلیں معروف " و مشہور اداکارہ نشاء جھنگ کی قابل اعتراض تصاویر لیک ہو گئیں۔

تصویر میں اداکارہ بالی وڈ کے معروف اداکار کے ساتھ انتہائی شرمناک حالت میں بیٹھی ہیں۔ آپ دیکھ سکتے ہیں کہ اداکارہ کے ہاتھ میں سیگرٹ ہے جبکہ اداکار ساحل خان کے ہاتھ میں شراب کی بوتل ہے۔ عوام کا اشتعال انگیز رد

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

"عمل... شیم آن یو نشاء ٹوئٹر کا ٹاپ ٹرینڈ بن گیا۔

اینکر گلا پھاڑ پھاڑ کر بول رہی تھی۔

نشاء نے گردن گھما کر ساحل کو دیکھا جو متفکر دکھائی دے رہا تھا۔

"اب؟"

وہ نشاء کی نظروں کا مفہوم سمجھ چکا تھا۔

" ...اب کیا؟ مجھے فرق نہیں پڑتا"

وہ ساحل کی بازو اپنے گرد حائل کرتی ہوئی بولی۔

"ہاں شاید اتنی کوئی فکر کرنے والی بات نہیں۔"

وہ نشاء کے بالوں پر بوسہ دیتا ہوا بولا۔

مجھے اپنا ٹائم تمہارے ساتھ اچھے سے گزارنا ہے... یہ " سب تو چلتا رہتا ہے.. میڈیا کو اپنی ریٹنگ چاہیے میرا شکر ادا کرنا چاہیے انہیں ایک ٹاپک مل گیا.. "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ قہقہ لگاتی ہوئی بولی۔

" ..مجھے بھی"

وہ آہستہ سے بولا۔

ساحل نے ریموٹ اٹھا کر چینل بدلنا چاہا۔

"ایک منٹ ساحل... یہ تو ثناء میر کی بات کر رہی ہے۔"

اینکر کی آواز پر وہ تعجب سے سننے لگی۔

ساحل نے واپس چینل بدل کر آواز تیز کر دی۔

ثناء میر کا مولانا اعجاز قادری کے خلاف زیادتی کا کیس " فائل... اداکارہ کا کہنا ہے کہ انہیں دھوکے سے بلا کر زیادتی کا نشانہ بنایا گیا۔ ثناء میر وہی ہیں جنہوں نے ماڈلنگ چھوڑ کر دینی تعلیم لینا شروع کر دی تھی۔ وہ اسی سلسلے میں مولانا اعجاز قادری کے پاس جاتی تھیں۔مزید بات کریں گے اس بریک کے بعد..."

نشاء کی پیشانی پر بل پڑ گئے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"جانتے ہو یہ میری قریبی دوست ہے...اس نے ماڈلنگ چھوڑ دی تھی۔"

وہ متحیر سی اسے بتانے لگی۔

" ...ابھی تم نے کہا ہم اپنا ٹرپ خراب نہیں کریں گے"

وہ خفگی سے بولا۔

"یس جان ہمارے ٹرپ کو کچھ بھی نہیں ہوا... میں چینج کر لوں پھر چلتے ہیں۔"

وہ اپنے لب اس کے رخسار پر رکھتی اس کے حصار سے نکل گئی۔

وہ مسکراتا ہوا شرٹ پہنے لگا۔

~~~~~~~~~

"تو مجھے سکون مل جائے گا اس طرح؟"

عدن انہماک سے انہیں سنتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

ہاں جیسے میں نے پہلے بھی بتایا تھا دل سے توبہ کرو گی "
"تو ضرور اللہ تمہاری مشکل آسان کرے گا۔

لیکن مجھ سے نہیں ہوتا.. عجیب سا لگتا ہے نماز پڑھنا "
" ...اور

وہ جھنجھلا کر بولی۔

چہرے پر الجھن نمایاں تھی۔

بیٹا وہ دلوں کا حال جانتا ہے.. اگر سچے دل سے اسکی "
"جانب قدم بڑھاؤ گئی تو کامیاب بھی ہو جاؤ گی؟

وہ نرمی سے گویا ہوئے۔

" ...آپ سمجھ نہیں رہے"

وہ کہتی ہوئی تیزی سے باہر نکل آئی۔

مجھے کیا ہو رہا ہے؟ میں کیسے یہ سب چھوڑ سکتی "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ہوں؟

وہ خود کلامی کر رہی تھی۔

" ..یہ سب اتنا عجیب ہے.. میں اس میں فٹ نہیں ہوتی"

وہ خود سے رائے قائم کر رہی تھی۔

جب انسان سیدھا راستہ اختیار کرتا ہے تو شیطان اس کے راستے میں رکاوٹ ضرور ڈالتا ہے... اسے قطعاً یہ برداشت نہیں ہوتا کہ کوئی غلط راستہ چھوڑ کر نیکی کی جانب آئے۔

ایسے میں ہمیں اپنا ایمان مضبوط رکھنا چائیے... ان رکاوٹوں سے گھبرانے کی بجائے اپنا ایمان مضبوط رکھنا چائیے۔

وہ مرے مرے قدم اٹھاتی گاڑی میں بیٹھ گئی۔

پچھلے ایک ہفتے سے وہ یہاں آ رہی تھی ایسے میں اس نے اپنا لباس تبدیل کر لیا تھا لیکن وہ پرسکون نہیں تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عدن آنکھیں موندے سیٹ کی پشت سے سر ٹکائے ہوئے تھی۔

دور درخت کی اوٹ سے دو سیاہ آنکھیں عدن کو اپنے حصار میں لئے ہوئے تھیں اور آج بھی وہ انجان تھی۔

~~~~~~~~~~

"مس احسان فراموش سکتے میں آ گئی ہو کیا؟"

وہ کالر کھڑی کرتا ہوا بولا۔

"تمہیں کیسے معلوم ہوا؟"

وہ ابھی تک ششدر تھی۔

"اتنی جلدی؟"

وہ بے یقینی کی کیفیت میں تھی۔

لیکن یہ کیسے پتہ چلے گا تمہاری ماما کا قتل اسی نے کیا ہے"؟ اور یہ کیوں کرے گا؟"

وہ الجھا ہوا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

"تم گھر کے اندر کیسے آئے؟"

وہ منہ کھولے اسے دیکھ رہی تھی۔

آج وہ سیاہ رنگ کا حجاب لئے ہوئے تھی۔

جو بھی رنگ ہوتا اس کی شخصیت کو چار چاند لگا دیتا۔

" ..ظاہر ہے چل کر... اب تم نے کیا شٹل رکھی ہوئیں ہیں"

وہ منہ بنا کر کہتا ہوا صوفے پر گر گیا۔

"بیٹھنے کی تمیز نہیں ہے تمہیں؟"

منال گھورتی ہوئی دوسرے صوفے پر بیٹھ گئی۔

"نہیں ہے.. تو کیا کروں؟"

وہ آبرو اچکا کر اسے دیکھنے لگا۔

" ہاں سمجھ تو ابھی بھی نہیں آ رہا... یہ اصل میں ہوا کیا تھا.."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ تاسف سے کہتی تصویروں کو دیکھنے لگی۔

" ...ہیلو... جی,, اچھا میں آتا ہوں"

وہ فون کان سے لگائے کھڑا ہو گیا۔

https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کی جانب گھومتا ہوا بولا۔

"تم میرا جائزہ لے رہے تھے؟"

وہ خفگی سے بولی۔

" ..ہاں اب بندہ ٹھکری ہو گا تو پھر کیوں نہیں لے گا"

وہ اسے تنگ کرنے کے موڈ میں تھا۔

"..ذرا سی بھی شرم باقی نہیں تمہارے اندر"

وہ تلملا اٹھی۔

تمہارے پاس اتنی زیادہ ہے تو تھوڑی سی مجھے ہی دے "
" ..دو

اس نے ہانک لگائی۔

منال جاتی جاتی مڑ کر اسے دیکھنے لگی۔

" ..تم جیسے کو دینے کا بھی کوئی فائدہ نہیں"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے اب خود پر غصہ آ رہا تھا۔

" میں اتنی پاگل کیسے ہو سکتی ہوں؟ وہیں پر سو گئی.. اف ...کیا سوچ رہا ہو گا وہ "

وہ خود کو کوستی ہوئی زینے اترنے لگی۔

انیب مسکراتا ہوا چھوٹے چھوٹے قدم اٹھانے لگا۔

~~~~~~~~~~

" تم ایکٹنگ شروع کر دو..تم خوبصورت بھی ہو اور دنیا کو فیس بھی کر سکتی ہو.. "

وہ اس کے بال سنوارتا ہوا بولا۔

" لیکن علی... میرے بابا کبھی نہیں مانیں گے مجھے خود بھی کوئی شوق نہیں.. "

وہ الجھ کر بولی۔

" تم میری بیوی ہو.. اور شوہر کی فرمانبرداری کرنا بیوی کی اولین ترجیح ہونا چائیے۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

وہ خفا انداز میں بولا۔

" ..لیکن یہ شوبز کی دنیا اچھی نہیں"

اس کا دل ماننے پر تیار نہیں تھا۔

"..ٹھیک ہے پھر مجھے بھی تم سے کوئی رشتہ نہیں رکھنا
"

ایک لمحے میں وہ بیگانہ ہو گیا۔

"علی.. تم کیا بول رہے ہو جانتے بھی ہو؟"

وہ بے یقینی کی کیفیت میں تھی۔

" میں تمہیں شوبز میں دیکھنا چاہتا ہوں.. تمہارا فیوچر بنا رہا
"....ہوں اور تم ہو کہ

وہ تاسف سے کہتا اس سے دور ہوتا جا رہا تھا۔

"لیکن تم خود سوچو.. میں کیسے؟"

وہ اپنی جانب اشارہ کرتی ہوئی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم نے پہلے نہیں پہنی تو اب پہن لینا یہ کوئی ایسا مسئلہ " " ..نہیں.. سب لڑکیاں پہنتی ہیں جینز شرٹ وغیرہ وغیرہ

وہ لاپرواہی سے بولا۔

"..میں ان سب میں سے نہیں ہوں"

وہ زور دے کر بولی۔

محبت کی شادی تم کر سکتی ہو.. لیکن میرے لئے یہ نہیں " "کر سکتی؟

وہ اس کے قریب آتا ہوا بولا۔

وہ الگ چیز ہے اور یہ الگ.. تم دونوں کو ملا نہیں " " ..سکتے

وہ جھنجھلا کر بولی۔

ناراض تو ابھی بھی ہیں نہ تمہارے بابا؟ تو پھر کیا فرق "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پڑتا ہے... تمہاری زندگی میں سب سے اہم میں ہوں.. اور یاد
"کرو تم نے وعدہ کیا تھا میری ہر بات مانو گی؟

وہ آبرو اچکا کر بولا۔

لیکن علی مجھے نہیں پسند یہ سب.. میری پرورش ایسے "
" ..ماحول میں نہیں ہوئی

وہ آنکھوں میں نمی لئے بولی۔

فیصلہ تمہارا ہے... میرا انتخاب کرتی ہو یا پھر اپنی اس "
" ...پرورش کا

وہ ایک سلگتی نگاہ ڈالتا باہر نکل گیا۔

علی کس کشمکش میں ڈال دیا ہے تم نے مجھے... واپسی "
کا کوئی راستہ نہیں اور تم نے میرے سامنے بھی خندق
" ..کھود دی ہے

وہ اشک بہاتی زمین پر بیٹھتی چلی گئی۔

~~~~~~~~~~

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

" ..تم بھی چلو میرے ساتھ پارٹی میں"

عدن اس کے سامنے آتی ہوئی بولی۔

حسنین نے لیپ ٹاپ سے نگاہ اٹھا کر اسے دیکھا جو اس وقت رف سے حلیے میں تھی۔

"..تم چلی جاؤ لیکن"

وہ رک کر اسے دیکھنے لگا۔

"لیکن کیا؟"

وہ منتظر نگاہوں سے دیکھ رہی تھی۔

" ..تم پارٹی ڈریس نہیں پہنو گی نہ ہی جینز وغیرہ"

وہ کہتا ہوا نظریں لیپ ٹاپ کی مرکوز کر گیا۔

"تمہارے بغیر میں کیسے جا سکتی ہوں؟"

وہ بولتی ہوئی بیڈ پر بیٹھ گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں تمہیں نہیں روک رہا.. لیکن مجھے کوئی انٹرسٹ نہیں "
" ..ایسی فضول پارٹیز میں جانے کا

وہ سرد مہری سے بولا۔

"تو مطلب تم مجھے اکیلی بھیج دو گے؟"

وہ جیسے حیران ہوئی۔

" ..میں کام کر رہا ہوں"

وہ اس کی بات نظر انداز کرتا اسے دیکھنے لگا۔

" ..بعد میں کر لینا.. ویسے بھی تم رات بھر جاگتے ہو"

وہ لیپ ٹاپ بند کرتی ہوئی بولی۔

" ...تم اپنی حد پار کر رہی ہو"

وہ تیکھے تیور لئے بولا۔

" ..واٹ ایور... تم چل رہے ہو اور یہ فائنل ہے"

وہ بولتی ہوئی الماری کی جانب بڑھ گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ..عجیب زبردستی ہے"

وہ منہ میں بڑبڑایا۔

" ..پلیز"

ایک لمحے میں وہ بدل گئی۔

وہ تعجب سے اسے دیکھنے لگا۔

" ..مجھے نہیں پسند یہ سب"

وہ نگاہیں چرا کر بولا۔

میرے لئے... کچھ باتیں میں مان رہی ہوں کچھ تم مان لو... "
شہری کے پیرنٹس کی اینیورسری ہے ورنہ کبھی ضد نہ
" ..کرتی

وہ پل بھر میں موم ہوئی تھی۔

وہ جانتا تھا کہ شہری سے وہ کتنی اٹیچ ہے سو لیپ ٹاپ بند کرتا کھڑا ہو گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"..یہ دیکھو میں نے پسند کیا ہے تمہارے لیے"

وہ بلیک کلر کا فور پیس اس کے سامنے کرتی ہوئی بولی۔

" ..میں اپنے کپڑے پہنوں گا"

وہ بولتا ہوا کھڑا ہو گیا۔

"کیا میرا اور تمہارا الگ ہے؟"

اس کی آنکھوں میں تحیر سمٹ آیا۔

"...بلکل"

وہ بے رحمی سے دیکھتا ہوا بولا۔

" ..تم مجھے ہرٹ کرتے ہو"

وہ آنکھوں میں نمی لئے بولی۔

وہ بنا کچھ کہے آگے بڑھ گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عدن نے مایوسی سے بیڈ پر رکھ دیا۔

" ..میں ثمن کے کمرے میں جا رہی ہوں.. میڈی آیا ہے"

وہ بولتی ہوئی دروازے کی جانب بڑھ گئی۔

" ..رکو"

حسنین کی آواز نے اس کے پیروں میں زنجیر باندھ دی۔

وہ رخ موڑ کر سوالیہ نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

تم میڈی سے تیار نہیں ہو گی.. کسی فی میل آرٹسٹ کو " بلاؤ.. "

وہ حکم صادر کرتا اپنے کام میں مصروف ہو گیا۔

" ..اچھا"

وہ بس اتنا بول پائی۔

حسنین نے ایک نظر اس فور پیس پر ڈالی جو عدن بیڈ پر رکھ کر گئی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ سوچ کر اس نے اسے اٹھایا اور واش روم میں چلا گیا۔

" ...ڈیڈ پلیز اب ختم کریں یہ ناراضگی"

وہ ان کے گال پر بوسہ دیتی ہوئی بولی۔

ان کی جانب سے مکمل خاموشی تھی۔

"آپ نہیں آ رہے؟"

وہ تعجب سے بولی۔

" ..نہیں"

وہ رخ موڑ کر بولے۔

"..میں شہری سے ایکسکیوز کر لوں گی"

وہ سرد آہ بھرتی چل دی۔

عدن دوپٹہ سنبھالتی ہوئی آ رہی تھی۔

حسنین گاڑی کے ساتھ ٹیک لگائے کھڑا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جونہی اس کی نظر حسنین سے ٹکرائی آنکھوں سے خوشگوار حیرت چھلکنے لگی۔

" ..تھینک یو"

وہ مسکراتی ہوئی فرنٹ سیٹ پر بیٹھ گئی۔

حسنین بنا کچھ کہے ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ گیا۔

پارٹی میں حسنین اور عدن کے کپل پر خاصے تبصرے ہو رہے تھے۔

حسنین کون تھا؟ اب تک سبھی انجان تھے اور جاننے کے لیے متجسس تھے۔

وہ چہرے پر بیزاری سجائے عدن کے ہمراہ کھڑا تھا۔

آج عدن نے نہ کسی سے گلے ملے اور نہ ہی ہاتھ ملایا۔ کیونکہ یہ حسنین کی تاکید تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کا فون رنگ کر رہا تھا۔

اسکرین پر نمرہ کا نام دیکھ کر حسنین کی پیشانی پر بل پڑ گئے۔

" ..میں ابھی آیا"

وہ عدن کے کان میں سرگوشی کرتا چل دیا۔

وہ مسکرا کر کسی ایکٹرس سے باتیں کر رہی تھی۔

یکدم گانا بند ہو گیا۔

ہلکی ہلکی موسیقی سنائی دینے لگی۔

" ..یہ دھن"

وہ حیرت سے بولی۔

جاگے جاگے رہتے تھے"

کھوئے کھوئے رہتے تھے

کرتے تھے پیار کی باتیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ شاہد تھا جو مائیک ہاتھ میں پکڑے عدن کو دیکھتے ہوئے اس کی جانب بڑھ رہا تھا۔

وہاں موجود ہر شخص حیران تھا۔

عدن پتھرائی نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

کبھی تنہائی میں
کبھی پروائی میں
ہوتی تھی روز ملاقاتیں
تیری ان بانہوں میں
تیری ان پناہوں میں
میں نے ہر لمحہ گزارا
وہ عدن کے گرد گھوم رہا تھا۔

تیرے اس چہرے کو
چاند سنہرے کو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے تو جگر میں اتارا

وہ اس کے رخسار پر اپنی انگلی کا لمس چھوڑ چکا تھا۔

" ..شاہد دور رہو مجھ سے"

وہ لوگوں کے باعث آہستہ مگر کرخت لہجے میں بولی۔

کتنے تیرے قریب تھا

وہ عدن کی پشت سے ٹیک لگاتا ہوا بولا۔

وہ دو قدم آگے بڑھ گئی۔

میں تو تیرا نصیب تھا

ہونٹوں پے رہتا تھا ہر وقت

بس نام تیرا

کیا تمہیں یاد ہے؟

وہ پھر سے عدن کے سامنے آ گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس سے قبل کہ وہ پھر عدن کے چہرے کو چھوتا حسنین دونوں کے بیچ آ کر دائیں ہاتھ سے شاہد کا گریبان پکڑے کھڑا ہو گیا۔

آنکھوں سے چنگاڑیاں نکل رہی تھیں۔

کیا تمہیں یاد ہے؟

کیا تمہیں یاد ہے؟

وہ مسکراتا ہوا گا رہا تھا۔

عدن حسنین کے عقب میں چھپ چکی تھی۔

سب دلچسپی سے اس ڈرامے کو دیکھ رہے تھے۔

جو بھی قسمیں کھائی تھیں ہم نے"

وہ بائیں جانب جھکتا حسنین کے عقب میں عدن کو دیکھتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حسنین نے جھٹکے سے اسے دور کر دیا۔

وہ مسکراتا ہوا ان سے دور ہو گیا البتہ نگاہیں ابھی بھی عدن پر تھیں۔

شہری متفکر سا انہیں دیکھ رہا تھا۔

وعدہ کیا تھا جو مل کر

تو نے ہی جیون میں لایا تھا میرے سویرا

کیا تمہیں یاد ہے؟

کیا تمہیں یاد ہے؟

کیا تمہیں یاد ہے؟

میوزک پر وہ خاموش اِدھر سے اُدھر چلنے لگا۔

عدن عجیب کیفیت میں مبتلا تھی۔ نگاہیں جھکی ہوئی تھیں۔

دن کے اجالوں میں"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خوابوں خیالوں میں

میں نے تجھے پل پل دیکھا

آواز بدل چکی تھی۔

عدن نے تعجب سے سر اٹھا کر دیکھا تو حسنین دکھائی دیا۔

وہ گاتا ہوا اس کے پاس آ رہا تھا۔

میری زندگانی تو

میری کہانی تو

تو ہے میرے ہاتھوں کی ریکھا

میں نے تجھے چاہا تو

اپنا بنایا تو

تو نے مجھے دل میں بسایا

پیار کے رنگوں سے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بہتی امنگوں سے

تو نے میرا سپنا سجایا

وہ عدن کا ہاتھ پکڑے اسے دیکھنے لگا۔

وہ نم آنکھوں سے مسکرانے لگی۔

تیرے لبوں کو چوم کے

بانہوں میں تیری جھوم کے

میں نے بسایا تھا آنکھوں میں تیرا بسیرا

کیا تمہیں یاد ہے؟

کیا تمہیں یاد ہے؟

کیا تمہیں یاد ہے؟

وہ عدن کی نگاہوں میں دیکھ رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سب محظوظ ہو رہے تھے۔

شاہد تلملاتا ہوا ایک طرف کھڑا تھا

" ...انٹرسٹنگ"

شہری محظوظ ہوا۔

" ..میری پارٹی کو چار چاند لگا دئیے"

وہ کھل کر مسکرایا۔

حسنین عدن کے ہمراہ کھڑا ہو کر شاہد کو دیکھنے لگا۔

آنکھوں میں تنبیہ تھی۔

شہری نے ویٹر کو اشارہ کیا تو وہ حسنین سے مائیک لے کر چلا گیا۔

" ..ویل ہم نہیں جانتے تھے تم سنگر ہو"

شہری ان کے پاس آتا ہوا بولا۔

حسنین سرد نگاہوں سے شاہد کو دیکھ رہا تھا۔

غصے سے گردن کی رگیں تنی ہوئی تھیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ..مجھے بھی ابھی معلوم ہوا"

عدن دلچسپ نظروں سے حسنین کو دیکھ رہی تھی۔

" تم دونوں اینجوائے کرو..میں باقی مہمانوں کو دیکھ لوں۔"

وہ ایکسکیوز کرتا چلا گیا۔

دوبارہ شاہد نے عدن کے قریب آنے کی کوشش نہیں کی۔

" ...شاہد تم زندہ ہو"

بلآخر ملیحہ کو موقع ملا اس سے بات کرنے کا۔

"اگر زندہ نہ ہوتا تو یوں تمہارے سامنے ہوتا؟"

وہ تپ کر بولا۔

" ..اوہ میں بہت خوش ہوں"

وہ اس کے سینے سے لگ گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...مجھے فلحال کوئی بات نہیں کرنی"

وہ اسے خود سے دور کرتا ہوا بولا۔

ملیحہ نے اس کی نگاہوں کا تعاقب کیا جو عدن پر تھیں۔

عدن مسکراتی ہوئی حسنین سے کچھ کہہ رہی تھی۔

وہ جیب میں ہاتھ ڈالے کھڑا تھا۔

بلاشبہ وہ ایک مضبوط شخصیت کا حامل تھا۔ مقابل کو مرعوب کر دینے کی تمام تر صلاحیت اس کے پاس تھی۔

اس پارٹی میں تقریباً سبھی کی نگاہیں حسنین پر تھیں۔

اس کی جانب کھینچے جانے کی سب سے بڑی وجہ اس کی آنکھیں تھیں۔سنہری رنگ کی آنکھیں, اس کی صاف رنگت پر جچتی تھی, پھر اس کی بھورے رنگ کی داڑھی مزید مشکل میں ڈال دیتی۔

ملیحہ حسنین سے نظروں کا زاویہ موڑتی کاٹ دار نظروں سے عدن کو دیکھنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"...اچھا ہوا اس کا نکاح ہو گیا"

وہ سانس خارج کرتی ہوئی بولی۔

" تم بولتے کیوں نہیں ہو؟ نہ میری باتوں کا جواب دیتے ہو۔"

وہ خفگی سے کہتی گاڑی میں بیٹھ گئی۔

" میں نہ فضول بولتا ہوں.. نہ ہی فضول باتوں کا جواب دیتا ہوں.. "

وہ سرد لہجے میں کہتا سیٹ بیلٹ باندھنے لگا۔

وہ منہ کھولے اسے دیکھنے لگی۔

" تم تو اچھے بھلے سنگر ہو... تم نے میرے لئے گانا گایا اور وہ بھی سب کے سامنے... سچ سچ بتانا تمہارے دل میں کیا ہے؟"

وہ اشتیاق سے بولی۔

" زیادہ خوش مت ہو.. وہ تمہاعی حفاظت کا ایک طریقہ تھا..."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...شاہد کو اسی کی زبان میں جواب دیا ہے میں نے

وہ بے رخی سے کہتا ڈرائیو کرنے لگا۔

عدن کا سارا جوش جھاگ کی مانند بیٹھ گیا۔

" ..تم بہت بے حس ہو"

وہ رخ موڑ کر شیشے سے پار دیکھنے لگی۔

لیکن مجھے ابھی بھی یقین نہیں آ رہا...وہ لمحہ جب تم " سامنے آئے..."

اس کی بے رخی کے باوجود وہ خفا نہ رہ سکی۔

حسنین کے چہرے پر بلا کی سنجیدگی تھی۔

"ایک بات تو بتاؤ؟"

وہ اس کی جانب دیکھتی ہوئی بولی۔

" ..نہیں"

کھٹاک سے جواب آیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ..بہت برے ہو تم"

وہ منہ بسورتی ہوئی بولی۔

" ...وہاں تو ایسے ظاہر کر رہے تھے جیسے"

...میں نے تمہیں کہا ہے کہ میں تمہاری حفاظت کر رہا تھا"

"

وہ دانت پیستا ہوا بولا۔

" ..ہوں.. حفاظت"

وہ ہنکار بھرتی پھر سے رخ پھیر گئی۔

" ...میں آج کے بعد کسی پارٹی میں نہیں جاؤں گی"

نجانے کس سوچ کے تحت وہ بولی۔

یا شاید مقصد اس سے بات کرنا تھا۔

"تمہیں ڈر لگتا ہے یا مجھ پر بھروسہ نہیں؟"

وہ گردن گھما کر اسے دیکھتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" نہیں مجھے ڈر نہیں لگتا,, وہ مجھ پر دھونس نہیں جما سکتا..."

وہ چبا چبا کر بولی۔

" تو پھر؟ مجھ پر بھروسہ نہیں؟ کیا میں تمہاری حفاظت نہیں کروں گا؟"

عدن نے اسے مایوس کیا۔

" نہیں ایسی بات نہیں ہے... تم پر تو بھروسہ ہے... لیکن اس انسان کو دیکھنا گوارا نہیں مجھے.."

وہ حقارت سے بولی۔

گاڑی میں ایک بار پھر سے خاموشی چھا گئی۔

عدن اب ہلکی پھلکی ہو گئی۔چہرے پر مدھم سی مسکراہٹ تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تو اب یہ گھر جمائی بنے گا؟"

لاؤنج میں قدم رکھتے ہی علی صاحب کی آواز گونجی۔

وہ جیسے ان دونوں کے منتظر تھے۔

عدن آنکھوں میں حیرت سموئے انہیں تکنے لگی۔

"ڈیڈ... آپ کیا بول رہے ہیں؟"

وہ آہستہ سے بولی۔

عدن کے عقب میں آتا حسنین سن چکا تھا۔

اس کے قدم وہیں جم گئے تھے۔

کیا غلط کہا ہے میں نے بتاؤ؟ نجانے کسے سڑک سے اٹھا " .. کر لے آئی ہو "

وہ درشتی سے بولے۔

" ..ڈیڈ پلیز.. ایسا مت بولیں"

وہ ان کی جانب بڑھتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آنکھوں میں نمی تیرنے لگی۔

اس سے زیادہ وہ نہیں سن سکتا تھا۔ خاموشی سے الٹے قدم اٹھاتا باہر نکل گیا۔

" ڈیڈ وہ میری پسند ہے... آپ میری پسند کو ایسے کیسے کہہ سکتے ہیں اور وہ آ رہا ہے میرے پیچھے.. "

عدن بولتی ہوئی گردن گھما کر دیکھنے لگی۔

وہاں کوئی نہیں تھا۔

"وہ چلا تو نہیں گیا؟"

بولتے بولتے دو موتی اس کی آنکھوں سے ٹوٹ کر رخسار پر آ گرے۔

" جاتا ہے تو جائے.. مجھے فرق نہیں پڑتا.."

وہ برہمی سے بولے۔

" لیکن مجھے فرق پڑتا ہے.."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بولتی ہوئی باہر نکل گئی۔

"چلا تو نہیں گیا؟"

وہ متفکر سی گیٹ کے پاس آ گئی۔

"حسنین باہر تو نہیں گیا؟"

وہ گارڈ کو دیکھتی ہوئی بولی۔

" ..جی وہ ابھی باہر نکلے ہیں"

وہ اشک بہاتی بند گیٹ کو دیکھنے لگی۔

وہ جانتی تھی اب وہ نہیں آئے گا۔

"ڈیڈ آپ نے کیوں کیا ایسا؟"

وہ اندر آتی ہوئی چلائی۔

"عدن یہ کس طرح بات کر رہی ہو تم مجھ سے؟"

وہ خفگی سے بولے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سوری بٹ یہ گھر میرا بھی ہے اور آپ اس طرح نہیں کر "
"...سکتے

وہ باور کراتی اپنے کمرے میں بھاگ گئی۔

اشکوں کے سنگ سب بہہ چکا تھا۔

وہ مسکراہٹ جو اس کے چہرے پر تھی۔

وہ خوشی جو اسے ملی تھی۔

"کیوں؟ میرے ساتھ ہی کیوں ہوتا ہے ایسا؟"

وہ ٹیبل پر بازو رکھے بول رہی تھی۔

دوپٹہ,شوز جیولری زمین پر گری ہوئی تھی۔ شاید وہ ہر چیز اتار کر پھینک چکی تھی۔

" ..مجھے خوشیاں نہیں غم راس آتے ہیں"

وہ سسکتے ہوئے بولی۔

کچھ سوچ کر وہ الماری سے اپنا پسندیدہ سامان اٹھا لائی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سیگرٹ سلگائی اور ہونٹوں میں دبا لی۔

غم غیض میں تغیر ہو رہا تھا اور سب دھواں بن کر اڑتا جا رہا تھا۔

وہ سرمئ دھواں دیکھ رہی تھی۔

آنکھوں کے سامنے پارٹی کا منظر گھوم گیا۔

حسنین اسے دیکھتا ہوا گا رہا تھا۔

"کیسے وہ میری ڈھال بن گیا تھا؟"

آنسو مسلسل بہہ رہے تھے۔

" ...سب ایک لمحے میں ختم ہوگیا"

وہ سیگرٹ ایش ٹرے میں مسلتی ہوئی چلائی۔

"آخر کیوں؟ سب برا میرے ساتھ ہی کیوں ہوتا ہے؟"

وہ مٹھیاں بھینچ کر بولیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دکھ, غصہ,بےبسی,, وہ سمجھنے سے قاصر تھی کس کا اظہار کرے۔

اس نے دوسری سیگرٹ اٹھائی اور سلگانے لگی۔

" ...میں بھی ایسے ہی جلتی ہوں"

وہ سیگرٹ کو دیکھتی ہوئی استہزائیہ ہنسی۔

حسنین سڑکوں پر گھوم رہا تھا۔

وہ جیب میں ہاتھ ڈالے پرسوچ انداز میں چل رہا تھا۔

اتنے پیسے نہیں تھے اس کے پاس کہ ہوٹل میں رات گزارتا۔

اس لئے رات اسے ایسے ہی گزارنی تھی۔

~~~~~~~~

"پھر کیا سوچا تم نے؟"

علی اندر آتا ہوا بولا۔

وہ آنسوؤں سے تر چہرہ اٹھا کر اسے دیکھنے لگی۔

"علی تمہیں مجھ پر ترس بھی نہیں آ رہا؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ سوں سوں کرتی ہوئی بولی۔

" تم اپنی دشمن بن رہی ہو... اسی لئے مجھے ترس نہیں آ رہا.. تمہیں اندازہ نہیں ہے تم کتنی بلندی تک جا سکتی ہو.. میں تمہارے لئے اتنی کوشش کر رہا ہوں سیدھا ڈرامے میں لیڈ رول ملے گا تمہیں اور تم ہو کے..."

وہ افسوس کا اظہار کرتا بات ادھوری چھوڑ گیا۔

وہ بےبسی سے علی کو دیکھنے لگی۔

~~~~~~~~

" دیکھو میں معافی مانگ لوں گا لیکن تم ایک بار سوچ لو اس متعلق..."

فیضی اس کے سامنے کھڑا تھا۔

عزہ کا حلیہ بے ترتیب تھا۔

وہ خوش نہیں تھی اور اس کا چہرہ اس بات کا گواہ تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

" ...فیضی اب کچھ نہیں بچا"

وہ جیسے تھک چکی تھی۔

" ..ایک موقع تو دے دو.. تم نے تو سب ہی ختم کر دیا"

وہ مدھم آواز میں بول رہا تھا۔

" میں فیصلہ لے چکی ہوں.. اور اب واپسی کا کوئی راستہ نہیں.."

وہ رخ پھیر کر کھڑی ہو گئی۔

"تم شہری کی شہ پر یہ سب کر رہی ہو نہ؟"

وہ تلملا اٹھا۔

" تم اچھے سے جانتے ہو مجھے کسی کی شہ کی ضرورت نہیں.."

وہ جتانے والے انداز میں بولی۔

"تو پھر ایک ہی دن میں کیسے اتنا بڑا فیصلہ لے لیا؟ بتاؤ؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دانت پیستا ہوا بولا۔

"یہ تمہارے برے رویے کا نتیجہ ہے.. ایک دن کا فیصلہ نہیں.. میں تھک چکی ہوں برداشت کرتے کرتے,, تمہیں سمجھاتے سمجھاتے..."

وہ سرد آہ بھرتی ہوئی بولی۔

"...پچھتاؤ گی تم"

وہ انگلی اٹھا کر غرایا۔

"...اب تک پچھتا ہی رہی تھی"

وہ چبا چبا کر بولی۔

وہ لمبے لمبے ڈگ بھرتا باہر نکل گیا۔

دروازے میں فیضی شہری سے ٹکرا گیا۔

"مجھے پتہ تھا تم ہی ہو گے اس کی پشت پناہی کرنے والے."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بڑبڑاتا ہوا چلا گیا۔

شہری فکرمند سا اندر آ گیا۔

"یہ کیا کرنے آیا تھا یہاں؟"

وہ عزہ کی پشت کو دیکھتا ہوا بولا۔

" ..کچھ نہیں"

وہ جیسے بات نہیں کرنا چاہتی تھی۔

" ..سچ بتاؤ مجھے"

وہ اسے بازو سے پکڑ کر اپنی جانب موڑتا ہوا بولا۔

"حال دیکھا ہے تم نے اپنا؟"

وہ جیسے ہرٹ ہوا تھا۔

"تمہیں کیوں اتنی فکر ہے بتاؤ؟ کیوں بار بار آ جاتے ہو؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اسے خود سے دور کرتی ہوئی چلائی۔

وہ تاسف سے اسے دیکھنے لگا۔

"تمہیں میرا آنا برا لگتا ہے؟"

وہ آہستہ سے بولا۔

اس نے بنا کچھ کہے رخ موڑ لیا۔

"میں نے پوچھا تمہیں میرا یہاں آنا برا لگتا ہے؟"

وہ اسے اپنی جانب کھینچتا ہوا بولا۔

" ہاں مت آیا کرو یہاں.. تمہاری وجہ سے میرے کردار کے بخیے ادھیڑے جاتے ہیں.."

وہ پھٹ پڑی۔

وہ فیضی کا غصہ اس پر اتار رہی تھی۔

اتنے دنوں سے اپنے اندر جو وہ تمس جمع کر رہی تھی آج شہری پر نکال رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ افسوس سے دیکھتا اثبات میں گردن ہلانے لگا۔

"تم چاہتی ہو میں کبھی تمہارے سامنے نہ آؤں؟"

وہ زور دے کر بولا۔

" ..ہاں مت آنا"

وہ زچ ہو گئی۔

"...ٹھیک ہے"

وہ اس کی بازو جھٹکتا تیزی سے باہر نکل گیا۔

عزہ بالوں میں ہاتھ پھیرتی ٹہلنے لگی۔

" ..کیا ہو رہا ہے مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہی"

وہ جھنجھلا کر کہتی کھڑکی کے پاس آ گئی۔

غصہ شہری کے چہرے پر نمایاں تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ گاڑی میں بیٹھ رہا تھا۔

وہ بےبسی سے شیشے پر ہاتھ رکھے اسے دیکھنے لگی۔

" ...آئم سوری"

وہ سرگوشیوں میں بولی۔

اسے اب برا لگ رہا تھا۔

~~~~~~~~

" ..او میڈم دروازہ کھولو"

شہری دروازہ کھٹکھٹاتا ہوا چلایا۔

" ..مجھے بات نہیں کرنی جاؤ تم"

عدن کی مدھم سی آواز سنائی دے۔

" یار نکاح کر کے دوست کو بھول گئی ہو تم.. انتہائی بے شرم انسان ہو تم.."

وہ جل کر بولا۔

عدن کی جانب سے مکمل خاموشی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

" ...ہوا کیا ہے یہ تو بتاؤ.. نہ تم میرا فون اٹھا رہی ہو"

وہ دروازہ سے ٹیک لگاتا ہوا بولا۔

" ...رابن سے بولو تمہیں چابی لا دے"

کافی دیر بعد وہ بولی۔

وہ خوش ہو کر زینے اترنے لگا۔

رابن چابیاں کہاں ہیں؟ عدن کے روم کی چابی لا دو "

" ...مجھے

وہ کچن میں آتا ہوا بولا۔

" ..جی سر لے کر آتا ہوں"

وہ سر ہلاتا چل دیا۔

" ..توبہ... اتنی سموکنگ"

وہ جونہی کمرے میں داخل ہوا سیگرٹ کی بو نے اس کا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

استقبال کیا۔

ایش ٹرے بھرا ہوا تھا اور وہ بے سدھ صوفے پر پڑی تھی۔

کون سا روگ لگ گیا ہے تمہیں؟ اور وہ تمہارے میاں جی " کہاں ہیں؟ مجھے لگا شاید تم دونوں اندر ہو اس لئے دروازہ "...نہیں کھول رہی

وہ بولتا ہوا اس کے پاس آ گیا۔

" ..چلا گیا ہے وہ"

وہ بولتی ہوئی سیدھی ہو کر بیٹھ گئی۔

"کیا مطلب؟"

وہ سنجیدگی سے اسے دیکھنے لگا۔

وہ پھر سے خاموش ہو گئی۔

" ..عدن میں کچھ پوچھ رہا ہوں"

وہ اسے بازوؤں سے پکڑتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عدن نے اس کے ہاتھ ہٹا دئیے۔

" ..بتاؤ تو ہوا کیا؟ تم مجھے پریشان کر رہی ہو"

وہ بے چینی سے پہلو بدلتا ہوا بولا۔

اپنی ٹینشن وہ بھول چکا تھا۔

" ...حسنین کو لے آؤ"

وہ بھرائی ہوئی آواز میں بولی۔

او میری جان.. تم کیوں ٹینشن لیتی ہو دیکھنا کان سے پکڑ " ..کر لاؤں گا "

وہ اسے اپنے ساتھ لگاتا ہوا بولا۔

وہ خاموش آنسو بہانے لگی۔

"عدن کیا کوئی بات ہوئی ہے؟"

اس کی خاموشی اسے مزید پریشان کر رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...تم بس لے آؤ اسے"

وہ اس سے الگ ہوتی ہوئی بولی۔

" ..کہاں ہے اس کا گھر بتاؤ؟ میں ابھی لے آتا ہوں"

وہ اس کے رخسار سے آنسو صاف کرتا ہوا بولا۔

" ...میرے فون میں نمبر ہے اس کا"

وہ بیڈ کی جانب اشارہ کرتی ہوئی بولی۔

"اوکے تم رونا مت اب... میں بات کرتا ہوں۔"

وہ اس کا منہ تھپتھپاتا چلا گیا۔

وہ یاس سے اسے دیکھنے لگی۔

شہری اس کا فون ان لاک کرتا نمبر ڈھونڈنے لگا۔

"ہیلو!"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہری کی آواز پر وہ دم سادھے اسے سننے لگی۔

حسنین بات کر رہے ہیں آپ؟ میں شہری بول رہا " ہوں...عدن کی حالت ٹھیک نہیں ہے۔ آپ خود آ کر دیکھ "لیں...وہ میرے ساتھ جانے پر رضامند نہیں۔

وہ شاید آرگیو کر رہا تھا۔

" ...اوکے ٹھیک ہے"

وہ مسکرا کر عدن کے سامنے آ گیا۔

"کیا کہا اس نے؟"

بے قرار سا لہجہ تھا۔

" ..آ رہا ہے.. اب خوش ہو جاؤ"

وہ مسکراتا ہوا بولا۔

"سچ میں؟"

وہ بے یقین تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اب سٹام پیپر پر لکھ کر دوں؟"

وہ برا مان گیا۔

" ...نہیں"

وہ آہستہ سے بولی۔

" ..اچھا میں چلتا ہوں.. اب تو تم بھی بڑی ہو جاؤ گی"

معنی خیزی سے کہتا دروازے کی جانب بڑھ گیا۔

" ..میں کال کروں گی تمہیں پھر بات کریں گے"

وہ بال سمیٹتی ہوئی بولی۔

" ..اوکے میڈم"

وہ سر کو خم دیتا چل دیا۔

عدن کی نگاہیں دروازے پر جمی تھیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ منتظر تھی۔ انتظار کے لمحے بڑھتے جا رہے تھے۔

قدموں کی آہٹ پر اس نے سر اٹھا کر دیکھا تو حسنین دروازے کے وسط میں کھڑا تھا۔

وائٹ کلر کی جینز کے ساتھ وہ بلیک کلر کی شرٹ پہنے ہوئے تھا۔

بال نفاست سے سیٹ کر رکھے تھا.. اس کا چہرہ ہشاش بشاش تھا۔

وہ یک ٹک کمرے کا جائزہ لے رہا تھا۔

آنکھوں میں تکلیف کے آثار ابھرنے لگے۔

وہ جیب میں ہاتھ ڈالتا آس کی جانب قدم اٹھانے لگا۔

"میری غیرموجودگی میں تم یہ سب کرو گی؟"

وہ تاسف سے اسے دیکھ رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تم مجھے چھوڑ کر چلے گئے تھے؟"

وہ نم آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

حسنین نفی میں سر ہلاتا اس سے کچھ فاصلے پر بیٹھ گیا۔

"مجھے اکیلے نہیں رہنا... پلیز تم مت جاؤ۔"

وہ اس کے ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی۔

" تم یہ سب چھوڑ کیوں نہیں دیتی؟ میں چلا جاؤں گا تو تم پھر سے ان چیزوں پر چلی جاؤ گی؟"

وہ خفگی سے دیکھ رہا تھا۔

" تم میرے ساتھ رہو گے تو میں کبھی ان چیزوں کو ہاتھ نہیں لگاؤں گی لیکن.. "

وہ رک کر اسے دیکھنے لگی۔

حسنین کی سنہری آنکھوں میں کرب تھا۔

اسے تکلیف ہو رہی تھی اسے اس حال میں دیکھ کر..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تم نے چینج نہیں کیا؟"

وہ اسے رات والے کپڑوں میں دیکھ کر بولا۔

" ..دل نہیں کیا"

وہ اس کے ہاتھ پر انگلی پھیرتی ہوئی بولی۔

" چلو اٹھو چینج کرو.. کیا بنی ہوئی ہو شیشے میں دیکھو خود کو.."

وہ خفا خفا سا کہتا کھڑا ہو گیا۔

"پہلے بتاؤ تم مجھے چھوڑ کر نہیں جاؤ گے نہ؟"

وہ آس بھری نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

وہ لب کاٹتا اسے دیکھنے لگا۔

" یہ گھر میرا بھی ہے.. میں ڈیڈ کو سمجھا دوں گی۔ اب ایسا کچھ نہیں ہوگا.. ان کی طرف سے میں سوری کرتی ہوں.."

وہ کھڑی ہوتی ہوئی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کی حالت سچ میں قابل رحم تھی۔

حسنین کمزور پڑ رہا تھا۔

" ..پلیز"

وہ مدھم آواز میں بولی۔

دو موتی ضبط کے باوجود بہہ نکلے۔

"ٹھیک ہے نہیں جاتا.. اب جاؤ چینج کرو۔"

وہ بیڈ کی جانب بڑھتا کھردرے پن سے بولا۔

وہ چہرہ صاف کرتی اپنے کپڑے نکالنے لگی۔

عدن نے اسے کشمکش میں مبتلا کر دیا تھا۔

" ..ایک طرف تم ہو اور ایک طرف میری عزت نفس"

وہ کھڑکی کو گھورتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بالوں میں ہاتھ بے چینی سے پھیرتا ٹہلنے لگا۔

" ...رابن یہ سب اٹھا لو یہاں سے"

حسنین کمرے سے باہر نکل آیا۔

اسے سیگرٹ کی بو سے نفرت تھی۔

لیکن عدن کی خاطر وہ برداشت کر رہا تھا۔

"ہم کہیں چلیں؟"

وہ اس کے ساتھ بیٹھتی ہوئی بولی۔

"کہاں؟"

وہ آبرو اچکا کر بولا۔

" ...میرا مطلب ہنی مون"

وہ منہ بناتی ہوئی بولی۔

" ..نہیں... میں اتنا فارغ نہیں ہوں تمہارے لئے"

بنا کسی لحاظ کے جواب آیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ منہ کھولے اسے دیکھنے لگی۔

"کیوں؟ میرے لئے کیوں ٹائم نہیں ہے تمہارے پاس؟"

وہ منہ بسورتی ہوئی بولی۔

مجھے اپنی فیملی کو بھی دیکھنا ہے.. تمہاری طرح "
"...گھومنے نہیں نکل سکتا میں

وہ فون پر انگلیاں چلا رہا تھا۔

وہ سانس خارج کرتی صوفے کی پشت سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئی۔

"تمہارے دل میں میرے لئے کیا ہے؟"

آخر وہ پوچھ ہی بیٹھی۔

" ..جیسا تم سوچ رہی ایسا کچھ بھی نہیں"

وہ سامنے دیکھتا ہوا بولا۔

" ...پھر کیا ہے؟ بتاؤ میں جاننا چاہتی ہو"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ پاؤں اوپر کرتی اس کی جانب رخ موڑ کر بیٹھ گئی۔

" سچ کڑوا ہوتا ہے اور تم سن نہیں پاؤ گی بہتر ہے ایسے ہی چلنے دو..."

وہ پرسوچ انداز میں بولا۔

"میں سننا چاہتی ہوں... تم بولو۔"

وہ بضد ہوئی۔

" ...مجھے تم سے کوئی دلی لگاؤ نہیں ہے.. اب خوش"

وہ زچ ہو کر بولا۔

"پھر؟"

وہ جیسے مزید سننا چاہتی تھی۔

آواز مدھم ہو چکی تھی۔

" ..پھر کچھ بھی نہیں"

وہ کہتا ہوا کھڑا ہو گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تم جا رہے ہو؟"

وہ اس کا ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی۔

" ...بہت سے کام ہیں مجھے"

وہ بے رخی سے کہتا باہر نکل گیا۔

وہ نم آنکھوں سے دروازے کو گھورنے لگی۔

"میم آپ کے لئے کھانا لاؤں؟"

رابن وہاں آتا ہوا بولا۔

" ..نہیں مجھے بھوک نہیں"

وہ کہتی ہوئی فون پر انگلیاں چلانے لگی۔

"ہاں...اب بولو؟"

وہ جیسے کچھ دیر کے لیے اپنے مسئلوں سے نکلنا چاہتی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیا عزہ نے ایسا بولا تمہیں؟"

وہ ششدر سی اسے سننے لگی۔

" یہ یقیناً فیضی کے باعث ہوا ہے...وہ آیا تھا تبھی اس نے تم سے ایسے بات کی... ابھی تم اس کے رویے پر برا مت مناؤ۔ اسے کچھ ٹائم دو۔"

" ہاں میں بھی سمجھ گیا تھا اس لیے مزید بحث نہیں کی۔"

وہ کافی حد تک سنبھل چکی تھا۔

"تمہارے میاں جی کہاں ہیں؟"

وہ شرارت سے بولا۔

" ..میاں جی نہیں ہے وہ"

وہ منہ بناتی ہوئی بولی۔

جواب میں اسے شہری کے قہقہے سنائی دے رہے تھے۔

" ..ابھی باہر گئے ہیں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ آہستہ سے بولی۔

" ...اوہو اتنی عزت"

وہ ہنستا ہوا بولا۔

"ہاں تو... کیوں نہ دوں؟"

وہ خفا ہو گئی۔

نہیں بھئی دو.. مجھے کیا مسئلہ ہو گا... ویسے کل بہت مزہ " "آیا۔

وہ گزشتہ رات کا منظر یاد کرتا ہوا بولا۔

"ہاں.. مجھے امید نہیں تھی لیکن اچھا ہو گیا۔"

وہ آہستہ سے بولی۔

اچھا مجھے ذرا سٹوڈیو جانا ہے پھر بات کرتا ہوں تم سے۔" "

وہ گاڑی میں بیٹھتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عدن نے خاموشی سے فون بند کر دیا۔

یہ تنہائی اسے کاٹ کھانے کو دوڑ رہی تھی۔

رات گئے حسنین گھر میں داخل ہوا۔

عدن وہیں بیٹھی تھی جہاں وہ چھوڑ کر گیا تھا۔

..اسے تعجب ہوا

روشن پیشانی پر بل پڑ گئے۔

" ..تم بلکل بچی بنتی جا رہی ہو"

وہ اس کے سامنے آتا ہوا بولا۔

"مطلب؟"

وہ الجھ کر اسے دیکھنے لگی۔

" مطلب تم مجھے بیساکھی بنا رہی ہو... ہر چیز کے لئے مجھ پر انحصار کر رہی ہو۔ یہ غلط ہے مجھے اپنا نشہ مت بناؤ۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ فکرمند دکھائی دے رہا تھا۔

"کیسے؟"

وہ ابھی بھی سمجھ نہیں پائی۔

" جب میں گیا تھا تم یہیں بیٹھی تھی اور واپس آیا ہوں تو بھی... یقیناً تم نے کھانا بھی نہیں کھایا ہوگا..."

اس کا اندازہ درست ثابت ہوا تھا۔

" میرا دل نہیں کر رہا تھا.. اچھا یہ بتاؤ کیا میں گھر میں اپنی مرضی سے کپڑے پہن سکتی ہوں؟"

وہ لب کاٹتی اسے دیکھ رہی تھی۔

" تم پہن سکتی ہوں.. میں تم پر زبردستی نہیں کروں گا۔ ہاں کچھ چیزوں میں تمہیں میری بات ماننی پڑے گی.."

وہ سنجیدگی سے بول رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم جیسے کہو گے میں کر لوں گی بس شرط یہی ہے کہ تم "
" ...ساتھ ہو

حسنین کو دیکھتے ہی اس موڈ فریش ہو گیا تھا۔

وہ اثبات میں سر ہلانے لگا۔

" ...لیکن تم اپنے وعدے بھول جاتی ہو"

وہ کرب سے بولا۔

تم مجھے کبھی نہیں چھوڑنا نہ... پھر میں کچھ نہیں بھولوں "
"گی۔

وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتی ہوئی بول رہی تھی۔

"...یہی میں نہیں چاہتا"

وہ نفی میں سر ہلاتا ہوا بولا۔

مجھے ابھی کچھ نہیں سمجھنا... ہم باہر چل رہے ہیں "
"کھانے کے لیے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کی بازو پکڑتی کھڑی ہو گئی۔

وہ تیکھے تیور لئے اسے دیکھنے لگا۔

"کس نے کہا ہم باہر جا رہے ہیں؟"

وہ آبرو اچکا کر بولا۔

"میں نے... تمہاری وائف نے۔"

وہ آنکھیں جھپکاتی ہوئی بولی۔

" ...تمہیں جانا ہے تو جاؤ"

وہ سرد نگاہوں سے دیکھتا ہوا بولا۔

" تم اتنے اکھڑ کیوں ہو؟ اب کیا اتنا سا بھی حق نہیں ہے میرا تم پر؟"

وہ جذباتی ہو گئی۔

" ...یہ بلیک میلنگ مجھ پر نہیں چلے گی"

وہ کمرے کی جانب قدم بڑھاتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں کچھ نہیں جانتی.. بس ہم جا رہے ہیں تو مطلب جا رہے "
"ہیں۔

وہ اس کے سامنے آتی ہوئی بولی۔

" ...تم"

وہ انگلی اٹھا کر بول رہا تھا۔

" ...بس یہ فائنل ہے"

وہ اس کی انگلی پکڑتی قریب ہو گئی۔

" ..دور رہا کرو مجھ سے"

وہ جھرجھری لیتا چند قدم کا فاصلہ بڑھاتا ہوا بولا۔

"کیوں؟"

وہ اس کی جانب قدم بڑھاتی ہوئی بولی۔

" ..اچھا ٹھیک ہے ہم باہر چل رہے ہیں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ جان چھڑواتا ہوا بولا۔

اس کا چہرہ کھل اٹھا۔

" ...تم ویٹ کرو میں چینج کر کے آئی"

وہ مسکراتی ہوئی چل دی۔

~~~~~~~~~~

" ..منال مجھے ملنا ہے تم سے جلدی کیفے میں آؤ"

وہ فون کان سے لگائے بیٹھا تھا۔

"کیا ہوا؟ اس طرح کیوں بلا رہے ہو؟"

وہ بولتی ہوئی اٹھ بیٹھی۔

بہت ضروری بات ہے فون پر نہیں ہو سکتی بس تم جلدی آ "
" ...جاؤ... اور ہاں کچھ کھانے کو بھی لیتی آنا

وہ شرارت سے بولا۔

حد ہے تمہیں ہر وقت کھانے کی پڑی رہتی ہے؟ کیفے میں "
بہت کچھ ہے جو کھانا ہے آڈر کر لو... میں آتی ہوں بیس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

" ..منٹ میں

وہ سلیپر پہنتی ہوئی بولی۔

" ..دل کنجوس ہی رہے گا تمہارا"

وہ جل کر بولا۔

منال نے بنا کچھ کہے فون رکھا اور الماری کھول کر کھڑی ہو گئی۔

" ...پتہ نہیں اب کیا دورہ پڑ گیا ہے اسے"

وہ کپڑے نکالتی ہوئی بڑبڑائی۔

اٹھارہ منٹ بعد منال کیفے میں داخل ہوئی۔

" ..اتنی دیر لگا دی.. ولیمے کی دعوت پر نہیں بلایا تھا"

وہ اپنی تضحیک بھولا نہیں تھا۔

" ..اووہ اچھا مجھے لگا تم اپنے نکاح پر مدعو کر رہے ہو"

وہ چبا چبا کر کہتی بیٹھ گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ..تمہیں تو ہر گز نہیں بلاؤں گا میں"

وہ گھورتا ہوا بولا۔

"..ہاں اور میں تو جیسی مری جا رہی ہوں نہ آنے کے لئے
"

وہ ترکی بہ ترکی بولی۔

" ...یہ نخرے اپنے شوہر کو دکھانا"

وہ انگلی اٹھا کر بولا۔

"اچھا میں نے کون سا تم سے گفٹ مانگ لیا ہے؟ کون سے نخرے تم میرے اٹھاتے ہو.. ؟"

وہ میدان میں اترتی ہوئی بولی۔

" ابھی تم نخرے نہیں دکھاتی... اللہ معاف کرے جب نخرے دکھاؤں گی پھر پتہ نہیں کیا ہو گا.."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کانوں کو ہاتھ لگاتا ہوا بولا۔

" ...یہ تمہارا مسئلہ نہیں ہے"

وہ کانٹا اس کے سامنے کرتی ہوئی بولی۔

"پھر میرے ہمسایوں کا ہے؟"

وہ دانت پیستا ہوا بولا۔

"اس فضول بکواس کے لئے تم نے مجھے بلایا تھا؟"

وہ زور سے ٹیبل پر ہاتھ مارتی ہوئی بولی۔

آس پاس بیٹھے لوگ انہیں دیکھنے لگے اور وہ خائف ہوئے بنا انیب کو گھورنے لگی۔

"....شرم کر لو... زیادہ نہیں تو بس تھوڑی سی ہی"

وہ برہمی سے گویا ہوا۔

" ..ہاں تمہیں تو جیسے بہت آتی ہے نہ"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ منہ بسورتی ہوئی بولی۔

"تم اپنا منہ بند کرو گی؟"

وہ اسے خونخوار نظروں سے دیکھنے لگا۔

" ...ہاں.. اگر تم اپنی بکواس بند کر لو تو"

وہ دانت پیستی ہوئی بولی۔

وہ رخ پھیر کر بائیں جانب دیکھنے لگا۔

یہ ایک طریقہ تھا اسے بتانے کا کہ وہ ناراض ہے۔

منال ضبط کا دامن تھامے سینے پر بازو باندھے اسے دیکھ رہی تھی۔

وہ اس کے بولنے کی منتظر تھی۔

"نظر لگا لی ہو تو میں کام کی بات کروں؟"

وہ اسی طرح چہرہ موڑے ہوئے تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں تم تو کسی ریاست کے شہزادے ہو نہ جسے میں نظر "
" ..لگاؤں گی

وہ جی بھر کر بدمزہ ہوئی۔

" ..تمہاری یہی باتیں مجھے زہر لگتی ہیں"

وہ کہتا ہوا کھڑا ہو گیا۔

" ..اور مجھے تو تمہاری ساری باتیں ہی زہر لگتی ہیں"

وہ بھی کہاں خاموش رہنے والی تھی۔

" ...بھاڑ میں جاؤ تم"

وہ جل بھن کر کہتا چل دیا۔

منال ہکا بکا سی اسے جاتا دیکھنے لگی۔

"اس لئے مجھے بلایا تھا؟"

آہستہ سے اس کے لب حرکت کرنے لگے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...فضول انسان"

وہ تمس سے کہتی کھڑی ہو گئی۔

" ...میم بل"

ویٹر اس کے سامنے آ گیا۔

" ...لیکن میں نے تو کچھ آڈر نہیں کیا"

اس کی آنکھوں میں حیرت کا عنصر نمایاں تھا۔

" ..آپ کے ساتھ جو سر تھے انہوں نے آڈر کیا تھا"

وہ بل اسے تھماتا ہوا بولا۔

وہ بیگ سے پیسے نکالنے لگی۔

" ...اسی لئے بلایا ہو گا مجھے شودے نے"

وہ باہر کی جانب بڑھتی ہوئی بڑبڑائی۔

~~~~~~~~~

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

"تم نماز پڑھ کر آئے ہو؟"

عدن اسے جانچتی نظروں سے دیکھ رہی تھی۔

"ہاں کیوں؟"

وہ تعجب سے اسے دیکھنے لگا۔

" ..تمہارا چہرہ تو خشک ہے"

وہ غور سے اسے دیکھتی ہوئی بولی۔

" ...نماز پڑھتے پڑھتے خشک ہو جاتا ہے"

وہ کہتا ہوا لیپ ٹاپ کھول کر بیٹھ گیا۔

"تم مجھ سے کیوں نہیں پوچھتے؟"

وہ تجسس سے بولی۔

"میرے پوچھنے سے تم پڑھا کرو گی؟"

وہ نظر اٹھا کر اسے دیکھنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ..ہاں"

وہ اشتیاق سے بولی۔

" دیکھو اس معاملے میں, میں تم پر کوئی جبر نہیں کروں گا... کیونکہ یہ اللہ اور اس کے بندے کے بیچ کا معاملہ ہے.. ہاں کہوں گا ضرور.. روکوں گا بھی لیکن زبردستی نہیں کروں گا..."

وہ جیسے اس کی بات سمجھ گیا تھا۔

" تمہیں دیکھ کر میرا دل چاہتا ہے میں بھی ایک اچھی مسلمان بن جاؤں... جانتے ہو اب میں شہری سے بھی فاصلہ رکھتی ہوں.. "

وہ خوش تھی۔

"پھر جیسا تمہارا دل چاہتا ہے ویسا کرو... لیکن غلط نہیں.. "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ تنبیہ کرتی نگاہوں سے دیکھتا ہوا بولا۔

تمہارے ہاتھ میں مجھے کبھی سیگرٹ نظر نہ آئے, نہ ہی "
" ...ڈرنک

وہ لیپ ٹاپ پر انگلیاں چلاتا ہوا بولا۔

" ...ہاں مجھے یاد ہے"
وہ مسکراتی ہوئی بولی۔

"تم اپنی ماما سے بات کیوں نہیں کرتی؟"

نگاہیں اسکرین پر لیکن سوال عدن سے تھا۔

وہ پتھر کی بنی اسے دیکھنے لگی۔

"تم کیسے جانتے ہو؟"

وہ لڑکھڑا کر بولی۔

" ..میرے سوال کا جواب دو"

وہ اس کا فرار کا ارادہ بھانپ چکا تھا سو اس کی کلائی تھام

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کر بولا۔

" ..مجھے کوئی جواب نہیں دینا"

وہ نظریں چراتی ہوئی بولی۔

" ...میں نے کہا جواب دو"

چہرے کی سختی بڑھتی جا رہی تھی۔

مجھے کوئی جواب نہیں دینا.. مجھے اس ٹاپک پر بات " "نہیں کرنی.. چھوڑو مجھے۔

بولتے بولتے اس کی آواز بھرا گئی۔

" ...لیکن مجھے کرنی ہے"

وہ اس کا جھکا ہوا سر دیکھ رہا تھا۔

" ...مجھے اس بارے میں کوئی بات نہیں کرنی"

وہ ہاتھ چھڑواتی کر کھڑی ہو گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...میں نے کچھ پوچھا ہے تم سے عدن"

پہلی بار وہ چلایا۔

وہ کمرے سے باہر بھاگ چکی تھی۔

وہ تاسف سے اپنا ہاتھ دیکھنے لگا جس کی گرفت میں چند لمحے قبل اس کی نازک کلائی تھی۔

وہ افسوس سے نفی میں سر ہلاتا پھر سے لیپ ٹاپ کی اسکرین کو دیکھنے لگا۔

عدن منہ پر ہاتھ رکھے گارڈن میں بیٹھی تھی۔ وہ اپنی آواز دبانے کی سعی کر رہی تھی۔ اس موضوع سے وہ ہمیشہ بھاگتی آ رہی تھی اور نجانے کب تک بھاگتے رہنا تھا اس نے...

وہ کیسے جانتا ہے؟ یہ بات میرے علاوہ کوئی نہیں جانتا " "حتیٰ کہ ڈیڈ بھی نہیں.. پھر اسے کیسے معلوم ہوا؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اشک بہاتی خود کلامی کر رہی تھی۔

کیا وہ سب جانتا ہے؟ یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے؟ وہ "
"کیسے؟

وہ گھاس کو دیکھتی رونے لگی۔

آئی ہیٹ یو مام.. آئی ہیٹ یو۔ میں اپنا بچپن کبھی نہیں بھول "
".. سکتی کبھی نہیں

چہرے پر بلا کی سختی تھی۔

کچھ سوچ کر وہ ثمن کے کمرے کی جانب چل دی۔

ٹریک سوٹ پہن کر وہ گاڑی کے کر نکل گئی۔

اس وقت وہ جم میں اکیلی تھی۔

ٹینشن دور کرنے کی غرض سے وہ یہاں آ گئی۔

وہ رننگ مشین پر بھاگ رہی تھی جب اسے آہٹ سنائی دی۔

تولیہ سے پسینہ خشک کرتی وہ نیچے اتر آئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پانی اٹھانے کے لیے مڑی ہی تھی کہ کسی نے گلے سے پکڑ کر اسے دیوار کے ساتھ لگا دیا۔

" ...تم سے کہا ہے نہ بات مان لو"

وہ سلگتی نگاہوں سے دیکھتا ہوا چلایا۔

اس کا سانس بند ہو رہا تھا۔

وہ پھٹی پھٹی نگاہوں سے اسے دیکھ رہی تھی جو اسے چھوڑنے پر آمادہ نہیں تھا۔

عدن نے اس کے سینے پر ہاتھ رکھ کر دور دھکیل دیا۔

وہ کھانستی ہوئی الٹے قدم اٹھانے لگی۔

"تم میری بات مانو گی یا نہیں؟"

وہ خطرناک تیور لئے آگے بڑھا۔

" شاہد تم پاگل ہو چکے ہو اور کچھ نہیں... میں کسی شرط

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ..پر بھی حسنین سے الگ نہیں ہوں گی

وہ لمبے لمبے سانس لیتی ہوئی بولی۔

"اپنی زندگی سے بلکل پیار نہیں ہے نہ تمہیں؟"

وہ بولتا ہوا اس کی جانب بڑھنے لگا۔

" ...تم اپنی حد میں رہو... ابھی ڈیڈ کو فون کرتی ہوں میں"

وہ آگ بگولہ ہوتی ہوئی بولی۔

نہیں ڈرتا میں... جو کرنا ہے کرو لیکن یاد رکھنا الگ تو "
" ..تمہیں ہونا پڑے گا

وہ آوازیں سن کر الٹے قدم اٹھانے لگا۔

" ..تمہاری سوچ ہے لیکن ایسا کبھی نہیں ہو گا"

وہ پر اعتماد لہجے میں بولی۔

شاہد کو اس کا یہ انداز بلکل اچھا نہیں لگ رہا تھا۔

وہ ناپسندیدگی سے اسے دیکھتا چلا گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سر تھام بیٹھ کر گئی۔

عجیب بوجھل پن وہ محسوس کر رہی تھی۔

"حسنین آ سکتے ہو مجھے لینے؟"

وہ فون کان سے لگاتی ہوئی بولی۔

" ..پتہ نہیں شاید بخار ہے"

وہ پیشانی پر ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔

" ..ٹھیک ہے میں انتظار کر رہی ہوں تمہارا"

اس نے کہتے ہوئے فون بند کر دیا۔

اس نے آنکھیں بند کر کے ٹیک لگا لی۔

"..ڈاکٹر کے پاس چلتے ہیں"

عدن کے گاڑی میں بیٹھتے ہی حسنین بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"نہیں ضرورت نہیں.. آرام کروں گی تو ٹھیک ہو جاؤں گی."

وہ آنکھیں موند کر بولی۔

"تم ٹھیک نہیں لگ رہی؟"

وہ مطمئن نہیں ہوا۔

"ہاں وومٹ (قے) آئی تھی.. حالانکہ میں نے دوپہر میں کچھ کھایا بھی نہیں تھا۔"

وہ آنکھیں بند کئے بول رہی تھی۔

حسنین چہرے اس کی سمت میں موڑے انہماک سے اسے سن رہا تھا۔

"کافی ٹائم ہو گیا تم نے چیک اپ نہیں کروایا.."

فکر اس کے لہجے سے عیاں تھی۔

"میں ٹھیک ہوں.. بس مجھ سے دوبارہ وہ بات مت کرنا.."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دھیرے دھیرے بول رہی تھی۔

" ..بعد میں صرف پچھتاوے رہ جاتے ہیں"

وہ تاسف سے بولا۔

" ..مجھے اتنی الجھی ہوئی باتیں سمجھ نہیں آتیں"

آنکھیں کھول کر اسے دیکھنے لگی۔

سرخ آنکھیں اس کی تھکاوٹ کا منہ بولتا ثبوت تھیں۔

" جانتے ہو آج شاہد آیا تھا... تم کیوں نہیں آئے؟ وہ مجھے مارنا چاہتا تھا... تم سے دور کرنا چاہتا ہے..."

وہ اسے دیکھنے بنا بولتی جا رہی تھی۔

" تم نے مجھے کال کیوں نہیں کی؟ تمہیں نقصان تو نہیں پہنچایا اس نے؟"

وہ یکدم فکرمند ہو گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عدن ہلکا سا ہنسی۔

"نہیں فکر مت کرو...صرف گلا دبایا تھا۔"

..وہ ایسے بول رہی تھی جیسے معمول کی بات کر رہی ہو

"اور تم مجھے اب بتا رہی ہو؟"

نہایت برہمی سے جواب آیا۔

" ..ظاہر ہے اب فون پر کیا بتاتی"

وہ بلکل بھی سنجیدہ نہیں تھی۔

" ..تم اکیلی باہر نہیں نکلو گی اور مجھے دکھاؤ"

وہ اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔

حسنین کا اپنے لیے فکرمند ہونا, اسے خوشی محسوس ہو رہی تھی۔

" ...تمہیں تو بخار ہے.. پہلے ڈاکٹر کے پاس پھر گھر"

وہ گاڑی سٹارٹ کرتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ..نہیں گھر چلو.. میں میڈیسن لے لوں گی"

وہ کاہلی سے بولی۔

" ..بلکل چپ"

آنکھوں میں خفگی تیر رہی تھی۔

وہ لب دبائے مسکراتی ہوئی اسے دیکھنے لگی۔

آج وہ بلکل مختلف حسنین تھا۔

آپ کی وائف کافی ٹائم سے ڈرگز لے رہی ہیں اور پروپر " چیک اپ بھی نہیں کروایا انہوں نے.. یہ ٹیسٹ کرنے ہیں.. آپ انہیں صبح لے آئیے گا.. ابھی تو میں نے میڈیسن دے دی ہے۔ ٹھیک ہو جائیں گیں فکر کی کوئی بات نہیں.."

وہ پیشہ ورانہ مسکراہٹ لئے بولے۔

حسنین کی پیشانی پر شکنیں بڑھنے لگیں۔

وہ عدن کو لے کر گھر آ گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ..میں نے کہا تھا نہ ضرورت نہیں جانے کی"

وہ بیڈ پر نیم دراز ہوتی ہوئی بولی۔

"لاسٹ ٹائم ڈرگ کب لئے تھے؟"

وہ بیڈ کے کنارے پر بیٹھتا ہوا بولا۔

ہاتھ میں عدن کی میڈیسن تھی۔

" ..مجھے یاد نہیں"

وہ لاپرواہی سے بولی۔

وہ بس اسے دیکھ کر رہ گیا۔

" دیکھو جتنی میری زندگی ہے بس تب تک میرے ساتھ رہ ..لو تم... پھر آزاد ہو گے"

وہ بنا سوچے بولتی جا رہی تھی۔

" ..اپنا منہ بند رکھو"

وہ درشتی سے بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سہم کر اسے دیکھنے لگی۔

"پہلے یہ لو... پھر سو جاؤ آرام سے۔"

وہ گلاس اور دوائی اس کی جانب بڑھاتا ہوا بولا۔

"...مجھے بلکل نہیں پسند"

وہ منہ بسورتی ہوئی بولی۔

" کسی کو بھی پسند نہیں ہوتی اب چپ کر کے کھاؤ ورنہ ...مار کر کھلاؤں گا "

اس کا الگ ہی انداز تھا۔

وہ بری بری شکلیں بناتی کھانے لگی۔

" ..اب دودھ بھی پینا ہے"

وہ پانی کا گلاس اس کے ہاتھ سے لیتا ہوا بولا۔

عدن کی آنکھوں میں نمی تیرنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیا ہوا؟"

وہ حیرتزدہ اسے دیکھنے لگا۔

" ..کچھ نہیں"

وہ آنکھیں رگڑتی ہوئی بولی۔

حسنین سمجھ چکا تھا۔

" ..میں جانتا ہوں تم کیا سوچ رہی ہوں"

وہ لیمپ کو گھورتا ہوا بولا۔

"کیسے؟"

وہ دونوں ہاتھوں سے گلاس تھامے اسے دیکھنے لگی۔

یہی سوچ رہی ہو نہ کہ میں تمہارا خیال رکھ رہا ہوں... آج " " ...تک کسی نے ایسے تمہارا خیال نہیں رکھا

وہ جیسے اس کی آنکھیں پڑھ چکا تھا۔

عدن کی آنکھوں میں تحیر سمٹ آیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تمہیں کیسے معلوم ہوا؟"

وہ جتنا حیران ہوتی اتنا کم تھا۔

" ..رات بہت ہو گئی ہے جلدی کرو"

وہ اس کا سوال نظر انداز کرتا ہوا بولا۔

" آئی وش میں ہمیشہ بیمار رہوں اور تم ایسے ہی میرا خیال رکھو..."

وہ محبت پاش نظروں سے اسے دیکھتی ہوئی بولی۔

وہ تڑپ کر اسے دیکھنے لگا۔

"تم پاگل ہو کیا؟"

آج اسے اس کی دماغی حالت پر شبہ ہو رہا تھا۔

"تمہارے ناک سے خون بہہ رہا ہے؟"

وہ اس کے ناک سے نیچے انگلی لگاتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ناک پر ہاتھ رکھتی اٹھ بیٹھی۔

جب ہاتھ ہٹایا تو وہ خون سے تر ہو چکا تھا۔

وہ کمبل پرے پھینکتی واش روم میں بھاگ گئی۔

حسنین کی پریشانی میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔

اسے عدن ٹھیک نہیں لگ رہی تھی۔

وہ تولیے سے چہرہ خشک کرتی باہر نکلی۔

"پہلے کبھی ہوا ایسا؟"

وہ تفتیشی انداز میں بولا۔

" ...شاید ایک دو بار"

وہ ہاتھ صاف کرتی ہوئی بولی۔

حسنین ہاتھ دھونے کی غرض سے واش روم میں چلا گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

واپس آیا تو عدن لیٹ چکی تھی۔

"تم ٹھیک ہو؟ کہیں درد تو نہیں ہو رہا؟"

وہ اس کے پاس آتا ہوا بولا۔

" ..نہیں.. میں بلکل ٹھیک ہوں"

وہ حسنین کا ہاتھ پکڑتی ہلکا سا مسکرائی۔

وہ نگاہیں چراتا اِدھر اُدھر دیکھنے لگا۔

"کیا تمہارے پاس بلکل بھی ٹائم نہیں میرے لیے؟"

وہ چھت کو گھورتی ہوئی بولی۔

حسنین کا ہاتھ ابھی تک اس کے نازک ہاتھ میں تھا۔

"کیوں؟ کیا کام ہے تمہیں؟"

وہ سیدھا انکار نہیں کر سکا۔

زیادہ دور نہیں بس سمندر تک جانا چاہتی ہوں تمہارے " ساتھ.. "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اپنے دل کی خواہش ظاہر کر رہی تھی۔

حسنین کی جانب سے مکمل خاموشی تھی وہ عدن کے قریب نہیں ہونا چاہتا تھا اس لیے کتراتا تھا۔

"کیا تم بھی مجھے بے مول کر دو گے؟"

وہ اتنا آہستہ بول رہی تھی کہ وہ بمشکل سن پایا۔

" ..سو جاؤ.. صبح بات کریں گے اس کے متعلق"

وہ اس کی آنکھوں پر دوسرا ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔

"...اگر اس طرح سلاؤ گے تو ہمیشہ کے لئے سو جاؤں گی"

"

وہ شرارت سے بولی۔

"...اب تمہاری آواز سنائی نہ دے مجھے"

وہ کرخت لہجے میں بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ مسکراتی ہوئی خاموش ہو گئی۔

اب کمرے میں خاموشی کا راج تھا۔

Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب تم میرا خیال رکھو گے؟ ویسے مجھے بہت اچھا لگتا " ہے جب تم میری فکر کرتے ہو.. خود سے زیادہ میرا خیال رکھتے..."

"تمہاری مام غلط نہیں تھیں۔"

حسنین کے الفاظ پر وہ خاموش ہو گئی۔

"یہاں اس ٹاپک کا کیا مطلب؟"

اسے اچھا نہیں لگا۔

"آخر تم کیوں بات نہیں کرتی اس متعلق؟"

وہ اس کی بازو پکڑ کر اپنی جانب کھینچتا ہوا بولا۔

آنکھوں میں خفگی نمایاں تھی۔

کیونکہ مجھے بات نہیں کرنی اور بہتر ہوگا تم بھی اس " سے دور رہو.. "

وہ چبا چبا کر بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تاکہ تم اپنی من مانی کرتی پھرو.. بہت خوب۔"

وہ دانت پیستا ہوا بولا۔

"میرے سر میں درد ہو رہا ہے پلیز چپ ہو جاؤ۔"

وہ رخ پھیرتی ہوئی بولی۔

"کب تک بھاگو گی تم عدن خان؟"

وہ کھڑا ہوتا ہوا بولا۔

وہ آنکھیں زور سے بند کئے ہوئے تھی۔

وہ تاسف سے اسے دیکھتا باہر نکل گیا۔

~~~~~~~~~~

" اگر تم اس گھر میں واپس آنا چاہتے ہو تو باجی کو ڈھونڈ کر لاؤ... ورنہ نہیں۔"

وہ منہ موڑتی ہوئیں بولیں۔

" امی یہ کیسی شرط ہے؟ اور جس کے باعث آپ مجھ سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

خفا ہیں وہ موت کے دہانے پر کھڑی ہے خدا جانے کب چلی جائے..."

وہ بے حسی سے بولا۔

"کیا مطلب؟"

وہ متحیر سی اسے دیکھنے لگی۔

اس کا گردہ فیل ہو گیا ہے زیادہ وقت نہیں ہے اس کے پاس..."

وہ کہتا ہوا چارپائی پر بیٹھ گیا۔

وہ منہ پر ہاتھ رکھے اسے دیکھنے لگی۔

"اللہ اس بچی کو صحت دے..."

وہ نمرہ کو اشارہ کرتی ہوئیں اس کے سامنے بیٹھ گئیں۔

"ابھی تو آپ اسے برا بھلا کہہ رہی تھیں؟"

وہ آبرو اچکا کر انہیں دیکھنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیٹیاں تو سب کی سانجھی ہوتی ہیں.. ہاں مجھے وہ پسند "
نہیں یہ الگ بات ہے لیکن کسی بیمار کو برا بھلا نہیں کہہ
"سکتی میں۔

وہ کانوں کو ہاتھ لگاتی ہوئی بولیں۔

"بھائی آپ گھر کب آئیں گے؟"

نمرہ پانی کا گلاس پکڑتی ہوئی بولی۔

" ..جب امی کہیں گیں"

وہ خفا خفا سا بولا۔

" ..تم نے حرکت ہی ایسی کی ہے کہ"

حسنین نے ان کی گود میں سر رکھا تو وہ خاموش ہو گئیں۔

"کیا ہوا حسنین... اسے لے کر پریشان ہو؟"

وہ ماں تھیں بھانپ گئیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس تھوڑا عجیب ہے یوں اپنے سامنے کسی کو مرتے " "دیکھنا۔

وہ آنکھیں بند کئے بول رہا تھا۔

بھائی مجھے ایک بار تو ملوا دیں..اب تو وہ میری بھابھی " "ہیں۔

وہ منہ بناتی ہوئی بولی۔

نظر نہیں آ رہا بھائی پریشان ہے اور تو اپنی ہی فرمائش " "..ڈال رہی

وہ اس کے سر پر چت لگاتی ہوئیں بولیں۔

"..کیا ہے امی"

وہ سر کھجاتی ہوئی بولی۔

"جا کر تیل لے کر آ.. مالش کروں میں اس کے سر میں۔"

وہ حسنین کو دیکھتی ہوئی بولیں جو آنکھیں بند کئے لیٹا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ضبط کر رہا تھا۔

اچانک ایسی صورتحال کا سامنا کرنا پڑے تھا اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا۔

~~~~~~~~

سائرہ کپڑے اٹھا کر بیڈ پر آ گئی۔

" ..میرا بےبی"

وہ عدن کے گال پر بوسہ دیتی ہوئی بولی۔

سرخ و سپید رنگت والی عدن ناک چڑھانے لگی۔

" ابھی آپ کے پاپا آ جائیں گے پھر وہ آپ کے ساتھ ڈھیر ساری باتیں کریں گے..."

وہ اسے کپڑے پہناتی ہوئی بولنے لگی۔

"..آج بہت برا دن تھا"

علی صوفے پر گرتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"کیوں؟ کیا ہوا؟"

اس کی پیشانی پر لکریں ابھرنے لگیں۔

"..یہ بھی کیس ہار گیا میں"

وہ سرد آہ بھرتا ہوا بولا۔

وہ تاسف سے اسے دیکھنے لگی۔

"کل سے تم شوٹ پر جاؤ گی۔"

وہ ٹائی کی ناٹ ڈھیلی کرتا ہوا بولا۔

" لیکن علی کیسے؟ عدن اتنی چھوٹی ہے میں کیسے اسے چھوڑ کر چلی جاؤں؟ اور ابھی دن ہی کتنے ہوئے ہیں؟"

وہ پریشان سی اسے دیکھنے لگی۔

" عدن کے لئے کئیر ٹیکر رکھ لیں گے.. تم تیاری کرو کل کی .. "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سرد لہجے میں بولا۔

"عدن کو اس کی نہیں ماں کی ضرورت ہے تم کیوں نہیں سمجھ رہے؟"

وہ جھنجھلا کر بولی۔

"میں کوئی بحث نہیں کرنا چاہتا اور تم میرا دماغ خراب مت کرو.. جو کہا ہے چپ کر کے کرو۔"

وہ تقریباً چلا رہا تھا۔

سائرہ بےبسی سے عدن کو دیکھنے لگی جو منہ میں انگلی ڈال رہی تھی۔

دو ماہ کی چھوٹی سی عدن... بھلا کیسے کوئی ماں اتنی چھوٹی بچی کو کسی کے حوالے کر جاتی۔

آنسو ٹوٹ کر اس کے رخسار کو بھگونے لگی۔

"ابھی ٹھیک طرح سے خوش بھی نہیں ہو پاتی کہ پھر سے غم آ ٹپکتے ہیں..."

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ عدن کو دیکھتی ہوئی بول رہی تھی۔

"میں نے اپنی ذات پر برداشت کر لیا۔ لیکن اپنی ننھی سی جان پر کیسے ظلم ہونے دوں؟"

وہ اسے سینے سے لگائے بلک رہی تھی۔

"یا اللہ کیا یہ آزمائش کبھی ختم نہیں ہو گی؟ کیا کبھی حالات نہیں بدلیں گے؟ علی ابھی بھی نہیں بدلا... عدن کے بعد بھی وہ ویسا ہی ہے۔"

ایک ماں کی سسکیاں کمرے میں گونج رہی تھیں۔

"کتنی بےبس تھی وہ... نہ بھاگ سکتی تھی نہ اپنی مرضی چلا سکتی تھی۔

پوری رات یونہی روتے سسکتے بسر ہوئی۔

وہ عدن کو سینے سے لگائے پیار کر رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"پورا دن کیسے میرے بغیر رہے گی یہ؟"

آنسو عدن پر گرنے لگے۔

اس کا دل آمادہ نہیں تھا لیکن وہ جانتی تھی وہ کچھ نہیں کر سکتی۔

ہاتھ کی پشت سے گال رگڑتی وہ کھڑی ہو گئی۔

وقفے وقفے سے وہ گردن گھما کر عدن کو دیکھ رہی تھی۔

اس کا دل خون کے آنسو رو رہا تھا لیکن یہاں احساس کرنے والا موجود نہیں تھا۔

" ..مجھے معاف کر دینا میری جان"

وہ اسے چومتی ہوئی بولی۔

شاید وہ بھی ماں کی جدائی بھانپ گئی۔

جونہی سائرہ نے اسے بیڈ پر لٹایا وہ رونا شروع ہو گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"سائرہ جلدی کرو.. دو بار فون آ چکا ہے۔"

علی کمرے کے باہر کھڑا بول رہا تھا۔

وہ عدن کو گود میں لئے اسے خاموش کروانے لگی۔

" مجھے کیا معلوم میرے پیچھے تم روتی رہو اور وہ تمہیں خاموش بھی نہ کروائے؟ کیا معلوم وہ تمہارا خیال رکھے گی یا نہیں.. "

سائرہ کا اشارہ کئیر ٹیکر کی جانب تھا۔

"اب کیا مسئلہ ہے تمہیں؟"

وہ دروازہ کھول کر دھاڑا۔

" عدن رو رہی تھی.. "

وہ سہم کر بولی۔

" باہر وہ کھڑی ہے اسے پکڑاؤ اور چلو میرے ساتھ... اسے بچے سنبھالنے کا بہت تجربہ ہے۔عدن کو بھی سنبھال لے گی سمجھی تم۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سلگتی نگاہوں سے دیکھتا ہوا بولا۔

وہ سر جھکا کر باہر نکل گئی۔

عدن کو اس کی گود میں دینا مانو اسے خود سے دور کرنے کے مترادف تھا۔

" ...یہ ڈرامہ بند کرو اب"

وہ اس کی بازو پکڑ کر درشتی سے کہتا باہر کی جانب قدم اٹھانے لگی۔

وہ گردن موڑ کر عدن کو دیکھنے لگی۔

آنکھیں برس رہی تھیں۔ دل غم سے پھٹ رہا تھا۔

" ...اس ننھی جان پر اتنا ظلم"

وہ منمنائی۔

علی نے اس کی بات کا نوٹس نہیں لیا اور گاڑی سٹارٹ کرنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

~~~~~~~~

"سمجھ نہیں آ رہی یہ سب کیسے ہو گیا؟"

وہ متفکر سا بولا۔

"میرے تو الفاظ ہی دم توڑ گئے ہیں۔"

وہ بےبسی سے بولیں۔

کوشش کرتا ہوا ٹرانسپلانٹ کی... وہ تو بہت عجیب حرکتیں "
"کر رہی ہے۔جیسے بہت خوش ہو۔

وہ نفی میں سر ہلاتا ہوا بولا۔

تمہاری جاب نہیں لگی؟ ٹرانسپلانٹ پر پیسے بھی کافی "
" ...لگے گیں

وہ سرد آہ بھرتی ہوئی بولیں۔

جی پیسے تو کافی لگے گیں اور میرے پاس تو کچھ بھی "
"نہیں...جو تھے وہ امی اور نمرہ پر خرچ کر دئیے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ ہاتھ مسلتا ہوا بولا۔

" پتہ نہیں کیا لکھا ہے اس کے نصیب میں؟ آج تک بس دکھ ہی دیکھے ہیں اس نے اور اب یہ بیماری..."

وہ کرب سے بولیں۔

وہ خاموش رہا۔ شاید کہنے کو کچھ تھا ہی نہیں۔

~~~~~~~~

"ہیلو مس احسان فراموش!"

عقب سے انیب کی آواز سنائی دی۔

وہ مڑ کر اسے دیکھنے لگی۔

"تم یہاں کیا کر رہی ہو؟"

وہ دونوں آبرو اچکا کر بولا۔

" کیوں میرا داخلہ ممنوع ہے؟ یا یہ بھی تمہارے باپ کی ملکیت ہے؟"

وہ آنکھیں چھوٹی کرتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"کھانا ہضم ہو رہا تھا اتنے دن سے تمہارا؟"

وہ گھورتا ہوا بولا۔

"کیا مطلب؟"

وہ الجھ کر بولی۔

اتنے دن سے لڑائی نہیں کی نہ تم..تو کھانا ہضم نہیں ہو رہا "
"...ہو گا یقیناً

وہ منہ بناتا ہوا بولا۔

...میرا تو پتہ نہیں لیکن تمہارا ہاضمہ ضرور خراب ہو گا"
"

وہ تپ کر بولی۔

" ..کاپی کیٹ"

وہ جلانے والی مسکراہٹ لئے بولا۔

اس دن بل کیوں نہیں دے کر گئے تھے؟ اب تم سے میں دو "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"..دو ہاتھ کروں

وہ آستین اوپر فولڈ کرتی ہوئی بولی۔

" ...آدھا ہاتھ ہو نہ تم سے دو دو کرو گی"

وہ اسے کسی خاطر میں نہیں لاتا تھا۔

انیب کے قہقہے اسے تپا رہے تھے۔

" ...چپ کر جاؤ ورنہ میں تمہارا منہ توڑ دوں گی"

وہ کھا جانے والی نظروں سے گھورتی ہوئی بولی۔

اچھا پھر اس ہینڈسم چہرے کے بنا تم شاہد تک کیسے "
"پہنچو گی؟

وہ سینے پر بازو باندھ کر کھڑا ہو گیا۔

جس دن تم سے جان چھوٹے گی کالے بکرے کا صدقہ دوں "
" ..گی میں

وہ کلس کر کہتی اس کی مخالف سمت میں چل دی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

توبہ توبہ... کیسا زمانہ آ گیا ہے.. لوگوں کے کام کرو وہ " بھی فری میں اور بدلے میں ایسی باتیں سننے کو ملتی۔ اللہ "ہی معاف کرے۔

وہ اس کے ہمراہ چلتا کانوں کو ہاتھ لگاتا ہوا بولا۔

"اب تم میری جان نہیں چھوڑو گے؟"

وہ رک کر اسے دیکھنے لگی۔

" ...ایک شرط پر"

وہ پرسوچ انداز میں بولا۔

" ...میں کچھ نہیں کھلانے والی تمہیں"

وہ بھانپ گئی۔

" ..ایڈووکیٹ کی بیٹی ہو کر جان جاتی ہے تمہاری"

وہ ناراض ہو کر دوسری جانب چل دیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ..شکر ہے"

وہ سانس خارج کرتی چلنے لگی۔

~~~~~~~~~

"عدن کا معلوم ہوا تمہیں؟"

ملیحہ اس کے ساتھ بیٹھتی ہوئی بولی۔

"کیا؟"

وہ سیدھا ہو کر بیٹھ گیا۔

" ...اس کی کڈنی فیل ہو گئی ہے۔ آج ڈائلائسز تھا اس کا"

وہ حاصل کردہ معلومات فراہم کرنے لگی۔

"آر یو شیور؟"

وہ بے یقین تھا۔

آف کورس.. شہری اور عزہ دونوں ہاسپٹل میں ہیں.. میں "

"جھوٹ کیوں بولوں گی؟

وہ برا مان گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

" ...ٹھیک"

وہ کہہ کر جیب سے فون نکالنے لگا۔

دونوں کے بیچ خاموشی حائل ہو گئی۔

"تم ناراض ہو مجھ سے؟"

اسے یہ خاموشی اچھی نہیں لگی۔

دیکھو ملیحہ میں نے منگنی تمہارے کہنے پر کی تھی بٹ " مجھے تمہارے ساتھ مزید ریلیشن نہیں رکھنا سو پلیز تم بھی سمجھ جاؤ..."

وہ فون پر انگلیاں چلاتا بول رہا تھا۔

ملیحہ کے پیروں تلے زمین کھسک گئی۔

"ت تم ایسے کیسے کر سکتے ہو مہ میرے ساتھ؟"

وہ اٹک اٹک کر بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے کوئی انٹرسٹ نہیں تم میں... ہاں اگر عدن ہوتی "
"تمہاری جگہ تو شاید میں انکار نہ کرتا۔

وہ دونوں کا موازنہ کر رہا تھا۔

عدن کے نام پر وہ تلملا اٹھی۔

"ایسا کیا ہے اس عدن میں جو مجھ میں نہیں بتاؤ؟"

وہ اس کا چہرہ اپنی جانب موڑتی ہوئی بولی۔

"وہ عدن ہے اور تم ملیحہ... یہی سب سے بڑا فرق ہے۔"

وہ چبا چبا کر بولا۔

"میں کچھ نہیں جانتی.. تم یہ منگنی ختم نہیں کر سکتے۔"

وہ اس کے سینے سے لگتی ہوئی بولی۔

دور رہو مجھ سے... مزید کوئی بحث نہیں کرنی مجھے۔ یہ "
" ..رہی تمہاری رنگ

وہ انگلی سے انگوٹھی نکال کر ٹیبل پر رکھتا کھڑا ہو گیا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ششدر رہ گئی۔

وہ جا چکا تھا۔

آج پھر سے وہ خالی ہاتھ کھڑی تھی۔

حسد کی اس آگ میں وہ تنہا جھلستی جا رہی تھی۔

~~~~~~~~~~

"تم نے ایسا منہ کیوں بنایا ہوا ہے؟"

شہری بولتا ہوا سٹول پر بیٹھ گیا۔

وہ اب بھی خاموش رہی۔

چہرہ دوسری جانب موڑ رکھا تھا۔

"حسنین کیوں نہیں آیا؟"

وہ برہمی سے بولی۔

"...اب ہماری تو کوئی ویلیو ہی نہیں ہے"

وہ عزہ کو دیکھتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

"ہاں اب ہمیں کون پوچھے گا؟"

عزہ شرارت سے بولی۔

"پلیز...میں اس وقت مذاق کے موڈ میں نہیں ہوں۔"

وہ سرد مہری سے بولی۔

"...یار آ جائے گا وہ بھی"

شہری نے اسے دلاسہ دینا چاہا۔

دو سیاہ آنکھیں مسلسل عدن کو اپنے حصار میں لئے ہوئے تھیں۔

"میں نے رابن کو بلایا تھا آیا نہیں وہ؟"

وہ سوالیہ نظروں سے شہری کو دیکھنے لگی۔

ہاں آیا تھا۔ میں نے تمہاری میڈیسن لینے بھیجا ہے... بس آتا "ہی ہو گا۔"

وہ دروازے کی سمت دیکھتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...مجھے رابن سے کچھ بات کرنی ہے سو تم دونوں"

وہ دونوں کو دیکھتی بات ادھوری چھوڑ گئی۔

" ...ٹھیک ہے"

شہری عزہ کو اشارہ کرتا ہوا بولا۔

وہ دونوں آگے پیچھے باہر نکل گئے۔

" ..میم یہ رہا آپ کا کریڈٹ کارڈ"

وہ اندر آتا ہوا بولا۔

رابن ایسا کرو ہاسپٹل کے جتنے ڈیوز ہیں سب کلئیر کر دو "

" ...اور خیال رہے کسی کو علم نہ ہو

وہ باور کرانا نہیں بھولی۔

"جی میم...اس کے علاوہ؟"

وہ سر جھکا کر کھڑا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"حسنین گھر آیا تھا؟"

...بے قرار سا لہجہ

" ..نو میم"

وہ مایوسی ہو گئی۔

" ..ٹھیک ہے تم جاؤ"

وہ دوسری جانب چہرہ موڑتی ہوئی بولی۔

آنکھیں برسنے کو بے تاب تھیں۔

گرم مادہ اس کے رخسار سے نیچے آتا تکیے میں جذب ہونے لگا۔

آہستہ سے دروازہ کھلا اور قدموں کی آہٹ سنائی دینے لگی۔

وہ اس کے قدموں کی آہٹ بھی پہچاننے لگی۔

وہ جان چکی تھی کہ حسنین آیا ہے لیکن پھر بھی آنکھیں بند کئے لیٹی رہی۔ شاید یہ ایک طریقہ تھا ناراضگی جتانے کا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بھی کشمکش میں مبتلا اس کے سامنے بیٹھ گیا۔

وہ مناسب الفاظ تلاش رہا تھا جس میں اسے مخاطب کرتا۔

کئی پل خاموشی کی نذر ہو گئے۔

"کیوں آئے ہو تم؟"

بلآخر وہ خود ہی بول پڑی۔

"کیا مطلب؟"

وہ الجھ کر اسے دیکھنے لگا جس کے چہرے کا ایک حصہ دکھائی دے رہا تھا۔

"کہاں تھے تم؟"

وہ چہرہ موڑ کر اسے گھورتی ہوئی بولی۔

" ...کام تھا"

مختصر سا جواب آیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمہارے لئے ہر کام مجھ سے زیادہ اہم ہے... ابھی بھی نہ "
" ..آتے پھر

وہ خفا ہو رہی تھی۔

" ...اب بندے کو کام بھی نہیں پڑ سکتا"

وہ برہم ہوا۔

یہ دیکھو میری بازو... یہاں سے اندر ڈالی تھیں انہوں "
"نے--

وہ اب باقاعدہ رونے لگی۔

"یہ تو تمہیں برداشت کرنا ہی پڑے گا۔"

وہ اس کی بازو پر نظر ڈالتا ہوا بولا۔

" ..تم بچوں کی طرح بی ہیو کرنے لگی ہو"

وہ خفگی سے بولا۔

" ...میں بچوں کی طرح بی ہیو؟ کیسے بتاؤ مجھے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اٹھنے کی سعی کرنے لگی۔

" ..رکو"

وہ کہتا ہوا کھڑا ہو گیا۔

وہ تکیہ درست کرتا اس کا ہاتھ پکڑ کر مدد کرنے لگا۔

"کل سے غائب ہو تم... کوئی احساس ہے تمہیں؟"

وہ شکوہ کر گئی۔

وہ خاموش اسے دیکھنے لگا۔

"تمہیں کیا ملتا ہے میرا دل دکھا کر؟"

وہ اس کا گریبان پکڑتی ہوئی بولی۔

فاصلے سمٹ آئے تھے۔ حسنین اس کے قریب تھا۔

"میں نے کیا برا کیا تمہارے ساتھ؟"

وہ اس کا ہاتھ ہٹاتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"مجھ سے دور مت جایا کرو۔"

وہ اس کا ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی۔

آنسو دونوں کے ہاتھ پر گر رہے تھے۔

وہ پل پل اسے حیران کر رہی تھی۔

کبھی ناراضگی, کبھی غصہ تو کبھی محبت۔

" ...میں نے تمہیں کہا تھا زیادہ سوچا مت کرو"

وہ اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ سے نکالنا چاہتا تھا۔

تم کیوں مجھ چھوڑ کر جاتے ہو؟ کل سے نہیں دیکھا "

"تمہیں.. لیکن تمہیں تو فرق ہی نہیں پڑتا۔

اسے خود بھی علم نہیں تھا وہ کیا بول رہی تھی۔

حسنین کھڑا اس کا جھکا ہوا سر دیکھ رہا تھا۔

" ..بیٹھو یہاں"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بیڈ پر جگہ بناتی ہوئی بولی۔

وہ بنا کسی حیل و حجت کہ بیٹھ گیا۔

" تم جیسے بھی ہو لیکن پتہ نہیں کیوں میں تم سے خفا نہیں رہ سکتی.. تم سے دور نہیں رہ سکتی۔"

وہ اپنے دل کی کیفیت بیان کر رہی تھی۔

" مجھے نہیں پتہ میرے پاس کتنی زندگی ہے... لیکن میں آج ایک بات تمہیں بتانا چاہتی ہو۔"

وہ آنسوؤں سے تر چہرہ اٹھا کر اسے دیکھنے لگی۔ آنکھیں سرخ ہو چکی تھیں جو اس کے غم کی روداد سنا رہی تھیں۔

حسنین کے چہرے پر تکلیف کے آثار نمایاں تھے۔

" کیوں خود کو ہلکان کرتی ہو تم؟ ایک تھپڑ لگاؤں گا تمہارے..."

وہ اس کے آنسو پونچھتا برہمی سے بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آہ فکر بھی کر رہے ہو تو غصے کا لبادہ اوڑھ کر۔

وہ کہنا چاہتی تھی لیکن کہہ نہ سکی۔

میں نہیں جانتی یہ محبت ہے یا کچھ اور.. لیکن میں ہر " لمحہ تمہیں اپنے ساتھ دیکھنا چاہتی ہو...تمہارا ساتھ میرے لئے ناگزیر ہے۔میں نہیں رہ سکتی,ایک پل بھی نہیں..." ۔

وہ اس کے شانے پر سر رکھے بول رہی تھی۔

آنسو حسنین کی شرٹ میں جذب ہو رہے تھے۔

عدن کی گرم سانسیں اسے اپنے سینے پر محسوس ہو رہی تھیں۔

وہ اسے کمزور کر رہی تھی۔

جب تک میں ہوں پلیز مجھ سے دور مت جانا۔ ہر رشتہ " مجھ سے روٹھ گیا لیکن تم مت روٹھنا... میں برداشت نہیں کر پاؤں گی۔ خود کو مضبوط کرتے کرتے بہت کمزور ہو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"گئی ہوں۔

اس کے لہجے میں صدیوں کی تھکاوٹ تھی اور وہ تو اس کی ہر تھکن سے واقف تھا۔

"تم کیوں خود کو الجھا کر رکھتی ہو؟ یہ سوچیں انسان کو پاگل کر دیتی ہیں... اور جب میں نے وعدہ کیا ہے تو پھر کیوں ٹینشن لیتی ہو؟"

وہ اسے شانے سے تھامتا سیدھا کرتا ہوا بولا۔

وہ سوں سوں کرتی اسے دیکھنے لگا۔

"اپنا حال دیکھو ذرا..."

وہ ٹیشو سے اس کا چہرہ صاف کرنے لگا۔

"جب تم ایسے کرتی ہو تو مجھے تکلیف ہوتی ہے اس لئے خود کو پاگل مت کیا کرو.. میں تمہارے پاس ہی ہوں۔"

وہ نرمی سے اس کے دل کے تار چھیڑ رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...ابھی کچھ دیر میں گھر چلنا ہے ہمیں تم آرام کرو"

وہ اس کا منہ تھپتھپاتا ہوا بولا۔

وہ اثبات میں سر ہلانے لگی۔

اس کے ایک ایک لفظ پر اسے یقین تھا۔

"پانی؟"

وہ خشک لبوں پر زبان پھیرتی ہوئی بولی۔

" ...ڈاکٹر نے کہا ہے زیادہ نہیں پینا"

وہ گلاس اس کے ہونٹوں کے قریب لاتا ہوا بولا۔

" ...میں تمہاری میڈیسن دیکھ لوں"

وہ بولتا ہوا کھڑا ہو گیا۔

شاید حسنین کی آنکھ میں کچھ چلا گیا تھا جو وہ اس سے چھپ کر اپنی آنکھیں رگڑنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ پرسکون سی ہو کر لیٹ چکی تھی۔

آنکھوں کے پپوٹے سوجھ چکے تھے۔

چہرے کی رونق مانند پڑ گئی تھی۔ وہ شکل سے ہی بیمار دکھائی دے رہی تھی۔

~~~~~~~~~

" ..منال یہاں بیٹھو مجھے ضروری بات کرنی ہے آپ سے"

فیصل صاحب فائل بند کرتے ہوئے بولے۔

" ...جی پاپا"

وہ کہتی ہوئی بیٹھ گئی۔

بیٹا انیب کی ماما نے مجھ سے آپ کا رشتہ مانگا ہے۔ "
"مجھے تو پسند ہے انیب.. آپ بتا دو آپ کو کوئی اعتراض؟

وہ بات مکمل کر کے اسے دیکھنے لگے جس کے چہرے کا رنگ فق ہو رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

"پاپا انیب سے؟"

وہ پھٹی پھٹی نگاہوں سے دیکھ رہی تھی۔

"ہاں بیٹا.. کیا کوئی خرابی ہے اس میں؟"

وہ شفقت سے بولے۔

"نہیں.. لیکن مجھے اس سے شادی نہیں کرنی۔"

وہ قطعیت سے بولی۔

"کیا آپ کو کوئی اور پسند ہے؟"

وہ تفتیشی نظروں سے دیکھ رہے تھے۔

"نہیں پاپا ایسی کوئی بات نہیں ہے... وہ عجیب سا ہے۔"

وہ پاگل کہنا چاہتی تھی لیکن کہہ نہ سکی۔

یہ تو کوئی وجہ نہیں ہوئی انکار کی... مجھے تو لگا تھا "
آپ خوش ہو جاؤں گی۔ آپ دونوں کی انڈرسٹینڈنگ بھی ہے
"...کچھ ٹائم سے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انہوں نے قائل کرنا چاہا۔

"...مجھے سمجھ نہیں آ رہا میں آپ کو کیسے سمجھاؤں"

وہ جھنجھلا کر گویا ہوئی۔

"بیٹا اگر اس میں کوئی برائی ہے پھر تو انکار بنتا ہے۔ اپنی فیملی ہے پھر اس کا بزنس بھی سیٹ ہے..اور کیا چاہیے؟"

وہ سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے بولے۔

"اس کا اپنا بزنس ہے؟"

وہ حیران رہ گئی۔

"ہاں.. اب تو ماشاءاللہ سیٹ کر چکا ہے وہ۔"

وہ مسکراتے ہوئے بولے۔

".. انیب کے بچے تمہیں چھوڑوں گی نہیں میں"

وہ دانت پیستی ہوئی بڑبڑائی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیا کہا؟"

وہ آبرو اچکا کر بولے۔

"جیسے آپ کو مناسب لگتا ہے۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں.."

وہ کوشش کے باوجود مسکرا نہ سکی۔

" چلو ٹھیک ہے... میں نے انہیں کہہ دیا تھا کہ شادی سادگی سے کریں گے۔ بس میں چاہتا ہوں اپنی زندگی میں آپ کی خوشیاں دیکھ لوں..."

وہ منال کے سر پر بوسہ دیتے ہوئے بولے۔

" میں کچن میں یخنی رکھ کر آئی تھی.."

وہ بہانہ بناتی اٹھ گئی۔

"تمہی سے ہونی تھی میری شادی۔"

وہ برتن زور سے سلیب پر رکھتی ہوئی بڑبڑائی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پاپا کو بھی ساری دنیا چھوڑ کر ایک وہی ملا تھا.. اور کام "
تو دیکھو بزنس مین ہو کر مجھ سے بل لیتا تھا... سامنے آؤ
"تم انیب پھر بتاؤں گی تمہیں۔

وہ بل کھاتی ہوئی چولہا بند کرنے لگی۔

~~~~~~~~

یہ میڈیسن کھانے سے پہلے لینی ہے اور یہ دونوں کھانے "
"...کے بعد

حسنین دوائیاں ہاتھ میں پکڑے بول رہا تھا۔

عدن کی نگاہیں اور توجہ کا مرکز فون تھا۔

"عدن؟"

وہ زور سے بولا۔

"...ہاں میں نے سن لیا ہے... انہیں چھوڑو یہ ڈریس دیکھو"

وہ اس کی بازو پکڑ کر بیڈ پر بٹھاتی ہوئی بولی۔

"تم سنجیدہ کیوں نہیں ہو؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

وہ اس کا فون کھینچتا ہوا بولا۔

غیض چہرے پر نمایاں تھا۔

" ...جو زندگی ہے مجھے جینے دو"

وہ منہ بسورتی ہوئی بولی۔

"کھانے سے پہلے کون سی میڈیسن لینی ہے؟"

وہ آبرو اچکا کر بولا۔

" ....اممم"

وہ منہ پر انگلی رکھے سوچنے لگی۔

"میں بہت برا پیش آؤں گا... سدھر جاؤ تم۔"

وہ خطرناک تیور لئے بولا۔

اچھا نہ تم تو ہر وقت ہٹلر بنے رہتے ہو... یہ بتاؤ انٹرویو " "کے لیے کب جانا ہے؟

وہ لب دبائے مسکرا رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...میں لیٹ نہیں ہوا ابھی"

وہ خشک لہجے میں بولا۔

" ..اور ہاں میری بات یاد رکھنا.. پانی زیادہ نہیں پینا"

وہ اس کی آنکھوں کے سامنے چٹکی بجاتا ہوا بولا۔

اوکے اوکے.. اب تم جاؤ اور میری طرف سے بیسٹ " وشز۔"

وہ نرم مسکراہٹ لئے بولی۔

لیکن وہ مسکرا نہ سکا۔

ٹائی لگاتا وہ باہر نکل گیا۔

"بائے تک نہیں بولا۔"

وہ خفگی سے کہتی پھر سے فون کو دیکھنے لگی۔

وہ بیٹھا اپنی باری کا انتظار کر رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گھنٹے بعد حسنین کی باری آئی۔

سانس خارج کرتا وہ اندر چلا گیا۔

وہ پیشانی پر بل ڈالے حسنین کی فائل دیکھ رہا تھا۔

" ..سوری آپ کو یہ جاب نہیں مل سکتی"

وہ فائل میز پر رکھتا ہوا بولا۔

" لیکن سر کیوں؟ آپ ایک بار پھر چیک کر لیں میرے پاس تجربہ بھی ہے..."

وہ بے چینی سے پہلو بدلتا ہوا بولا۔

" انٹرویو ختم ہوئے آپ جا سکتے ہیں.. ہم ہائر کر چکے ہیں.."

وہ شانے اچکاتا ہوا بولا۔

" پلیز سر مجھے اس جاب کی بہت ضرورت ہے.. میری وائف ہاسپٹل میں ہے..."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ منت پر اتر آیا۔

" دیکھیں یہ سب جا کر کسی اور کے سامنے کریں.. آپ سے
" ..ایک بار کہہ دیا کہ انٹرویو ختم تو مطلب ختم

وہ تاؤ کھاتا ہوا بولا۔

حسنین ایک نظر اس پر ڈالتا اپنی فائل اٹھا کر باہر نکل آیا۔

"مجھے جلد از جلد کچھ کرنا ہوگا۔"

وہ منہ پر ہاتھ پھیرتا ہوا بولا۔

وہ کوکا کولا کی فیکٹری کے سامنے کھڑا سوچنے لگا۔

" ...پیسے چائیں تو کام تو کرنا پڑے گا چاہے جیسا بھی ہو"

وہ خود کلامی کرتا اندر چلا گیا۔

~~~~~~~~

" ...آئم سوری"

عزہ سر جھکائے ہوئے تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"کس لیے؟"

وہ اس کی جانب گھومتا ہوا بولا۔

"وہ.. اس دن مجھے۔"

"ہاں.. ہاں بولو میں سن رہا ہوں۔"

وہ لطف لے رہا تھا۔

" ...تم جانتے تو ہو کیوں مجھ سے سننا چاہتے ہو"

وہ بےبسی سے بولی۔

"تمہیں معافی صرف ایک شرط پر ملے گی۔"

ناراضگی ہنوز برقرار تھی۔

شہری کو اس کے چہرے پر تذبذب نظر آیا۔

"تم میرے نام ہو۔"

وہ اس کا ہاتھ پکڑے انگوٹھی پہنانے لگا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عزہ کی آنکھیں پھیل گئیں۔

"تمہیں برا نہیں لگا تھا؟"

وہ ہچکچا کر بولی۔

" نہیں.. کیونکہ تم نے کہا تھا لیکن اس کا مطلب اب یہ بھی نہیں کہ تم ہمیشہ ہی ایسے کرو.."

وہ شانے اچکاتا ہوا بولا۔

" نہیں.. بس اس دن میں غصے میں تھی اور سارا غصہ تم پر اتر گیا..."

وہ اس کے ہمراہ قدم اٹھاتی ہوئی بولی۔

شہری خاموشی سے مسکرانے لگا۔

~~~~~~~~

"حسنین مجھے نہیں جانا ہاسپٹل۔"

وہ اسے دیکھتے ہوئے شروع ہو گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"اس بحث کا کیا مقصد ؟"

وہ آبرو اچکا کر بولا۔

" ...تاکہ تم مجھے نہ لے کر جاؤ"

وہ منہ بسورتی ہوئی بولی۔

" یہ تم بھی اچھے سے جانتی ہو کہ تمہیں جانا ہی پڑے گا...اب یہ نخرے ختم کرو پھر مجھے جاب پر بھی جانا ہے,, جلدی کرو اب.. "

وہ خفگی سے دیکھتا ہوا بولا۔

" ...تم نہ"

" ...عدن دو منٹ میں اٹھ جاؤ ورنہ بہت برا پیش آؤں گا"

وہ کہتا ہوا کمرے سے باہر نکل گیا۔

"....ایک تو اتنی گندی میڈیسن اور پھر یہ ڈائلائسز"

وہ ہنکار بھرتی اٹھ گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...میں نے شہری کو کال کر دی ہے وہ ابھی آ جائے گا"

وہ ہاسپٹل کی حدود میں داخل ہوتے ہوئے بولا۔

"اور تم؟"

وہ معصومیت سے اسے دیکھنے لگا۔

"مجھے جانا ہے... آج پہلا دن ہے میرا لیٹ نہیں ہو سکتا۔"

وہ بےبسی سے بولا۔

عدن اس وقت کاٹن کی پرنٹ قمیض کے ساتھ پلین ٹراؤذر پہنے ہوئے تھی۔ سر دوپٹے سے ڈھانپ رکھا تھا۔

حسنین اس تبدیلی پر خوش تھا لیکن یہ وقت خوش ہونے کا نہیں تھا۔

" ...پھر ہم بعد میں آ جائیں گے"

وہ رک کر بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ گردن گھما کر اسے دیکھنے لگا۔

" ...پاگل مت بنو"

وہ برہم ہوا۔

جب تم شام میں آؤ گے میں تب کروا لوں گی تمہارے "
" ...ساتھ

وہ رو دینے کو تھی۔

"ضد مت کرو.. مجھے دیر ہو رہی ہے۔"

وہ خفا خفا انداز میں بولا۔

وہ نا چاہتے ہوئے بھی چلنے لگی۔

" ...میں نہیں بولتی تم سے"

وہ اسے کمرے میں چھوڑ کر دروازے کی جانب بڑھ رہا تھا جب عدن کی آواز گونجی۔

" ..تھینک یو"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کہتا ہوا باہر نکل گیا۔

" ...بہت برے ہو تم"

وہ آنسوؤں پر بندھ باندھتی ہوئی بولی۔

دو سیاہ آنکھیں عدن پر مرکوز تھیں۔

" ہاں.. میں آج بڑی ہوں ہاسپٹل آیا ہونکہ میں آؤں گا پھر دیکھیں گے..."

شہری فون کان سے لگائے چل رہا تھا جب وہ حارب سے ٹکرا گیا۔

"تم! یہاں؟"

شہری کی پیشانی پر بل پڑ گئے۔

"ہاں... وہ مجھے آنٹی کی میڈیسن لینی تھی۔"

وہ ہڑبڑا کر عقب میں دیکھتا چلنے لگا۔

شہری تعجب سے اس کی پشت دیکھتا قدم اٹھانے لگا۔

~~~~~~~~

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"ملیحہ آج کل کہاں ہوتی ہو تم؟"

شفق پیشانی پر بل ڈالے اسے دیکھ رہی تھی۔

"ماما کیا مطلب ہے اس بات کا؟"

وہ بیزاری سے گویا ہوئی۔

شاہد کا فون آیا تھا کہ وہ منگنی ختم کر رہا ہے.. تم شوٹ "
"پر بھی نہیں جا رہی پھر کہاں رہتی ہو؟

انداز تفتیشی تھا۔

" ...کہیں نہیں"

وہ کہتی ہوئی باہر کی جانب قدم اٹھانے لگی۔

" ..تم حد سے زیادہ خود سر ہوتی جا رہی ہو"

وہ بولتی ہوئی باہر نکل آئیں۔

" ..ماما مجھے کوئی بات نہیں کرنی"

وہ بلند آواز میں بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ..ہمیشہ تمہاری مرضی نہیں چلے گی ملیحہ"

وہ جیسے تھک گئیں تھیں۔

تمہیں خود پر ترس نہیں آتا؟ کیا سے کیا بنتی جا رہی ہو "
"تم؟

وہ جیسے سمجھنے سے قاصر تھیں۔

" ..فائن آپ مجھے سکون سے رہنے نہیں دیں گیں یہاں"

وہ تلملاتی ہوئی باہر نکل گئی۔

وہ تاسف سے اس سمت میں دیکھنے لگیں۔

ملیحہ اس وقت گرے شرٹ کے ساتھ ٹراؤذر پہنے ہوئے تھی.. بال پونی کی زد میں تھے۔

وہ دانت پیستی چلتی جا رہی تھی۔

سب ہارنے کے بعد بھی وہ رکی نہیں تھی

" ...میں بھی دیکھتی ہوں عدن تم کیسے زندہ رہتی ہو"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ حقارت سے بولی۔

اسی اثنا میں ایک تیز رفتار گاڑی اس کے پاس آئی اور اس کے منہ پر ہاتھ رکھ کر اسے اندر کھینچ لیا۔

اس سے قبل کہ وہ چیخ و پکار کرتی وہ سپیڈ بڑھاتے وہاں سے اوجھل ہو گئے۔

~~~~~~~~~

یہاں بیٹھنے کی تنخواہ نہیں ملتی۔ پتہ نہیں کہاں کہاں سے " منہ اٹھا کر آ جاتے ہیں۔ تمہاری باپ کی فیکٹری نہیں ہے یہ جا کر کام کرو..." "

سپروائزر حسنین پر دھاڑا۔

"میں بس سانس لینے کو بیٹھا تھا۔"

وہ کھڑا ہوتا ہوا بولا۔

" ...وہ سارے کریٹ گاڑی میں رکھو,,مال بھیجنا ہے"

وہ بوتلوں کے کریٹ کی جانب اشارہ کرتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

کڑی دھوپ میں یہ راستہ طے کر کے اسے وہ کریٹ گاڑی تک پہنچانے تھے۔

وہ پسینے میں شرابور تھا باقی ملازموں کی طرح۔

اپنی تعلیم کے لحاظ سے وہ اس جاب کا مستحق تو نہیں تھا لیکن کرنے پر مجبور تھا۔

حسنین منہ پر چھینٹے مارتا باہر نکل آیا۔

اب اس کا رخ ہاسپٹل کی جانب تھا۔

چہرے سے غصہ چھلک رہا تھا۔

وہ بائیک پر بیٹھا, فون چیک کیا اور سٹارٹ کر کے نکل گیا۔

اس کے چہرے پر بلا کی سختی تھی لب سختی سے بھینچ رکھے تھے۔

" ..جی سر"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

واڑ بوائے اسے دیکھتا ہوا بولا۔

" ..آپ سے ایک مشورہ چاہیے تھا"

وہ بغور اسے دیکھتا ہوا بولا۔

"جی سر بتائیں؟"

وہ مسکراتا ہوا بولا۔

" ...باہر چل کر بات کرتے ہیں"

وہ الٹے قدم اٹھاتا ہوا بولا۔

وہ خاموشی سے اس کے ساتھ باہر نکل گیا۔

"شرم نہیں آتی تمہیں؟"

حسنین اس کے منہ پر مکہ مارتا ہوا بولا۔

"یہ کیا کر رہے ہیں آپ؟"

وہ ہکا بکا اسے دیکھنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کس کے کہنے پر غلط رپورٹس بنائیں؟"

وہ اس کا گریبان پکڑے اس کے منہ پر وار کرتا ہوا بولا۔

اس کا ہونٹ پھٹ چکا تھا جس سے اب خون بہنے لگا تھا۔

اسے اب یاد آیا۔

وہ گھبرا کر اِدھر اُدھر دیکھنے لگا۔

"میں نے پوچھا کس کے کہنے پر رپورٹس بدلی؟"

حسنین اسے دیوار پر مارتا ہوا بولا۔

اب اس کے ناک سے خون بہنے لگا تھا۔

" ..بچاؤ"

اس نے ابھی لب کھولے ہی تھے کہ حسنین نے اس کے منہ پر ہاتھ رکھ دیا۔

اگر اپنی زندگی پیاری ہے تو مجھے خاموشی سے اس کا " نام بتا دو... ورنہ جیسے تمہیں رپورٹس بدلتے ہوئے کوئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...فرق نہیں پڑا تھا مجھے بھی کوئی فرق نہیں پڑے گا

وہ دانت پیستا ہوا بولا۔

وہ اس کا بیک گراؤنڈ سوچنے لگا۔

عدن خان.. وہ اسے دیکھتا ہوا سوچ رہا تھا۔

اس نے اثبات میں سر ہلایا۔

...حسنین نے اس کی گردن پر چاقو رکھا

" ...اب بولو"

وہ اسے گھورتا ہوا بولا۔

" ...وہ.. ملیحہ ریاض نے فون کیا تھا"

وہ گھبراتے ہوئے بولا۔

" ...اب پلیز اسے دور کرو..غلطی سے بھی لگ سکتا ہے"

اس کی جان پر بن آئی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حسنین اثبات میں سر ہلاتا پیچھے ہو گیا۔

" شرم آنی چاہئیے تمہیں چند پیسوں کے عوض تم کسی کی زندگی کا سودا کر دیتے ہو... لعنت ہو تم.. یاد رکھنا کیس بنواؤں گا تم سے,, ایسے بخشنے والا نہیں... اگلی بار کسی کی زندگی سے کھیلنے سے پہلے سو مرتبہ سوچو گے۔"

وہ اس کا منہ دبوچتا ہوا بولا۔

" دل تو کر رہا ہے تمہیں جان سے مار دوں.. نجانے کتنے لوگوں کی زندگی تباہ کی ہو گی تم نے..."

اس کا غصہ بڑھتا جا رہا تھا۔

" نہیں سر پلیز.. میرے چھوٹے چھوٹے سے بچے ہیں یہ ظلم نہ کریں.."

وہ اس کے پاؤں پڑ گیا۔

" جن کی زندگیوں سے تم کھیلتے ہو ان کے بھی گھر والے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...ہوتے ہیں

وہ تمس سے کہتا چلنے لگا۔

فون مسلسل رنگ کر رہا تھا اور وہ جانتا تھا کس کا فون ہو سکتا ہے...

وہ چپ چاپ بائیک پر بیٹھا اور عدن کے گھر کے راستے پر ڈال دی۔

آدھ گھنٹے بعد وہ گھر پہنچا تو ڈرائینگ روم کے واش روم میں چلا گیا۔

" ...اس نے خون دیکھ لیا تو سو سوال کرے گی"

وہ ہاتھ صاف کرتا ہوا بڑبڑایا۔

تولیے سے چہرہ خشک کر کے وہ کمرے کی جانب چل دیا۔

خلاف معمول کمرہ خالی تھی۔

"عدن کہاں گئی؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کی پیشانی پر بل پڑ گئے۔

وہ باہر نکل کر ٹیرس پر آ گیا۔

وہاں بھی عدن موجود نہ تھی۔

"مجھے بنا بتائے کہاں گئی؟"

وہ دو انگلیوں سے پیشانی مسلتا زینے اترنے لگا۔

اب اس کا رخ کچن کی سمت میں تھا۔

"رابن!! عدن کہاں ہے؟"

سوری سر مجھے نہیں معلوم.. میں کافی دیر سے کچن میں " ہوں.. "

وہ سر اٹھاتا ہوا بولا۔

"باہر تو نہیں گئی؟"

اس نے خدشہ ظاہر کیا۔

" نہیں سر.. وہ گھر پر ہی ہیں.."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سلاد کاٹتا ہوا بولا۔

" ...اور ان کے فادر"

وہ ہچکچا کر بولا۔

" ...وہ ابھی نہیں آئے"

وہ مسکرا کر بولا۔

حسنین خاموشی سے باہر نکل گیا۔

" ...پھر کہاں چھپی بیٹھی ہے"

وہ بڑبڑاتا ہوا کمرے چیک کرنے لگا۔

یہ سٹور روم سے ملحق کمرہ تھا۔

حسنین نے دروازہ کھولا تو سامنے وہ دکھائی دی۔

دوپٹہ سر پر اوڑھے وہ جائے نماز پر بیٹھی تھی۔

وہ یک ٹک اسے دیکھنے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بلآخر وہ اپنی رضامندی سے بدل رہی تھی۔

"تم یہاں کیوں کھڑے ہو؟"

وہ اکھڑ گئی۔

"یہاں کھڑا ہونا ممنوع ہے؟"

وہ سینے پر بازو باندھتا ہوا بولا۔

"کسی کی عبادت میں خلل ڈالنا ممنوع ہے۔"

وہ خفا تھی۔

"میں نے کوئی آواز نہیں کی... پھر کیسے خلل؟"

وہ آبرو اچکا کر بولا۔

"تم نے سب سن لیا ہو گا.. میں نے کیا مانگا دعا میں۔"

وہ جائے نماز تہ لگاتی ہوئی بولی۔

"تم نے میڈیسن لی؟ اور کھانا؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کا سوال نظر انداز کرتا ہوا بولا۔

"تمہیں کیا فرق پڑتا ہے؟"

وہ بے رخی سے کہتی باہر نکل گئی۔

" ...اووہ تو صبح والی بات پر"

وہ بڑبڑاتا ہوا باہر نکل گیا۔

"...کل ہمیں فنکشن پر جانا ہے"

وہ کارڈ اس کے سامنے کرتی ہوئی بولی البتہ چہرہ دوسری سمت میں تھا۔

"ٹھیک ہے... میں لے جاؤں گا۔"

وہ کارڈ دیکھتا ہوا بولا۔

" ...میں تم سے کوئی بات نہیں کر رہی"

وہ منہ بسورتی ہوئی کمرے میں چلی گئی۔

وہ لب دبائے مسکرا رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ٹھیک ہے کوئی مسئلہ نہیں آج میں سکون سے سو پاؤں "
"گا۔

وہ صوفے پر نیم دراز ہوتا ہوا بولا۔

وہ کلس کر اسے دیکھنے لگی۔

" ...تم ہو ہی بے حس"

وہ جل کر بولی۔

" ...شکریہ"

وہ اسے مزید تپا رہی تھا۔

" ...تم بہت برے ہو"

وہ بس رو دینے کو تھی۔

" ...یہ میرا اعزاز ہے"

وہ محظوظ ہوا۔

" ...تم انتہائی درجے کے بے مروت اور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اور؟"

وہ کہنیوں کے بل اٹھتا ہوا اسے دیکھنے لگا۔

" اور میں کیوں بتاؤں؟ میں ویسے بھی تم سے بات نہیں کر رہی..."

اسے اپنی بات یاد آئی تو جھٹ بولی۔

" ...انٹرسٹنگ"

وہ زیر لب بڑبڑاتا مسکرانے لگا۔

وہ بنا پلک جھپکے اسے دیکھنے لگی۔

"تم آج پھر مسکرا رہے تھے؟"

وہ خواب کی کسی کیفیت میں بولی۔

" ...نہیں.. میں چینج کرنے جا رہا ہوں"

وہ خود کو سرزنش کرتا کپڑے نکالنے لگا۔

" ...میں نے دیکھ لیا تھا تم مسکرا رہے تھے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کھل کر مسکراتی ہوئی بولی۔

"تو؟"

انتہائی بد تمیزی سے جواب آیا۔

" ...میرا سر"

وہ منہ میں بڑبڑائی۔

وہ ناک چڑھاتی لیٹ گئی۔ اور وہ واش روم میں چلا گیا۔

~~~~~~~~~

"یہ کیا تماشہ تم نے لگا رکھا ہے؟"

علی اس پر دھاڑا۔

"کیا؟"

وہ عدن سے نگاہیں ہٹاتی ششدر سی اسے دیکھنے لگی۔

" کئیر ٹیکر مجھے شکایت کر رہی تھی کہ سارا دن تم نے اس کا سر کھایا ہے.. عدن نے کھانا کھایا, وہ سوئی یا نہیں,

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

"کبھی اسے دیکھنے کی ضد... آخر مسئلہ کیا ہے؟

وہ اس کی بازو دبوچتا ہوا بولا۔

وہ عدن کو صوفے پر لٹاتی پرسکون انداز میں کھڑی ہو گئی۔

" اس چیز سے تم مجھے نہیں روک سکتے.. میری بیٹی ہے میرا سو دفعہ بھی اسے دیکھنا کا دل کرے گا تو میں دیکھوں گی۔ سمجھے تم..."

وہ حلق کے بل چلائی۔"

"....یہ تماشے یہاں نہیں"

وہ دانت پیستا ہوا بولا۔

" اب تم بھی اپنی حد میں رہو...تمہاری خاطر میں اس گندگی میں ہوں... تمہاری خاطر اپنی بیٹی کو چھوڑ کر جاتی ہوں.. لیکن اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں میں گونگی بہری ہوں۔ میرا جب دل کرے گا میں فون کروں گی اور میں دیکھتی ہوں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کون مجھے روکے گا۔

آج وہ ایک بیوی نہیں ماں تھی۔

" تم انوکھی ماں ہو... سب ایسے ہی بچے پالتے ہیں... تمہیں پتہ نہیں کس زبان میں سمجھاؤں۔"

وہ سائرہ کے بدلے تیور دیکھ کر پیچھے ہٹ گیا۔

" تمہیں اپنی بیٹی کی فکر نہیں تو اس کا قطعاً یہ مطلب نہیں کہ مجھے بھی میری بیٹی کی فکر نہیں..."

وہ چبا چبا کر بولی۔

" ..اب یہ لیکچر شروع ہو گیا تمہارا"

وہ بیزاری سے کہتا آگے بڑھ گیا۔

وہ تاسف سے اسے جاتا دیکھنے لگی۔

عدن کے رونے کی آواز نے اسے اپنی جانب متوجہ کروایا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"او میرا بچہ... ماما یہیں ہیں۔"

وہ اسے گود میں اٹھاتی ہوئی بولی۔

"ماما کو مس کیا؟"

وہ اسے دیکھتی ہوئی بولی۔

عدن منہ بناتی اسے دیکھنے لگی۔

وہ اس کے سر پر بوسہ دیتی ٹہلنے لگی۔

~~~~~~~~

" ..عدن تم ویک ہوتی جا رہی ہو"

وہ کسی سے مل رہی تھی۔

" ...ہاں بس ایسے ہی ہے"

وہ آہستہ سے بولی۔

حسنین کی نگاہیں عدن پر تھیں۔

عدن کو موت کا خوف نہیں تھا لیکن وہ اسے بچانا چاہتا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

" ..تمہیں اتنی آسانی سے جانے نہیں دوں گا میں"

وہ اسے دیکھتا ہوا بولا۔

" ..میں آتی ہوں"

وہ ایکسکیوز کرتی سائیڈ پر ہو گئی۔

" ...عدن پلیز مجھے بات کرنی ہے تم سے"

وہ اس کا ہاتھ پکڑتا سائیڈ پر آ گیا۔

وہ پھٹی پھٹی نگاہوں سے شاہد کو دیکھنے لگی۔

"تم میری جان کیوں نہیں چھوڑ دیتے؟"

وہ اپنی بازو اس کی فولادی گرفت سے آزاد کرواتی ہوئی بولی۔

آنکھوں میں شعلے اٹھ رہے تھے۔

پلیز ایک موقع دے دو.. میں اپنی غلطیاں سدھار لوں گا... "

" ..تم اس کے ساتھ نہیں میرے ساتھ سوٹ کرتی ہو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ جیلیس ہو رہا تھا۔

مجھے تم سے کوئی بات نہیں کرنی اور ہاں مجھ سے دور " رہا کرو.. ورنہ جو میرا شوہر ہے نہ... تمہیں چھوڑے گا نہیں"۔

وہ دانت پیستی ہوئی بولی۔

حسنین لمبے لمبے ڈگ بھرتا ان کی جانب بڑھ رہا تھا۔

غصے سے گردن کی رگیں تنی ہوئی تھیں, آنکھیں سرخ انگارہ بنی ہوئیں تھیں۔

" ...پلیز صرف ایک موقع"

وہ پھر سے اس کا ہاتھ پکڑتا ہوا بولا۔

"تمہاری ہمت کیسے ہوئی عدن کو چھونے کی؟"

حسنین اس کا ہاتھ جھٹک کر اسے کالر سے پکڑتا آس کی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جانب بڑھنے لگا۔ شاہد الٹے قدم اٹھا رہا تھا۔

"ہمت تم نے ابھی دیکھی نہیں ہے۔"

وہ اسے دھکا دیتا ہوا بولا۔

" ...پھر آج دیکھ ہی لیتے ہیں کتنی ہمت ہے تمہارے اندر"

وہ کوٹ اتارتا ہوا بولا۔

" ..حسنین پلیز نہیں مہندی کا فنکشن ہے یہ اور تم"

عدن اس کے سامنے آتی ہوئی بولی۔

"اسے سبق سکھانا ضروری ہے۔"

وہ پیشانی پر بل ڈالتا ہوا بولا۔

شاہد اپنی کالر درست کرتا حسنین کو گھور رہا تھا۔

" پلیز.. ایسا مت کرو انکل کیا سوچیں گے؟ ان کی بیٹی کی مہندی خراب کر دی ہم نے۔"

وہ اس کے ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ نگاہیں جھکا کر عدن کے ہاتھ دیکھنے لگا۔

"ٹھیک ہے۔"

وہ سمجھ گیا۔

"...اور اب تم میرے ساتھ ہی رہو گی"

وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر چلنے لگا۔

وہ گردن گھما کر شاہد کو دیکھنے لگا, آنکھوں میں غیض تھا, تنبیہ تھی۔

منال سپاٹ انداز میں بیٹھی سب کو دیکھ رہی تھی۔

وہ اپنی کیفیات سمجھنے سے قاصر تھی۔

وہ خوش تھی یا اداس اسے سمجھ نہیں آ رہا تھا۔

اس دن سے سامنے نہیں آئے تم میرے... عجیب پاگل انسان " ...ہو "

اسے انیب پر غصہ آ رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انیب کی بہن مہندی کی رسم کرنے آئی تو وہ مسکرانے لگی۔

ہمیشہ کی مانند آج بھی وہ حجاب میں تھی۔

سنہری رنگ کا حجاب میک اپ سے عاری چہرے پر چار چاند لگا رہا تھا۔

اس کی خوبصورتی ہی اس حجاب سے تھی۔

" ..پاپا میں تھک گئی ہوں"

مہمان جا رہے تھے جب اس نے فیصل صاحب کو مخاطب کیا۔

" ہاں.. ٹائم بھی کافی ہو گیا ہے... فضا(منال کی پھوپھی زاد) منال کو کمرے میں لے جاؤ.."

وہ مسکراتے ہوئے بولے۔

" ...جی ماموں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سر ہلاتی منال کے پاس آ گئی۔

منال چینج کر کے ٹہلنے لگی۔

ایک بار تو تم سے بات کرتی... ایسے کیسے تم سے شادی "
"کر لوں؟

وہ لب کاٹتی سوچ رہی تھی۔

ابھی وہ انہیں سوچوں میں غرق تھی کہ اس کا فون رنگ کرنے لگا۔

اسکرین پر پاگل انسان کا نام جگمگا رہا تھا۔

" ..تو تم دنیا میں واپس آ ہی گئے"

چھوٹے ہی وہ بول پڑی۔

" ..توبہ توبہ نہ سلام نہ دعا... سیدھا لڑنے بیٹھ گئی تم تو"

وہ شرارت سے بولا۔

"یہ کیا حرکت کی ہے تم نے؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دانت پیستی ہوئی بولی۔

"کون سی حرکت؟"

وہ معصومیت کے سارے ریکارڈ توڑتا ہوا بولا۔

"کس خوشی میں رشتہ بھیجا تھا تم نے؟"

وہ تپ کر بولی۔

تم انکار کر دیتی... میں نے رشتے کے ساتھ گن تو نہیں "
" ...بھیجی تھی جو تم انکار نہ کر سکی گن کے آگے

وہ حساب برابر کرنے لگا۔

" ...تم نہ"

وہ تلملا کر رہ گئی۔

میں کیا؟ اچھا میں نے سنا ہے تم میری یاد میں ڈھانچہ بن "
"گئی ہو؟

وہ بیڈ پر گرتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" انتہائی فضول انسان ہو تم... ایسی ہی فضول باتوں کی توقع تھی تم سے.. "

وہ بدمزہ ہوئی۔

" اچھا پھر کیسی باتیں کروں تم ہی بتا دو.. ابھی میں نے کوئی پیار محبت کی بات کر لی تو تم کہنا ہے ٹھرکی بن رہے ہو۔"

وہ منہ بناتا ہوا بولا۔

" تم نہ کوئی بھی بات مت کرو.. بھاڑ میں جاؤ.."

اس نے کلس کر فون بند کر دیا۔

انیب ہنستا ہوا فون کو دیکھنے لگا۔

" کل جب تم میرے پاس ہو گی پھر میں دیکھوں گا کیسے نخرے دکھاتی ہو.. "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ فون بیڈ پر رکھتا ہوا بولا۔

~~~~~~~~~~

" ...مجھے نہیں کھانا یہ"

وہ منہ موڑ کر بیٹھ گئی۔

وہ ٹیبل پر ہاتھ رکھے اسے گھورنے لگا۔

" مجھ سے ہرگز یہ توقع مت رکھنا کہ میں تمہیں کہوں گا یہ رہنے دو اور تمہاری فیورٹ ڈش آڈر کروا دیتا ہوں جو تمہارے لیے ڈاکٹر نے کہا ہے وہی کھانا پڑے گا..."

وہ سلگ کر بولا۔

وہ منہ کھولے اسے دیکھنے لگی۔

" ...جانتی ہوں تم ہو ہی بے مروت انسان"

وہ منہ بناتی ہوئی بولی۔

" ..چپ کر کے کھاؤ اسے"

وہ گھورتا ہوا بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~~

"مجھے نہیں پسند یہ۔"

وہ منمنائی۔

ڈاکٹر نے یہی بولا ہے اور تمہیں کھانا پڑے گا.. اب "
"خاموشی سے کھاؤ اور مجھے تنگ نہ کرو۔

وہ بولتا ہوا کرسی کھینچ کر بیٹھ گیا۔

" ..تم سے کوئی امید رکھتی بھی نہیں ہوں میں"

وہ خفا خفا سی بولی۔

میں بھی یہی چاہتا ہوں تم مجھ سے توقعات وابستہ نہ "
"کرو۔

وہ چائے کا کپ اٹھاتا ہوا بولا۔

"اور ایسا کیوں؟"

وہ نوالہ توڑتی ہوئی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"توقعات ہمیشہ تکلیف دیتی ہیں اس میں تمہارا ہی فائدہ ہے۔"

وہ سامنے دیکھتا ہوا بولا۔

" شاہد کے سامنے ایسا لگتا ہے نجانے تمہیں مجھ سے کتنی محبت ہے اور گھر میں تو بس..."

وہ نفی میں سر ہلاتی کھانے لگی۔

" کل ڈائلائسز کے لئے جانا ہے ابھی سے تیار کر لو خود کو.... یہ نخرے نہیں دیکھنے میں نے۔"

وہ برہمی سے بولا۔

" تم کبھی نرمی سے بات نہیں کر سکتے؟ ہمیشہ جلی کٹی سناتے رہتے ہو,, غصہ کرتے رہتے ہو۔فکر بھی کرتے ہو تو ڈانٹ کر..."

وہ آنکھوں میں نمی لئے شکایتوں کے انبار لگا رہی تھی۔

" اسی لئے کہتا ہوں امیدیں مت باندھو مجھ سے... صرف تکلیف ملے گی۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ جھک کر اسے دیکھتا ہوا بولا۔

" کیا تم ہمیشہ ایسے ہی رہو گے؟ میرے پاس تو اب تھوڑا سا ہی ٹائم ہے۔"

وہ اس کا ہاتھ پکڑتی ہوئی بولی۔

وہ جو جانے کے لیے مڑا تھا رک گیا۔

وہ جیسے اس کے سوالوں سے بھاگنا چاہتا تھا۔

" بتاؤ.. تم ہمیشہ ہر چیز میں اپنی مرضی چلاتے ہو.. کبھی میری بات نہیں مانتے,, کبھی میرے سوالوں کا جواب نہیں دیتے..."

وہ تھکتی جا رہی تھی اس کے متعلق سوچ سوچ کر۔

" اور میں نے تمہیں ہزار بار کہا ہے خود کو ہلکان مت کیا کرو.. "

وہ اس کی جانب گھومتا ہوا بولا۔

" میں چلی جاؤں گی... کیا تم چند دن بھی مجھے نہیں دے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"سکتے؟

وہ اس کی سنہری آنکھوں میں جھانکتی ہوئی بولی۔

وہ اپنے ساتھ ساتھ حسنین کو بھی تکلیف دیتی تھی۔

وہ خاموش تھا۔ جیسے مناسب الفاظ تلاش رہا ہو۔ اور وہ منتظر نگاہوں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

جو جیسا چل رہا ہے چلنے دو.. اس سے زیادہ میں نہیں کر " سکتا۔"

وہی روکھا لہجہ۔

عدن نے اس کا ہاتھ جھٹک دیا۔

اب میں بھی تمہاری کوئی بات نہیں مانوں گی.. نہ میڈیسن " لوں گی نہ ڈائلائسز کرواؤں گئ کچھ بھی نہیں..."

وہ چلاتی ہوئی زینے چڑھنے لگی۔

حسنین تاسف بھری نگاہوں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ..یہ نہیں ہونا چائیے تھا"

وہ بولتا ہوا باہر نکل گیا۔

" تم دن بہ دن مجھے مشکل میں ڈال رہی ہو.. کیسے سمجھاؤں تمہیں؟"

وہ بولتا ہوا چلنے لگا۔

~~~~~~~~

شفق پریشانی کے عالم میں یہاں سے وہاں ٹہل رہی تھی۔

"کچھ معلوم ہوا ملیحہ کا؟"

وہ فون کان سے لگائے بہت چینی سے گویا ہوئی۔

"ایسے اچانک کہاں جا سکتی ہے وہ.. اور بنا بتائے؟"

وہ جھنجھلا کر بولیں۔

مقابل نجانے کیا کہہ رہا تھا کہ وہ مدھم پڑ گئیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

" ...اچھا"

بس اتنا کہہ کر اس نے فون بند کر دیا۔

" کہاں چلی گئی ہو تم؟ خدا کرے جہاں بھی تم ہو بس ٹھیک ہو..."

وہ دعائیں مانگتی منتظر نگاہوں سے دروازے کو دیکھنے لگیں۔

" حارب اچھا ہوا تم آ گئے... ملیحہ نجانے کہاں غائب ہو گئی ہے مجھے تو کچھ سمجھ ہی نہیں آ رہا..."

وہ اسے دیکھتیں اشک بہاتی ہوئی بولیں۔

" آپ فکر مت کریں میں دیکھتا ہوں... بیٹھ جائیں یہاں.."

وہ انہیں صوفے پر بٹھاتا ہوا بولا۔

" مجھے تو بہت ٹینشن ہو رہی ہے... مجھ سے بحث کر کے نکلی تھی اور واپس نہیں آئی"

وہ بے چینی سے پہلو بدلتی ہوئی بولیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...آپ پانی پئیں میں دیکھتا ہوں"

وہ گلاس انہیں پکڑتا کھڑا ہو گیا۔

اسے ملیحہ میں کوئی دلچسپی نہیں تھی لیکن شفق کے ساتھ اس کا رشتہ مختلف نوعیت کا تھا جس کے باعث وہ انہیں انکار نہیں کر سکتا تھا۔

~~~~~~~~~

"شکر ہے آپ کو بھی گھر کی یاد آئی۔"

وہ خفا تھی۔

مجھے جیسے علم ہوا میں فوراً آ گیا۔ اور اپنی بیٹی کے " لئے انتظام کر کے آیا ہوں۔"

وہ ہلکا سا مسکرائے۔

" ...تھینک یو ڈیڈ"

عدن ان کے گلے لگتی ہوئی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

وہاں جا کر فوراً اپنا علاج شروع کروا دینا.. اور مجھے "
"کال کرتی رہنا۔

وہ اس کے سر پر بوسہ دیتے ہوئے بولے۔

وہ چاہ کر بھی مسکرا نہ پائی۔

دل اسے روک رہا تھا۔ لیکن دماغ رکنے پر آمادہ نہیں تھا۔

کچھ چیزیں ہماری زندگی پر گہرے اثرات مرتب کرتی "
ہیں.. میں چاہتی ہوں حسنین تمہاری زندگی پر بھی گہرے
اثرات مرتب ہوں۔ تمہیں میری ناراضگی سے فرق
پڑے...اور اب میں تبھی واپس آؤں گی جب تمہیں فرق پڑے
"گا ورنہ علاج تو مجھے وہاں بھی نہیں کروانا۔

وہ گردن گھما کر علی صاحب کو دیکھتی بول رہی تھی۔

" ..کاش ایک بار تمہیں دیکھ لیتی"

وہ حسرت بھری نگاہوں سے سامنے دیکھتی ہوئی بولی۔

لیکن جانتی تھی حسرتیں کہاں پوری ہوتی ہیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"گڈ بائے..حسنین۔"

کہہ کر وہ ائیر پورٹ کے اندر داخل ہو گئی۔

وہ کہاں جا رہی تھی اس متعلق صرف علی صاحب جانتے تھے۔

حسنین دو دن بعد گھر آ رہا تھا۔

ہاتھوں پر چھالے بن رہے تھے۔

وہ اپنے ہاتھ دیکھتا واش روم میں آ گیا۔

پورچ میں گاڑی نہ دیکھ کر اسے حیرت ہوئی تھی لیکن خاموشی سے زینے چڑھنے لگا۔

جونہی وہ کمرے میں داخل ہوا اس کی پیشانی پر بل پڑ گئے۔

کمرہ خالی تھا۔

"عدن کہاں گئی؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عدن حارب کا کان کھینچتی ہوئی بولی۔

مجھے لگتا ہے آج میرا کان اللہ کو پیارا ہو جائے گا یا پھر " "میرے سننے کی صلاحیت صلب کر لی جائے گی۔

وہ معصومیت سے سائرہ کو دیکھتا ہوا بولا۔

"ایسے نہیں بولتے؟"

سائرہ خفگی سے بولی۔

"بڑی ہوں تم سے,,مار بھی سکتی ہوں ہیں نہ مام؟"

عدن انہیں دیکھتی ہوئی بولی۔

بلکل سائرہ تائیدی انداز میں بولی۔"

اچھا یہ لاجک بڑا عجیب ہے بڑے بہن بھائی جان سے بھی " مار دیں تو ماں باپ کہیں گے بیٹا کوئی بات نہیں بڑا ہے تم سے.."

وہ منہ بناتا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...بس اب یہ بیٹھ گیا ہے تم اس کی باتیں سنتی جاؤ"

حسنین شرارت سے بولا۔

" ....تم جیلیس ہوتے ہو مجھ سے"

حارب گھورتا ہوا بولا۔

"خالہ بتائیں ذرا کون جیلیس ہوتا ہے؟"

حسنین قہقہ لگاتا ہوا بولا۔

سائرہ بھی مسکرا رہی تھی۔

"خاموشی کا جواب منفی ہوتا ہے۔"

حارب سائرہ کو دیکھتا ہوا بولا۔

"نہیں یہاں خاموشی کا جواب ہمیشہ مثبت ہوتا ہے۔"

وہ اسے چڑانے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتا تھا۔

"میں آپ کا بیٹا ہوں یا یہ؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سائرہ کو متوجہ کرتا ہوا بولا۔

"تم دونوں میرے بیٹے ہو۔"

وہ مسکراتی ہوئی بولیں۔

عدن دلچسپی سے ان کی نوک جھوک دیکھ رہی تھی۔ حسنین کا یہ روپ وہ پہلی بار دیکھ رہی تھی۔

" ...اس کا مطلب ہے مجھ سے زیادہ پیار کرتی ہیں خالہ"

وہ جلتی پر تیل کا کام کر رہا تھا۔

" ...ماما دیکھ لیں اسے"

حارب کو اب غصہ آنے لگا۔

حسنین اور سائرہ مسکرا رہے تھے۔

"وہ تمہارے ساتھ مذاق کرتا ہے۔"

سائرہ نے سمجھانا چاہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آپ ویسے بھی اسے زیادہ پیار کرتی ہیں مجھے پتہ ہے۔"

وہ خفگی سے بولا۔

"تھینک گاڈ فائنلی آج تم نے مان ہی لیا۔"

حسنین شرارت سے بولا۔

سائرہ نے اسے گھورا۔

" میں آپ دونوں سے بات ہی نہیں کر رہا... آؤ عدن ہم دونوں باتیں کرتے ہیں۔"

وہ رخ موڑ کر بیٹھ گیا۔

حسنین کا جاندار قہقہ فضا میں گونجا۔

"عدن فون نہیں اٹھا رہی۔"

حیدر متفکر سا بولا۔

" حیدر میں مر جاؤں گا تو ڈاکٹر سے بات کیوں نہیں کرتا... مجھے تکلیف ہو رہی ہے جلن کا احساس بڑھتا جا رہا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...پلیز کچھ کر

وہ پھر سے بولنے لگا۔

میں ایسا کرتا ہوں تیرے گھر جاتا ہوں اور عدن کو لے آتا " "...ہوں یہاں

وہ آخری حل پیش کرتا ہوا بولا۔

"ٹھیک ہے..لیکن جلدی آنا۔"

وہ آہ بھرتا ہوا بولا۔

جلدی کیسے آ سکتا ہوں؟ دو گھنٹے گھر جانے میں لگے " " ..گیں اور دو گھنٹے واپس آنے میں

وہ تاسف سے کہتا چلنے لگا۔

علی تکلیف کی انتہا پر تھا لیکن مجبور تھا سہنے پر۔

مام آپ وہاں اس ایک کمرے والے گھر میں کیوں رہتی " "تھیں؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عدن الجھ کر بولی۔

بیٹا میں غربت میں نہیں رہتی تھی میں عاجزی کے ساتھ " رہتی تھی جب انسان کا تعلق صرف اللہ سے ہو تو یہ دنیا کی "....آسائشیں کوئی معنی نہیں رکھتی

وہ مسکراتی ہوئی بولی۔

عدن سمجھتی ہوئی اثبات میں گردن ہلانے لگی۔

عائلہ اور نمرہ بھی آ چکی تھیں۔

"مام ہم سب مل کر رہیں گے نہ؟"

وہ سائرہ کو دیکھتی ہوئی بولی۔

"ہاں بلکل۔"

وہ عدن کے رخسار پر ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔

"نہیں خالہ عدن کو میرے ساتھ میرے گھر میں رہنا ہوگا۔"

حسنین سنجیدگی سے گویا ہوا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"لیکن حسنین ہم سب مل کر یہاں بھی تو رہ سکتے ہیں۔"

عدن زور دے کر بولی۔

"نہیں.. میں تمہارے گھر نہیں رہ سکتا۔"

وہ قطعیت سے بولا۔

" اچھا ٹھیک ہے پھر تم ایسا کرنا ہر ماہ مجھے کرایہ دے دینا.. بات ختم میں مزید بحث نہیں کرنا چاہتی۔ ویسے بھی میرا تمہارا الگ تو نہیں ہے یہ گھر صرف میرا ہے ڈیڈ کا نہیں۔"

وہ تاسف سے بولی۔

" ...میں جانتا ہوں لیکن پھر بھی"

وہ سائرہ کو دیکھتا ہوا بولا۔

" دیکھا جائے تو عدن کی بات کچھ غلط بھی نہیں... یہ اچھا خیال ہے کہ اب اتنے وقت بعد سب مل کر رہیں نجانے زندگی کب تک کی مہلت دیتی ہے۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ آہستہ سے بولیں۔

" ...خالہ آپ بھی"

وہ ششدر سا بولا۔

" یہ ایک بات تم مان لو اس کے بعد عدن تمہاری بات مان لے گی... ایسے ہی رشتے چلتے ہیں۔ کہیں پر ایک جھک جاتا ہے تو کہیں پر دوسرا۔"

وہ نرمی سے بول رہی تھیں۔

حسنین سائرہ سے بحث نہیں کر سکتا تھا اس لئے خاموش ہو گیا۔

"حسنین؟"

وہ پھر سے بولیں۔

"ٹھیک ہے خالہ۔"

وہ معدوم سا مسکرایا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن عدن خیال رہے اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ تم ہر " بات منوانے کے لیے میرے پاس آؤ... میں دوبارہ مداخلت نہیں کروں گی اور تمہیں بھی اپنی ضد کم کرنی ہوگی۔"

وہ عدن کو دیکھتی ہوئی بول رہی تھی۔

"جی مام ٹھیک ہے؟"

وہ کھل کر مسکرا دی۔

" ..امی ہم لوگوں آتے ہیں ابھی"

حسنین عدن کو اشارہ کرتا ہوا بولا۔

وہ ناسمجھی سے دیکھتی کھڑی ہو گئی۔

"ہاں جاؤ اور کوئی جلدی نہیں۔"

سائرہ مسکراتی ہوئی بولی۔

"کہاں جا رہے ہیں ہم؟"

وہ اس کے ہمراہ چلتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کچھ کام ہے تم جا کر شوز پہن لو... جلدی کرو۔"

وہ گھڑی دیکھتا ہوا بولا۔

وہ سر ہلاتی اندر چلی گئی۔

"تم مجھے اس ٹائم پارلر کیوں لے آئے؟"

گاڑی رکتے ہی وہ تعجب سے بولی۔

"کچھ کام ہے؟"

وہ بولتا ہوا باہر نکل آیا۔

"عجیب انسان ہو تم... بتا نہیں سکتے نہ۔"

وہ خفگی سے کہتی اس کے عقب میں چلنے لگی۔

"کتنا ٹائم لگے گا؟"

حسنین بیوٹیشن سے بات کر رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اس ٹائم مجھے تیار کروانے کی کیا وجہ؟"

وہ جتنا حیران ہوتی اتنا کم تھا۔

"تم خاموش رہو۔"

وہ گھورتا ہوا بولا۔

"اوکے ٹھیک ہے جلدی کر دیں میں بس آتا ہوں۔"

وہ بولتا ہوا عدن کے پاس آگیا۔

تم خاموش بیٹھی رہو گی انہیں اپنا کام کرنے دو میں آتا " ہوں۔"

وہ اس کا جواب سنے بغیر باہر نکل گیا۔

"عجیب انسان ہے, نہ کچھ بتاتا ہے نہ سنتا ہے۔"

وہ منہ میں بڑبڑائی۔

" ...میم آ جائیں اِدھر"

وہ پیشہ وارانہ مسکراہٹ لئے بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ جبراً مسکراتی چلنے لگی۔

"تمہیں ایک ویڈیو بھیجی ہے دیکھ لو۔"

حسنین فون کان سے لگاتا ہوا بولا۔

"کون سی ویڈیو؟"

شاہد بولتا ہوا فون چیک کرنے لگا۔

"واٹ دا ہیل از دس؟ تمہیں کہاں سے ملی یہ؟"

وہ غضب ناک آواز میں غرایا۔

کامن ڈاؤن ڈئیر۔ ابھی میں نے لیک نہیں کی۔ کیا دھمکی دی " تھی تم نے عدن کو؟ مجھے مارنے کی چلو کوشش کر لو لیکن یہ ویڈیو ایک ایسے انسان کے پاس ہے جو میرے مرنے کے فوراً بعد اسے لیک کر دے گا۔ کافی فرق پڑے گا "تمہیں۔

وہ دانت پیستا ہوا بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کہاں سے ملی تمہیں یہ بتاؤ؟"

وہ طیش میں چلا رہا تھا۔

سمپل سی لاجک ہے تم اپنے راستے اور میں اپنے راستے۔ "
عدن سے دور رہو میں تم سے دور رہوں گا۔ اور تمہاری
"ریپوٹیشن محفوظ رہے گی۔

وہ بولتا ہوا چلنے لگا۔

"ہوں.. دیکھ لوں گا میں بھی۔"

وہ خالی دھمکی دیتا فون بند کر گیا۔

"ویری گڈ حارب۔"

حسنین فون کو دیکھتا ہوا بولا۔

~~~~~~~~

"عدن کہاں ہے؟"

حیدر گیٹ عبور کرتا ہوا بولا۔

سب خاموش ہو کر اسے دیکھنے لگے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"کیوں کیا کام ہے آپ کو؟"

حارب بولتا ہوا کھڑا ہو گیا۔

"علی ہاسپٹل میں ہے مجھے اسے ساتھ لے جانا ہے ابھی۔"

وہ قدم اٹھاتا ہوا بولا۔

"تو عدن کیا کرے گی وہاں جا کر؟"

وہ سینے پر بازو باندھتا ہوا بولا۔

ڈاکٹر نے کہا ہے کیس بہت پیچیدہ ہے کسی فیملی ممبر "
"کے سائن چاہئیے۔

"کیا ہوا ہے اسے؟"

سائرہ اپنی نشست سے کھڑی ہو گئی۔

آپ کون؟ اور عدن کہاں ہے؟ میں نے پہلے کبھی آپ "
"لوگوں کو یہاں نہیں دیکھا۔

وہ بغور سب کے چہرے دیکھ رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں عدن کی ماں ہوں۔ عدن یہاں موجود نہیں آپ بتائیں کیا " ہوا ہے اسے؟"

وہ سپاٹ انداز میں بول رہی تھی۔

حیدر کی آنکھیں باہر نکل آئیں۔

وہ ہوٹل میں آگ لگی تھی اور اس کا پورا جسم جل چکا ہے " پلیز میرے ساتھ چلیں آپ۔"

وہ التجائیہ نظروں سے دیکھتا ہوا بولا۔

ماما آپ کہیں نہیں جا رہی... وہ مرتا ہے تو مر جائے۔ " حیرت ہے ویسے پورا جسم جل گیا لیکن جان ابھی بھی باقی ہے۔ ڈھیٹ ہے نہ بہت۔"

حارب دانت پیستا ہوا بولا۔

حارب تم مجھے لے کر چل رہے ہو یا نہیں؟ میں عدن کی " خوشیاں خراب نہیں کرنا چاہتی۔"

وہ تحکم سے بولیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"لیکن آپ کیوں؟"

وہ احتجاج کرنا چاہتا تھا۔

"میرا معاملہ ہے باقی سب خاموش رہیں گے اس میں۔"

وہ سختی سے بولی۔

"ٹھیک ہے میں چلتا ہوں۔"

وہ نا چاہتے ہوئے بھی مان گیا۔

"باجی دیکھا جائے تو حارب ٹھیک کہہ رہا ہے۔"

عائلہ نے مداخلت کی۔

" میں اس انسان کا چہرہ دیکھنا چاہتی ہوں کیا اس حال میں بھی اس کے چہرے پر کوئی پچھتاوا دکھائی دیتا ہے یا نہیں۔"

وہ آہستہ سے بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عائلہ سر ہلاتی خاموش ہو گئی۔

" ..چلیں"

وہ گاڑی کی جانب بڑھتا ہوا بولا۔

"آپ لوگ آرام کریں اب ہمیں شاید دیر ہو جائے۔"

سائرہ ان دونوں کو دیکھتی ہوئی بولی۔

"رابن آپ کو کمرہ دکھا دے گا۔"

حارب نے گاڑی سے ہانک لگائی۔

یہ دو گھنٹے کا سفر مانو دو صدیوں پر محیط ہو گیا۔

اس نے تہیہ کیا تھا کبھی علی کی شکل نہیں دیکھے گی لیکن نجانے کیوں آج وہ خود چل پڑی۔

آنکھوں کے سامنے ماضی کسی فلم کی مانند چلنے لگا۔

وہ ذلت, وہ دکھ, ہر شے جیسے پھر سے تازہ ہو گئی۔ وہ چادر سے آنکھیں صاف کرنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ماما آپ ٹھیک ہیں؟"

حارب گاڑی سے باہر نکلتا ہوا بولا۔

فکر مت کرو... تمہاری ماما بہت مضبوط اعصاب کی "مالک ہیں۔"

وہ پھیکا سا مسکرائی۔

وہ اثبات میں سر ہلاتا سائرہ کا ہاتھ پکڑے ہاسپٹل کی حدود میں داخل ہو گیا۔

علی لاوارثوں کی مانند سٹریچر پر پڑا تھا۔

کیا یہ تھا اس کا انجام۔ وہ جو لوگوں میں گزرتا تو لوگ آگے ہو کر ملتے اور آج اسے کوئی پوچھنے والا نہیں تھا۔

وہ آنکھیں بند کئے ہوئے تھا۔

"علی؟"

حیدر کی آواز پر وہ پلکوں کو جنبش دیتا آنکھیں کھولنے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لگا۔

اس حادثے کے باعث جسم میں جیسے جان باقی نہیں تھی لیکن سانس کی ڈور تھی جو ابھی تک بندھی تھی۔

سائرہ کا چہرہ دیکھ کر اس کی آنکھیں باہر نکل آئیں۔

وہ کبھی حیدر کو دیکھتا تو کبھی سائرہ کو۔

"کیسا محسوس کر رہے ہو تم یہاں؟"

وہ اپنی کیکپاہٹ پر قابو پاتی ہوئی بولی۔

"تم کیسے؟"

وہ بس اتنا ہی بول پایا۔

دیکھ لو آج قسمت تمہیں پھر سے میرے سامنے لے آئی۔ آج " بھی تمہیں مدد درکار ہے۔ میں اگر چلی جاؤں تو تمہارا "علاج کیسے ہو گا؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ غم و غصے کی حالت میں ہانپنے لگی۔

"ماما دفع کریں.. آپ کیوں منہ لگا رہی ہیں ایسے انسان کو۔"

حارب ان دونوں کے بیچ حائل ہو گیا۔

اشک بہنے لگے۔ پرانا غم حاوی ہونے لگا تھا۔

"ڈاکٹر کو بلاؤ میں سائن کر کے جاؤں یہاں سے۔"

مزید رکنا اس کے لئے محال تھا۔

"میں نے آپ کو منع کیا تھا پھر بھی آپ آ گئیں۔"

سائرہ اس نے شانے پر سر رکھے رو رہی تھی۔

پلیز ماما چپ ہو جائیں ورنہ اس انسان کو اپنے ہاتھوں سے "
"مار دوں گا۔

سائرہ کے آنسو اسے تکلیف دے رہے تھے۔

اس نے اپنی ماں کو صرف روتے ہی تو دیکھا تھا پوری

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

زندگی۔

" نہیں.. تم ایسا کچھ نہیں کرو گے.. دیکھو یہ میرے اللہ کا انصاف ہے آج وہ مرنا بھی چاہے تو مر نہیں سکتا کیونکہ اس کا حکم نہیں۔ ایسی اذیت سے اللہ سب کو بچائے۔مجھ سے زیادہ زخم میرے رب نے اسے دئیے ہیں۔ کیا تمہیں اس کا حال نظر نہیں آ رہا؟"

چہرہ صاف کرتی ہوئی بولی۔

"آپ ان کی وائف ہیں؟"

ڈاکٹر ان کے پاس آتا ہوا بولا۔

" ...جی"

وہ خود پر پاتی ہوئی بولی۔

" یہاں سائن کر دیں.. کیونکہ زخموں کو کریدنے کا مرحلہ نہایت تکلیف دہ ہے۔ ان کی حالت مزید خراب بھی ہو سکتی ہے؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ حارب کو دیکھتے ہوئے بول رہے تھے۔

"جو بھی علاج ہے آپ کریں۔ "

وہ بولتی ہوئی دروازے کی جانب قدم اٹھانے لگی۔

حارب ایک سلگتی نگاہ علی پر ڈالتا باہر نکل آیا۔

~~~~~~~~~

مجھے پرنسس بنا کر تم کہاں لے جا رہے ہو؟ کہیں فیری " "لینڈ جانے کا ارادہ تو نہیں؟

وہ حسنین کا ہاتھ تھامے چل رہی تھی۔

آنکھوں پر سیاہ پٹی بندھی تھی۔

وہ اس وقت وائٹ کلر کی باربی میکسی پہنے ہوئے تھی۔ سیاہ بال جوڑے میں قید تھے, چہرے پر لائٹ سا میک اپ تھا۔

پنک کلر کی لپ اسٹک سے ہونٹ پوشیدہ کر رکھے تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

حسنین وائٹ کلر کی شرٹ کے ساتھ بلیک پینٹ کوٹ پہنے ہوئے تھا۔ صاف رنگت پر ہلکی بھوری شیو مقابل کو مرعوب کر دینے کی صلاحیت رکھتی تھی۔

"کیا ہماری شادی ہے؟"

وہ سوچتی ہوئی بولی۔

حسنین اس کی بے تکی باتوں پر مسکرا رہا تھا۔

"تم خاموش نہیں رہ سکتی کیا؟"

وہ خفگی سے بولا۔

"تمہارا بس چلے تو میرے منہ پر ایلفی ہی لگا دو۔"

وہ منہ بسورتی ہوئی بولی۔

"بس پہنچ گئے۔"

وہ رک کر بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"جنگل میں لائے ہو کیا؟"

وہ پتوں کے چر مر ہونے کی آواز سن رہی تھی۔

" ...ہاں ایسا ہی سمجھ لو"

وہ اس کے عقب میں آ کر پٹی کھولنے لگا۔

وہ بے صبری سے دیکھنے کی منتظر تھی۔

" ...ہیپی برتھ ڈے مائی پرنسس"

اس کی جانب سے ایسے الفاظ عدن کو ہارٹ اٹیک کروانے کو بہت تھے۔

وہ منہ کھولے سامنے دیکھنے لگی۔

"کیا تم مجھے مارنا چاہتے ہو؟"

وہ چہرہ موڑ کر اسے دیکھتی ہوئی بولی۔

" ہرگز نہیں... تم بھی عجیب ہو اب تمہیں یہ بھی ہضم نہیں ہو رہا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ گھورتا ہوا بولا۔

سامنے سفید رنگ کا سات لیئر والا کیک تھا۔

بائیں جانب ایک درخت تھا جس پر سفید رنگ کی چھوٹی چھوٹی لائٹس لگی تھیں۔

عدن چہرہ اوپر کر کے اس بڑے سے کیک کو دیکھ رہی تھی۔ اس کے لئے یہ منظر خوابناک تھا۔

"مجھے یقین نہیں آ رہا۔"

وہ آنکھوں میں نمی لئے منہ پر ہاتھ رکھے اسے دیکھ رہی تھی۔

" یقین کر لو... لیکن ہمیشہ ایسی توقعات مت رکھنا۔ میں سرد مہر سا انسان ہوں۔موڈ پر منحصر کرتا۔"

وہ صاف گوئی سے بولا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم نے آج کیا یہی بہت ہے چاہے ساری زندگی تم مجھے "
"کوئی سرپرائز نہ دینا۔ میں اسی میں خوش ہوں۔

وہ مسکراتی ہوئی بول رہی تھی۔

" ...تھوڑا لیٹ ہو گیا ہوں میں لیکن"

وہ سر کھجاتا ہوا بولا۔

"لیٹ ہو بٹ گریٹ ہو۔"

وہ اس کے شانے پر ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔

تم میرے لئے بہت اہمیت رکھتی ہو... اسی لئے کبھی میرے "
"رویے سے بدگمان مت ہونا۔

وہ اس کی پیشانی سے پیشانی ٹکاتا ہوا بولا۔

"بس تم ہمیشہ میرے ساتھ رہنا مجھے اور کچھ نہیں چاہیے۔"

وہ آنکھیں بند کئے اس کی خوشبو اپنے اندر اتار رہی تھی۔

"چلو کیک کاٹیں۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اس کا ہاتھ پکڑے آگے آ گیا۔

"ہم دونوں کیسے اتنا بڑا کیک کھائیں گے؟"

وہ ہنستی ہوئی بولی۔

"تمہیں ختم کرنا پڑے گا یہ سارا۔"

وہ عدن کا ہاتھ پکڑ کر کیک کاٹتا ہوا بولا۔

"یہ میری زندگی کی بہترین رات ہے۔"

وہ حسنین کو کیک کھلاتی ہوئی بولی۔

وہ مسکراتا ہوا ٹیشو سے منہ صاف کرنے لگا۔

~~~~~~~~~

"پاپا آج آپ کو میرے سوالوں کے جواب دینے ہوں گے۔"

منال ان کے سامنے آتی ہوئی بولی۔

"کون سے سوال؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

وہ الجھ کر بولے۔

"ماما نے کیوں قتل کیا ممانی کو؟"

آنکھوں میں نمی تیر رہی تھی۔

"بیٹا یہ کیا کہہ رہی ہو آپ؟"

وہ ششدر رہ گئے۔

"پلیز پاپا اب تو جھوٹ مت بولیں.. میں سب جان چکی ہوں۔"

بولتے بولتے اس کی آنکھیں چھلک پڑیں۔

اتنے وقت سے جو غبار وہ اپنے اندر جمع کر رہی تھی آج نکالنے لگی۔

"یہی تمہاری ماما نہیں چاہتی تھیں کہ تمہیں علم ہو۔"

وہ سرد آہ بھرتے ہوئے بولے۔

"کیوں؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سوں سوں کرتی ہوئی بولی۔

کیونکہ وہ شرمندہ تھیں شاید گناہ کرنے کے بعد ہر گنہگار " "ہی شرمسار ہوتا ہے۔

وہ سانس لینے کو رکے۔

وہ انہماک سے انہیں سن رہی تھی۔

تمہاری ممانی کے آنے کے بعد رمشاء کی اہمیت کم ہو " گئی۔ تمہارے ماموں نے پسند کی شادی کی تھی جوکہ ان وقتوں میں بہت بڑی بات تھی۔وہ حسد کرنے لگی ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا تھا حویلی میں۔

وہ چاہتی تھی پہلے کی طرح اب بھی اس کی مرضی چلے " ...کیونکہ بڑی تھی نہ وہ

وہ بولتے بولتے کھڑکی کے سامنے جا کھڑے ہوئے۔

"پھر؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بے چینی سے بولی۔

پھر کیا ایک دن جھگڑا ہوا اور اس نوعیت کا کہ رمشاء " نے نازیہ پر پیڑول ڈال کر اسے زندہ جلا دیا۔ اس کا بیٹا تب دو یا تین سال کا تھا۔

تمہارے ماموں اسی رات اس صدمے سے چل بسے۔ اس کے بعد ان کے بیٹے کو اس کے ننھیال والے لے گئے۔ تب سے حویلی کے دروازے بند کر دئیے گئے۔

اس حویلی کو منحوس کہا جانے لگا تھا۔ رمشاء کو بعد میں احساس جرم ہوا لیکن اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیا چگ گئی کھیت۔

ایک معصوم کو اس نے قتل کر دیا, ایک بچے کو اس نے یتیم کر دیا تھا یہی غم اسے دن رات ستاتا تھا۔ وہ نہیں چاہتی تھی کبھی تم پر یہ حقیقت آشکار ہو...کہ کہیں تم اس سے "نفرت نہ کرنے لگ جاؤ۔

ان کی آواز مدھم پڑتی جا رہی تھی۔

منال خاموش آنسو بہا رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انیب باہر اس کا منتظر تھا۔

وہ بنا کچھ بولے باہر کی جانب قدم بڑھانے لگی۔

فیصل صاحب چشمہ اتار کر آنکھیں صاف کرنے لگے۔

"منال تم ٹھیک ہو؟"

وہ گھبرا کر آگے آیا۔

" ...میں ایسی عورت کی بیٹی ہوں انیب دیکھو"

وہ اس کے شانے پر سر رکھے بول رہی تھی۔

متواتر آنسو اس کے رخسار کو بھگوتے انیب کی شرٹ میں جذب ہو رہے تھے۔

منال تم یہ سب مت سوچو...دیکھو مرنے والے کو ایسے "نہیں بولتے۔"

وہ اس کی پشت تھپتھپاتا بول رہا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا... کچھ سمجھ نہیں آ رہا۔"

وہ ہچکیاں لیتی بول رہی تھی۔

"اگر تم چپ نہ ہوئی تو ہر بار کا بل تم دو گی۔"

وہ اسے شانے سے پکڑ کر سیدھا کرتا ہوا بولا۔

وہ رک کر اسے دیکھنے لگی۔

تم پاگل ہو اس میں کوئی شک نہیں... اب یہاں یہ بل دینے "
"کی بات کہاں سے آ گئی؟

وہ خفگی سے بولی۔

"بل دینے کی بات کہیں بھی آ سکتی ہے۔"

وہ منہ بناتا ہوا بولا۔

" ...انتہائی کنجوس دل ہے تمہارا ہٹو اب"

وہ اسے پیچھے کرتی گاڑی کی جانب بڑھ گئی۔

وہ اپنے پلان میں کامیاب ہو چکا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انیب مسکراتا ہوا گاڑی میں آ کر بیٹھ گیا۔

"اپنے کپڑے خود پریس کرنا؟"

وہ دوپٹے سے چہرہ خشک کرتی ہوئی بولی۔

" کیسی بیوی ہو تم؟ شوہر سے کام کرواؤ گی؟ چھی چھی چھی.. پتہ نہیں تم سکول میں کیا کرتی تھی شوہر کے حقوق نہیں پڑھے تم نے یا چھوڑ دیا تھا پیپر میں؟"

وہ آگے کو ہوتا گھورنے لگا۔

" میرا تو پتہ نہیں لیکن تم یقیناً فیل آتے ہو گی۔ تبھی اتنے غلط حساب ہیں تمہارے۔"

وہ دانت پیستی ہوئی بولی۔

اسے موضوع سے ہٹانے میں انیب مہارت رکھتا تھا۔

" تمہارے حساب اتنے درست ہیں تو پھر کم از کم ہمارے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بچوں کو صحیح حساب سکھا دینا۔

اس کی آنکھوں میں شرارت تھی۔

وہ گھوری سے نوازتی باہر دیکھنے لگی۔

منال کے کان کی لو سرخ ہو رہی تھی۔

"مس احسان فراموش بھی بلش کرتی ہے..انٹرسٹنگ۔"

وہ گاڑی سٹارٹ کرتا ہوا بولا۔

وہ مسکراتی ہوئی لب کاٹنے لگی۔

اسے پرسکون دیکھ کر وہ بھی خاموشی سے ڈرائیو کرنے لگا۔

~~~~~~~~

مام اس شہزادے کو کب باندھیں گیں آپ؟مجھے یہ بتاؤ تم "
"ان بھی ملیحہ کے ساتھ ہو؟

یکدم اسے خیال آیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

توبہ کرو.. میں شریف سا انسان ہوں یہ تم کیسی باتیں کر رہی ہو؟"

وہ کانوں کو ہاتھ لگاتا عدن کو گھور رہا تھا۔

"....اتنے شریف کہ گزشتہ"

وہ منہ پر انگلی رکھتی سوچنے لگی۔

خدا کا خوف کرو.. ماما کے سامنے کیا اول فول بول رہی ہو"۔

وہ عدن کے منہ پر ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔

دیکھیں مام اپنے شریف سے بیٹے کو ابھی تو میں نے منہ نہیں کھولا بچو.."

عدن اس کے پیٹ میں کہنی مارتی ہوئی بولی۔

سائرہ دونوں کو دیکھتی مسکرا رہی تھی۔

نمرہ چائے کا کپ لئے سائرہ کے ساتھ بیٹھ گئی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب تم میرے ساتھ ایسے کرو گی؟ میں وہی بھائی ہوں جو "
"اپنا کام چھوڑ کر دن رات تم پر پہرہ دیتا تھا۔

وہ منہ بناتا ہوا بولا۔

" ..او میرا بےبی"

عدن ہنستی ہوئی بولی۔

"حارب کیا کہہ رہی ہے عدن؟"

سائرہ لہجے کو سخت بناتی ہوئی بولی۔

ماما یہ ایسے ہی تنگ کر رہی ہے.. ایسا کچھ بھی نہیں۔بتاؤ "
"..نہ

وہ عدن کو گھورتا ہوا بولا۔

عدن مسلسل ہنس رہی تھی۔

تمہیں کیا لگتا ہے میں اس پاگل کے ساتھ رہوں گا.. فار گاڈ "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"سیک۔

وہ عدن کے کان میں سرگوشی کرنے لگا۔

اب کون سی کھسل پھسل ہو رہی ہے دونوں بہن بھائیوں " "میں؟

سائرہ آنکھیں سکیڑے انہیں دیکھ رہی تھی۔

" ...کچھ بھی نہیں"

حارب مسکراتا ہوا بولا۔

"عائلہ آؤ بیٹھو تم سے کچھ بات کرنی ہے۔"

سائرہ مسکراتی ہوئی بولی۔

خالہ آپ کیوں کچن دیکھ رہی ہیں رابن ہے نہ وہ کر لے " "گا۔

عدن انہیں دیکھتی ہوئی خفگی سے بولی۔

بیٹا جو ذائقہ اپنے ہاتھ میں ہوتا ہے وہ کہیں نہیں ملتا کیوں "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"باجی؟

وہ سائرہ کو دیکھتی ہوئی بولیں۔

" بلکل.. لیکن اب ایسا بھی نہیں کر سکتے کہ سب کا بوجھ آپ پر ڈال دیں۔عدن تم ٹھیک ہو جاؤ پھر ساتھ مدد کروایا کرنا۔"

لہجہ ہمیشہ کی مانند نرم تھا۔

وہ زیادہ تر سفید رنگ پہنتی تھی۔ سر پر دوپٹہ اوڑھ رکھا تھا۔ ان کا چہرہ بھی ایسا ہی تھا پر نور سا۔

"میں سوچ رہی تھی نمرہ اور حارب کی منگنی کر دیں۔"

انہوں نے بات کا آغاز کیا۔

" تم یہاں کیوں بیٹھی ہو؟ چلو بھاگو شرم نہیں آتی اپنے رشتے کی باتیں سنتے ہوئے؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حارب اسے آڑے ہاتھوں لیتا ہوا بولا۔

وہ جو حارب سے کترا رہی تھی ایک لمحے میں وہاں سے غائب ہو گئی۔

"ڈرا ہی دیا بیچاری کو.. تم خود بھی تو بیٹھے ہو۔"

عدن اس کے شانے پر تھپڑ مارتی ہوئی بولی۔

"...حارب باز آ جاؤ"

سائرہ تنبیہ کرتی نگاہوں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

یہ چھوٹا ہے نہ اسی لئے شرارتی ہے تھوڑا۔ آپ بتائیں "
"کوئی اعتراض ہے تو؟ حسنین سے بات کر چکی ہوں میں۔

وہ انہیں دیکھتی ہوئی بولی۔

کوئی نہیں بچوں کی شرارتوں سے تو گھر میں رونق ہوتی "
ہے۔ اور رہی بات رشتے کی تو آپ بڑی ہیں جیسے کہیں
"گیں ویسے ہی کریں گیں۔

وہ سائرہ کے ہاتھ پکڑتی ہوئی بولیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"سن لو.. میری وجہ سے رونق ہے۔"

وہ عدن کو شانہ مارتا ہوا بولا۔

"حسنین کو آنے دو.. وہ پوچھے گا تمہیں۔"

وہ منہ بناتی ہوئی بولی۔

"حسنین کی چمچی۔"

وہ چڑاتا ہوا سائرہ کے ساتھ جا بیٹھا۔

عدن نے گھورنے پر اکتفا کیا۔

~~~~~~~~

حارب چابیاں گھماتا چل رہا تھا۔

"حارب پلیز میری بات سنو۔"

اسے اپنے عقب میں ملیحہ کی آواز سنائی دی۔

وہ اس وقت اپنے گھر کے باہر تھا جو ملیحہ کے گھر سے چند قدم کی مسافت پر تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

ملیحہ کو دیکھ کر اس کی پیشانی پر شکنیں ابھرنے لگیں۔

وہ عروسی لباس پہنے ہوئے تھی۔

آنکھوں سے کاجل بہ کر رخسار تک آیا ہوا تھا۔ لپ اسٹک بھی خراب ہو چکی تھی۔

"کیا ہوا تمہیں؟"

وہ اسے شانوں سے تھام کر بولا۔

آخر کو محبت تھی اس کی... ترس آ گیا اس پر۔

" تم نے مجھے ٹھکرا دیا تو دیکھو ساری دنیا نے مجھے ٹھکرا دیا۔"

وہ اشک بہاتی ہوئی بولی۔

"کیا مطلب؟"

وہ الجھ گیا۔

" حارب کل میری بارات تھی.. اور دیکھو مجھے رات ہی طلاق دے دی اس نے۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ چہرہ جھکا کر بول رہی تھی۔

وہ بےیقینی سے اس کے جھکے ہوئے چہرے کو دیکھ رہا تھا۔

"کون تھا وہ؟"

کافی دیر بعد اس نے لب کھولے۔

" ماما کی فرینڈ کا بیٹا تھا لیکن اس نے مجھے بدکردار کہہ کر طلاق دے دی.. میں کیسے واپس گھر جاؤں؟"

وہ بولتی ہوئی اس کے سینے سے لگ گئی۔

"ملیحہ کوئی دیکھ لے گا۔"

وہ اسے خود سے الگ کرتا ہوا بولا۔

"کیا تمہیں مجھ پر ترس بھی نہیں آتا؟"

وہ سسکتی ہوئی بولی۔

" ترس آ جاتا اگر تم عدن کو اغوا نہ کرواتی, اس کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"رپورٹس چینج نہ کرواتی تو شاید میں تم پر ترس کھا لیتا؟

وہ اسے بازوؤں سے پکڑے بول رہا تھا۔

اس فولادی گرفت پر وہ کراہ کر اسے دیکھنے لگی۔

"محبت مجھ سے اور فکر اس عدن کی آخر کیوں؟ ہر انسان اس کے لئے پاگل ہے۔"

وہ جھنجھلا کر بولی۔

"کیونکہ وہ میری بہن ہے۔ میرا خیال ہے یہ جاننے کے بعد تم مزید بحث نہیں کرو گی۔ اور پلیز میری بات پکی ہو چکی ہے تو مجھ سے دور رہا کرو مجھے اپنے رشتے خراب نہیں کرنے۔"

وہ سرد مہری سے کہتا چلنے لگا۔

وہ شکست خود سی اس کی پشت کو دیکھنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ جا چکا تھا ہمیشہ کی مانند۔اور وہ خالی ہاتھ کھڑی تھی۔

حسد کی آگ میں جلتے ہوئے اس نے صرف اپنا دامن جلایا تھا۔ کسی کا کچھ نہیں گیا تھا لیکن اس کا سب کچھ چلا گیا تھا۔

~~~~~~~~~

"کہاں جا رہے ہو تم؟"

عدن کمرے میں آتی ہوئی بولی۔

"تم بھی چینج کر لو... تمہیں لے کر جانا ہے؟"

وہ مختصر کہہ کر واش روم کی جانب چلنے لگا۔

"ہاسپٹل تو دو دن بعد جانا ہے پھر کہاں؟"

وہ پیشانی پر بل ڈالتی ہوئی بولی۔

وہ اندر جا چکا تھا۔

"بتاؤ نہ؟"

اسے باہر آتے دیکھ کر وہ بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~~

"پتہ چل جائے گا؟"

وہ خفگی سے دیکھتا ہوا بولا۔

"یہ والی شرٹ اچھی نہیں لگ رہی.. رکو میں دوسری دیتی ہوں۔"

وہ بولتی ہوئی الماری کی جانب بڑھ گئی۔

"اس میں کیا خرابی ہے؟"

وہ شرٹ پکڑتا ہوا بولا۔

"بس مجھے اچھی نہیں لگ رہی۔ یہ والی پہنو۔"

اس کے ہاتھ میں بلیک اور ریڈ چیک والی شرٹ تھی۔

وہ گھورتا ہوا شرٹ اتار کر دوسری پہننے لگا۔

"...مجھے نمرہ کے لئے گفٹ لینا ہے"

وہ آگے بڑھ کر اس کی شرٹ کے بٹن بند کرنے لگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آج ہی؟ خالہ نے بات کر لی امی سے؟"

وہ جیب میں ہاتھ ڈالتا ہوا بولا۔

"جی ہاں.. بات کر لی ہے اور جمعے کو نکاح رکھا ہے۔"

وہ اسے تفصیل سے آگاہ کرنے لگی۔

ٹھیک ہے لیکن زیادہ دیر مت لگانا۔ لڑکیوں کی شاپنگ "
"شروع ہو جائے تو پھر ختم ہی نہیں ہوتی۔

وہ اس کے بال سنوارتا ہوا بولا۔

"کتنی لڑکیوں کو شاپنگ کروا چکے ہو اب تک؟"

وہ خفا انداز میں بولی۔

"تمہارا شوہر نہایت معصوم اور شریف ہے۔"

وہ اس کی ناک دباتا ہوا بولا۔

"!اچھا جی اتنے شریف نہ"

وہ منہ بسورتی ہوئی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"چلو اب تم دیر کر رہی ہو؟"

وہ بازو پر بندھی گھڑی اس کے سامنے کرتا ہوا بولا۔

"بس دو منٹ دیں مجھے۔"

وہ کہتی ہوئی اس کے سامنے سے ہٹ گئی۔

"ہاسپٹل میں کون ہے؟"

وہ اس کے ہمراہ چلتی تعجب سے بولی۔

ان کے عقب میں سائرہ تھی۔

وہ خاموش چلتا جا رہا تھا۔

اور عدن کی پیشانی پر شکنیں بڑھتی جا رہی تھیں۔

حسنین نے کمرے کا دروازہ کھولا اور عدن کو اندر جانے کا اشارہ کیا۔

"ڈیڈ؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ متحیر سی آگے بڑھی۔

عدن کی آواز پر علی نے آنکھیں کھول دیں۔

"اب خیال آیا ہے تمہیں میرا؟"

وہ شکوہ کناں نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

"یہ کیا ہوا آپ کو؟"

وہ لاکھ برا سہی لیکن تھا تو اس کا باپ۔

"مت پوچھو... بس میرے مرنے کی دعا کرو۔"

آواز اتنی مدھم تھی کہ وہ بمشکل سمجھ پا رہی تھی۔

"نرس انہیں کیا ہوا ہے؟"

وہ ہاتھ کی پشت سے آنکھیں رگڑتی ہوئی بولی۔

" ان کی کنڈیشن بہت خراب ہے۔ہوٹل گرینڈ میں آگ لگی تھی۔ یہ بھی متاثرہ افراد میں سے ایک ہیں۔کھانے کے لیے یہ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ٹیوب لگائی ہے۔ نہ ہی حرکت کر سکتے ہیں۔ بس یوں سمجھ لیں موت کے دہانے پر کھڑے ہیں لیکن موت بھی مہربان نہیں ہو رہی.."

وہ تاسف سے بول رہی تھی۔

عدن کے الفاظ دم توڑ گئے۔

علی کی حالت قابل رحم تھی لیکن اسے سائرہ کے آنسو یاد آ گئے۔

"ڈیڈ یہ عبرت ناک انجام ہے آپ کا۔"

وہ الٹے قدم اٹھاتی ہوئی بولی۔

دروازہ کھلا اور سائرہ اندر داخل ہوئی۔

"کیوں بلایا ہے تم نے مجھے؟"

وہ سپاٹ انداز میں بولی۔

پلیز مجھے معاف کر دو... پلیز مجھے بدعا دے دو کہ میں "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"مر جاؤں۔ میں بہت تکلیف میں ہوں میری مدد کر دو۔

وہ سسک رہا تھا۔

"اللہ کرے تمہیں موت نہ آئے۔"

وہ کہتی ہوئی باہر نکل گئی۔

عدن افسوس بھری نگاہ اس پر ڈالتی باہر نکل گئی۔

خالہ آپ دوبارہ نہیں آئیں گیں اور نہ ہی کوئی بحث ہو گی "
"اب؟

حسنین چہرے پر سختی طاری کئے بول رہا تھا۔

" ...چلو"

وہ عدن کا ہاتھ پکڑتا ہوا بولا۔

حسنین میں عجیب کشمکش میں مبتلا ہو گئی ہوں... ڈیڈ کو "
دیکھ کر سمجھ نہیں آ رہا انہیں ان کے کئے کی سزا دوں یا
"اس حال میں سب بھول جاؤں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ وہیں رک گئی۔

"تم بس اس انسان کو اس کے حال پر چھوڑ دو۔"

وہ بے لچک لہجے میں بولا۔

" ...لیکن"

وہ کہنا چاہتی تھی پر خاموش ہو گئی۔

"گھر چل کر بات کرتے ہیں۔"

وہ قدم اٹھاتا ہوا بولا۔

وہ خاموشی سے اس کے ہمراہ چلنے لگی۔

~~~~~~~~

تین سال بعد:

"انیب اٹھ بھی جاؤ اب آفس سے لیٹ ہو جاؤ گے۔"

منال اسے جگانے میں ہلکان ہو رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

"کوئی بات نہیں مسز میرے باپ کا آفس ہے۔"

وہ منہ موڑتا ہوا بڑبڑایا۔

" تم نہ سیدھی طرح اٹھ جاؤ.. ریحان کو بھی یہی سیکھاؤ گے۔"

وہ خفگی سے کہتی کمرہ سمیٹنے لگی۔

" تم اتنا گند ڈالتے ہو نہ... دیکھو ذرا کیا حشر کیا ہے تم نے کمرے کا۔"

وہ صوفے سے اس شرٹس اٹھاتی ہوئی بولی۔

" تمہیں تھانے میں ہونا چائے تھا۔ ہر وقت بندے کو سولی پر لٹکائے رکھتی ہو۔"

وہ منہ بناتا ہوا اٹھ بیٹھا۔

" بندہ بھی ذرا سکون سے رہ لے نہ۔ بچے ہو گئے لیکن تم بڑے مت ہونا۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ٹیڈی اسے مارتی ہوئی بولی۔

"بچے تو نہیں ایک ہی بچہ ہے ابھی تو ہمارا.. میں نے تو فوج تیار کرنی ہے۔"

وہ ریحان کے گال پر بوسہ دیتا ہوا بولا۔

"بس یہی فضول باتیں کروا لو تم سے.... جانتے ہو تمہیں میڈل مل سکتا ہے۔"

وہ کمر پر ہاتھ رکھے کاٹ دار لہجے میں بولی۔

"تم پیار سے کچھ بھی دے دو مجھے قبول ہے۔"

وہ سینے پر ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔

"کھانا تم بناؤ گے پورا ہفتہ..."

وہ شرارت سے بولی۔

"مہربانی.. تم تو پھیل ہی جاتی ہو.. میرے شیر اٹھ بھی جاؤ پھر پاپا آفس چلے جائیں گے۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انیب اس کے گال سے اپنا گال رگڑتا ہوا بولا۔

"سونے دو اسے رات دیر تک تمہارے ساتھ جاگتا رہا تھا... بیمار پڑ جائے گا۔"

وہ متفکر سی بولی۔

"مجھ پے تو ذرا پیار نہیں آتا تمہیں... تم تو اچھے رہ گئے اتنی جلدی منال کو اپنے پیچھے لگا لیا مجھے دیکھو تین سالوں سے ذلیل ہو رہا ہوں۔"

وہ سرد آہ بھرتا ہوا بولا۔

"ناشکرے ہی رہنا تم... میں ناشتہ بنانے جا رہی ہو اور پلیز ریحان کو مت اٹھانا۔"

وہ بولتی ہوئی باہر نکل گئی۔

~~~~~~~~

"شہری چار دن بعد گھر میں قدم رکھ رہے ہو تم۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

شہری دبے قدموں اندر داخل ہو رہا تھا جب عقب سے عزہ کی آواز سنائی دی۔

"آج تم جلدی اٹھ گئی؟"

وہ دانت نکالتا ہوا بولا۔

عزہ آنکھیں سکیڑے گھورنے لگی۔

"تم دو دن کا کہہ گئے تھے اور آج پانچواں دن ہے۔"

وہ سینے پر بازو باندھے اسے دیکھ رہی تھی۔

میری جان آئم سوری.. شوٹنگ لیٹ ہو گئی تمہیں پتہ تو ہے "
"جو مرکزی کردار ہوتا سو نخرے ہوتے ان کے۔

وہ اس کے شانوں پر بازو رکھتا ہوا بولا۔

"اور فون کیوں نہیں اٹھا رہے تھے؟"

ناراضگی ہنوز برقرار تھی۔

"مجھے پتہ تھا تم ناراض ہو جاؤ گی اس لیے۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ جیب سے چین نکالتا ہوا بولا۔

"بہت چالاک ہو تم.. ساتھ میں گفٹ لے کر آتے ہو۔"

وہ اس کی ناک دباتی ہوئی بولی۔

وہ لب دبائے مسکراہٹ دباتا اس کی گردن میں چین پہنانے لگا۔

" تم سجی سنوری رہا کرو... میں چاہتا ہوں جب تمہیں دیکھوں تمہارا یہ چہرہ سامنے آئے۔"

وہ اس کا ہاتھ پکڑتا چلنے لگا۔

" میں پرسوں تیار ہی تھی لیکن تم آئے نہیں.. اچھا تم بیٹھو تھک گئے ہو گے میں سٹرونگ سی کافی لے کر آتی ہوں۔"

وہ پرجوش انداز میں بولی۔

" میڈ کو کہہ دو..."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ کوٹ اتارتا ہوا بولا۔

"نہیں تمہارا ہر کام مجھے کرنا پسند ہے۔"

وہ مسکرا کر کہتی کچن کی جانب چل دی۔

" ...بابا کی جان اٹھ جاؤ نہ"

وہ آبش کے چہرے سے بال ہٹاتا ہوا بولا۔

"ابھی نہیں بابا۔"

وہ منمنائی۔

وہ اس کے چہرے پر بوسہ دیتا عدن کی جانب آ گیا۔

"...تم بھی اٹھ جاؤ"

وہ عدن کے بالوں میں انگلیاں چلاتا ہوا بولا۔

اس نے حرکت تک نہ کی۔

"عدن اٹھ بھی جاؤ ... آج ہمیں مدرسے بھی جانا ہے۔"

وہ اس کے کان میں مدھم سرگوشی کرنے لگا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عدن نے اس کا ہاتھ پکڑ کر کروٹ لی اور اس کا ہاتھ چہرے کے نیچے رکھ لیا۔

"یہ کیا؟"

وہ اس پر جھک گیا۔

"آپ بھی سو جائیں۔"

نیند میں ڈوبی آواز گونجی۔

جی نہیں مجھے ٹائم پر جانا ہے اٹھ جاؤ اب۔ خالہ دو بار " پوچھ چکی ہیں تمہارا۔"

وہ اس کی پشت سے ٹیک لگاتا ہوا بولا۔

"آبی بھی سو رہی ہے آپ بھی آ جائیں۔"

وہ اٹھنے پر راضی نہیں تھی۔

"تنگ نہ کرو... ورنہ میں سختی سے پیش آؤں گا؟"

اب کہ وہ برہم ہوا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ...آپ بھی نہ پل میں تولہ پل میں ماشہ"

وہ بڑبڑاتی ہوئی اٹھ بیٹھی۔

"تم ایسے ہی سیدھی رہتی ہو۔"

وہ بولتا ہوا الماری کی جانب بڑھ گیا۔

"میری جان اٹھنا نہیں ہے؟"

وہ آبی کے چہرے پر بوسہ دیتی ہوئی بولی۔

" ...ماما"

وہ اسے پرے کرتی ہوئی منمنائی۔

"آپ نے اپنی طرف کر لیا ہے آبی کو۔"

وہ بیڈ سے اترتی ہوئی بولی۔

"میں نے کیسے؟"

وہ کپڑے ہاتھ میں پکڑے اس کی جانب گھوما۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"...بس کر لیا ہے نہ"

وہ گھورتی ہوئی شیشے کے سامنے آ گئی۔

"اب جلدی کر لو مجھے آفس بھی جانا ہے۔"

وہ کہتا ہوا واش روم میں چلا گیا۔

"نمرہ کیوں سیڑھیاں چڑھ رہی ہو؟"

حارب خفگی سے کہتا اس کے پاس آیا۔

" ...وہ مجھے آبی سے"

"دوبارہ تم اوپر نہیں آؤ گی۔"

وہ اس کا ہاتھ پکڑے زینے اترنے لگا۔

"تم تو مجھے کچھ بھی نہیں کرنے دیتے۔"

وہ منہ بناتی ہوئی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس حالت میں آرام ہی کرتے ہیں۔ میں نہیں چاہتا کل کو " کوئی مسئلہ ہو جائے, ہمارا بےبی صحت مند ہونا چائیے۔ عدن کو دیکھا تھا بیڈ سے پاؤں نیچے نہیں رکھنے دیا تھا "حسنین نے۔

وہ اسے ساتھ لئے کمرے میں آ گیا۔

"اچھا آپ واپس کب آئیں گے؟"

وہ بیڈ پر بیٹھتی ہوئی بولی۔

میری ابھی بات ہوئی ہے ڈرائیکٹر سے... کہہ رہا تھا جلدی " فارغ ہو جائیں گے۔ تم ٹینشن مت لو گھر میں سب ہیں تمہارا "خیال رکھیں گے۔

وہ اس کا منہ تھپتھپاتا ہوا بولا۔

ٹھیک ہے پھر آپ مجھے فون کرتے رہنا جب جب فری " "ہوں۔

ہجر کا سوچ کر دل ابھی سے اداس ہونے لگا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"یہ کہنے کی بات ہے؟"

وہ پیشانی پر بل ڈالتا ہوا بولا۔

وہ مسکراتی ہوئی نفی میں سر ہلانے لگی۔

"میں میڈ کو کہتا ہوں ناشتہ لے آئے۔"

وہ دروازے کی جانب قدم اٹھاتا ہوا بولا۔

وہ پرسکون سی بیڈ کراؤن سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئی۔

" ..مام ہم جا رہے ہیں"

عدن زینے اترتی ہوئی بولی۔

چہرے کو حجاب سے ڈھانپے مسکراتی ہوئی وہ آ رہی تھی۔

"اللہ تمہیں کامیاب کرے۔"

وہ اس کی پیشانی پر بوسہ دیتی ہوئی بولی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"خالہ کہاں ہیں؟"

وہ لاؤنج میں نظر دوڑاتی ہوئی بولی۔

آبی حسنین کی انگلی تھامے زینے اتر رہی تھی۔

عائلہ شور سن کر کچن سے نکل آئی۔

"جا رہے ہو تم لوگ؟"

وہ انہیں ریڈی دیکھ کر بولی۔

" ..جی خالہ"

عدن ان سے ملتی ہوئی بولی۔

"ہماری ڈول بھی جا رہی ہے؟"

سائرہ اسے گود میں اٹھاتی ہوئی بولی۔

"...میں بابا جانی کے ساتھ"

وہ انگلی سے اشارہ کرتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بابا کی چمچی.. آپ کو معلوم نہیں مام۔"

عدن گھورتی ہوئی بولی۔

حسنین لب دبائے مسکراہٹ دبا رہا تھا۔

آبی ناک چڑھاتی سائرہ کی گود سے اترتی حسنین کے پاس بھاگ گئی۔

"یہ تو بابا کی جان ہے۔"

وہ اسے اٹھاتا ہوا بولا۔

وہ عدن کو دیکھتی زبان چڑانے لگی۔

مام دیکھ لیں آپ اسے... دن بہ دن بدتمیز ہوتی جا رہی ہے۔"

عدن تپ کر بولی۔

"بری بات آبی... ایسے نہیں کرتے۔"

سائری سے قبل حسنین بول پڑا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"چلیں اب؟ جناب دیر نہیں ہو رہی ہے۔"

وہ ان دونوں کو دیکھتی طنزیہ بولی۔

"جی جی چلیں۔ ٹھیک ہے پھر اللہ حافظ۔"

وہ اونچی آواز میں کہتا آگے نکل گیا۔

"...اللہ حافج"

آبی ہاتھ ہلاتی توتلا کر بولی۔

حسنین آبی کو گود میں بٹھائے چہرہ اٹھائے ہوئے تھا۔

عدن سٹیج پر مائیک کے سامنے کھڑی بول رہی تھی۔

"سب لوگ جانتے ہیں میں ایسی نہیں تھی میرے اللہ نے مجھے ہدایت دی اور میری سیدھی راہ پر آ گئی آج حجاب کرتی ہوں ان شاءاللہ توفیق دی تو پردہ بھی کر لوں گی۔

کچھ لوگ سمجھتے ہیں حجاب کرنے سے خوبصورتی میں کمی آ جاتی ہے.. کیا میں خوبصورت نہیں لگ رہی؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ معدوم سا مسکرائی۔

"اور میرے نزدیک خوبصورتی سے بڑھ کر کچھ اور ہے۔ وہ ہے میرا دین, میرا خدا, میری آخرت۔

میں کوشش کروں گی اسی طرح مختلف شہروں میں مدارس بنائے جائیں جہاں لڑکیوں کو دین کی تعلیم دی جائے۔ آج کا مسلمان دین سے بہت دور ہے۔

یقین مانیں ہم لوگ دولت اور اس دنیا کی آسائشوں کے پیچھے بھاگ رہے ہیں لیکن ہاتھ کچھ بھی نہیں رہنا۔"

لمحہ بھر کو علی کا مردہ وجود سامنے آ گیا۔

کس تکلیف دہ حال میں وہ اس دنیا سے گیا۔

"یاد رکھیں مرنا ہم سب نے ہے۔ کیا میرے ایوارڈز مجھے آخرت میں بچا لیں گے؟ کیا میری دولت رشوت کا کام کر پائے گی؟ یا یہ دنیا کا ساز و سامان میں آخرت میں استعمال کر پاؤں گی؟ بلکل بھی نہیں۔ آپ میری بہن کی مثال لے لیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"...بائیس سال کی تھی وہ

وہ لمحہ بھر سانس لینے کو رکی۔

کیا لے گئی وہ یہاں سے؟ اس کی ڈگریاں, اس کی اشیاء, " اس کی جائیداد سب یہیں رہ گیا ایک چھوٹی سی چیز بھی وہ لے جا نہیں سکی۔

اور سوچیں وہ لے کر کیا گئی؟ ہم جیسے لوگ براڈ مائنڈ کا نعرہ لگاتے ہر گناہ کو عام کر رہے ہیں۔ آج کی عورت خود اپنی ذات کو بے مول کر رہی ہے۔ ہم تو خوشنصیب ہیں کہ باپ بھائی کے روپ میں ہمارے محافظ ہیں۔

یورپ کی عورت کو دیکھیں جو ایسے خوبصورت رشتوں کی محبت سے محروم ہیں۔ ان سے پوچھیں کیا کبھی ان کے ناز اٹھائے گئے؟ وہ دنیا کے دھکے کھاتی پھرتی ہیں ان کے مردوں کے پاس وقت نہیں ہر انسان اپنی زندگی میں مصروف ہے۔

اور یہاں عورت گھر میں رہتی ہے, باہر کی غلیظ دنیا سے محفوظ.. اور ہم اسی چیز کو تنگ نظری کہتے ہیں۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حسنین فخر سے اسے دیکھ رہا تھا۔

" آج کی دنیا میں نیکی کرنا کیوں مشکل لگتا ہے؟ کیونکہ ہم نے گناہوں کو اتنا عام کر دیا ہے کہ اب نیک کام کرنا خود کو دنیا سے کاٹنے کے مترادف ہے۔

ہمارا دن گناہوں سے شروع ہو کر گناہوں پر ختم ہو جاتا ہے۔ اور ہم پھر بھی بےفکر گھوم رہے ہیں۔ کوئی پرواہ ہی نہیں۔ دراصل ہم خود کو سوچنے کی زحمت نہیں دیتے۔"

وہ مسکراتی ہوئی بولی۔

" وقت کم ہے بات مختصر کروں گی۔مزید ایک چیز میں کہنا چاہوں گی کہ ہم نے حجاب کا مذاق بنانا شروع کر دیا ہے۔ ہمیں اپنے دین کی اقدار کا خیال نہیں رہا۔

آج کل بہت دیکھنے میں آیا ہے لڑکیاں حجاب کرتی ہیں پینٹ شرٹ کے ساتھ۔ میری سمجھ سے باہر ہے اگر آپ دین کو فالو کر رہی ہیں تو پھر حجاب کا مذاق کیوں بنا رہی ہیں؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسلام میں چست لباس پہننا ممنوع ہے۔ ایسا لباس جس میں جسم نمایاں ہو پہننے کی اجازت نہیں۔ میں کسی پر تنقید نہیں کر رہی ایک غلط فہمی ہے جو میں دور کرنا چاہ رہی ہوں۔

اسلام اس طرح کے لباس کی اجازت نہیں دیتا۔ اگر آپ کو لگتا ہے میں غلط کہہ رہی ہوں تو یہ بتا دیں یہ رواج آیا کہاں سے ہے؟

کیا حضور کے زمانے میں عورتیں اپنے جسم کی نمائش کیا کرتی تھیں؟ کیا ازواج مطہرات ایسا لباس؟ یہ پینٹ شرٹس اور پارٹی ڈریسز کی وبا مغرب سے آئی ہے۔ غیرمسلموں کی جانب سے۔ اور افسوس کہ ہم ایک تو گناہ کر رہے ہیں پھر ساتھ میں حجاب کر کے اس کی بھی حرمت کو پامال کر رہے ہیں۔"

وہ سرد آہ بھرتی ہوئی بولی۔

ایک کثیر تعداد تھی عورتوں اور لڑکیوں کی جو اسے سن رہی تھیں۔

ایک سب سے اہم چیز.. حجاب کیا جاتا ہے تو ہم جوڑا "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بنانے ہیں تاکہ فیس لک اچھا آئے جبکہ اسلام میں اس کی بھی ممانعت کی گئی ہے۔

جوڑا بنانے کی اجازت نہیں۔ یہ بھی گناہ ہے۔

ویگ نقلی بال جو ہم لگاتے ہیں اس کی بھی اجازت نہیں.. تو آپ دیکھ لیں ہم ایک کام سیدھا کرتے کرتے بھی ساتھ میں غلط کرتے جاتے ہیں۔

آپ حجاب لینا چاہتی ہیں تو لیں لیکن سر پر جوڑا مت بنائیں.. یقین مانیں آپ ایسے بھی اچھی ہی لگیں گیں۔ الحمدللہ میں بھی جوڑا نہیں بناتی اور کبھی میرے شوہر نے نہیں کہا "کہ عدن تم اچھی نہیں لگ رہی۔

پہلی بار اس نے حسنین پر نظر ڈالی۔ وہ مسکرا رہی تھی۔

وہ سر جھکائے مسکرانے لگا۔

اچھا کام کر رہے ہیں تو گناہ کی گنجائش مت چھوڑیں۔ "

ہمیں ایک دوسرے کی اصلاح کرنی چائیے بہت سے لوگ جانتے ہی نہیں ہیں کہ یہ گناہ ہے اور وہ انجانے میں اس گناہ کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ کچھ وقت تک میں بھی نہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جانتی تھی لیکن جب سے میرے علم میں آیا میں نے اس چیز کا خیال رکھنے کی سعی کی۔

باقی انسان خطا کا پتلا ہے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں جان بوجھ کر گناہ سرزد کریں,کوشش کرنے سے ہی ملتا ہے ہو سکتا ہے اللہ کو ہماری کوشش ہی پسند آ جائے۔ اب اجازت چاہوں گی آپ سب سے... میری دعا ہے اللہ اس مدرسے کو "کامیاب کرے۔

وہ مسکراتی ہوئی چلنے لگی۔

وہ سٹیج سے اتر کر حسنین کی جانب بڑھنے لگی۔

"بابا جانی ماما آ گئیں۔"

وہ حسنین کے منہ پر ہاتھ مارتی ہوئی بولی۔

"جی جی بابا نے دیکھ لیا ہے۔"

وہ بولتا ہوا کھڑا ہو گیا۔

"ایسے کیا دیکھ رہے ہیں؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ آبی کو پکڑتی ہوئی بولی۔

"اور تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتیں جھٹلاؤ گے۔"

بے ساختہ اس کے لبوں سے آزاد ہوا۔

"میں آپ کے لئے نعمت ہوں؟"

اسے بار بار سننے کا اشتیاق تھا۔

"کسی نعمت سے کم نہیں۔"

وہ اس کے ہمراہ قدم اٹھاتا ہوا بولا۔

بلکل.. اور یہ جو چھوٹی سی رحمت اللہ نے ہمارے گھر "
"بھیجی ہے۔

وہ آبی کے رخسار پر بوسہ دیتی ہوئی بولی۔

"ماما اب آئسکریم کھانے چلیں؟"

وہ آنکھیں ٹپٹپاتی ہوئی بولی۔

"میری جان ابھی صبح صبح کون سا پارلر کھولا ہو گا؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بولتی ہوئی گاڑی میں بیٹھ گئی۔

"بابا جانی آپ نے کہا تھا.. میں نہیں۔"

وہ منہ موڑ کر بیٹھ گئی۔

بابا کو آفس بھی تو جانا ہے نہ... رات میں چلیں گیں ماموں کے ساتھ۔"

وہ اسے بہلاتا گاڑی سٹارٹ کرنے لگا۔

"...نو جی"

وہ منہ بسورتی ہوئی بولی۔

"بابا کو تنگ نہیں کرتے بری بات۔"

عدن نے مداخلت کی۔

"آپ بھی کرتی ہو۔"

وہ ناک چڑھاتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حسنین کا جاندار قہقہ گونجا۔

عدن منہ کھولے آبی کو دیکھ رہی تھی۔

"ایسے بولتے ہیں؟"

وہ پیشانی پر بل ڈالتی ہوئی بولی۔

"ہاں جی ایسے بولتے ہیں۔"

وہ بھی اپنے باپ کی بیٹی تھی۔

"...آبی"

حسنین خفگی سے بولا۔

"...بابا جانی آئسکریم"

وہ اس کی جانب بڑھتی ہوئی بولی۔

" یہیں بیٹھی رہو مل جائے گی آئسکریم ابھی۔ حسنین کسی شاپ سے لے دیں اسے ورنہ یہ آپ کی جان نہیں چھوڑے گی؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ گھوری سے نوازتی ہوئی بولی۔

حسنین نے سڑک کے کنارے پر گاڑی روکی۔

"میں آتا ہوں۔"

وہ کہتا ہوا باہر نکل گیا۔

"آپ نے دادو کو تنگ نہیں کرنا اوکے؟"

عدن اس کی پونی درست کرتی ہوئی بولی۔

"کیوں؟"

وہ آنکھیں سکیڑتی ہوئی بولی۔

"کیوں کا کیا مطلب ہے؟ سارا دن دادو کو بھگاتی رہتی ہو تھک جاتی ہیں وہ۔"

وہ خفگی سے بولا۔

"تو کیا ہوا؟"

وہ عدن انگوٹھی کو چھیڑتی ہوئی بولی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Sulaghtein Rahein | By Hamna Tanveer(Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بابا جانی ہی سمجھا سکتے آپ کو۔"

وہ کلس کر بولی۔

"!میلی آئسکریم"

وہ حسنین کے ہاتھ سے لیتی ہوئی چہکی۔

"تم اسٹیج پر کھڑی بہت اچھی لگ رہی تھی۔"

وہ سٹیرنگ پر ہاتھ رکھتا عدن کو دیکھ رہا تھا۔

"ویسے اچھی نہیں لگتی؟"

وہ آبرو اچکا کر بولی۔

"جب تنگ کرتی ہو پھر بلکل بھی اچھی نہیں لگتی۔"

وہ ہنکار بھرتا ہوا بولا۔

"لیکن آپ تو مجھے ہمیشہ ہی اچھے لگتے ہو؟ پتہ ہے جل بھن کر بھی مجھ سے بات کرو نہ مجھے فرق نہیں پڑتا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اپنی حماقت پر ہنس دی۔

تمہارا یہی پاگل پن مجھے پسند ہے جس کا حقدار صرف " میں ہوں۔"

وہ آہستہ سے بولا۔

آبی شیشے سے پار دیکھتی آئسکریم کھانے میں محو تھی۔

"آپ کی یہ داڑھی بہت ظالم ہے۔"

وہ ہاتھ بڑھا کر اس کی داڑھی کو چھوتی ہوئی بولی۔

حسنین کی سنہری آنکھیں مزید چمکنے لگیں۔

آج بھی اس کی شیو بڑھی ہوئی تھی۔ ہلکے بھورے رنگ کی داڑھی اس پر خوب جچتی تھی۔

"بابا جانی وہ دیکھیں؟"

آبی تقریباً چلاتی ہوئی مڑی۔

عدن نے فوراً ہاتھ نیچے کر لیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کیا بابا کی جان؟"

وہ آگے ہوتا ہوا بولا۔

عدن کی خفت سے وہ محظوظ ہو رہا تھا۔

" ..کیمل (اونٹ)"

وہ پوری آنکھیں کھولے مسکراتی ہوئی بولی۔

"آبی کو پسند ہیں نہ؟"

وہ باہر دیکھتا ہوا بولا۔

"ہم گھر لے کے جائیں گے اسے؟"

وہ مزے لیتی ہوئی بولی۔

حسنین نے آگے بڑھ کر اس کے بالوں پر بوسہ دیا۔ تو عدن نے اس کے بالوں پر اپنے لب رکھ دئیے۔

وہ دھیرے سے مسکرانے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ختم شد....



Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہوگا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel